لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED

مجھے ہے حکم اذان لاالہ الااللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

جلد: 19 | جمعۃ المبارک 2 اکتوبر 2026ء 1448ھ 19 ربیع الثانی 18 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 249

www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

بھارت نے ایک اور فالز فلیگ آپریشن کا ڈرامہ رچایا، ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھانڈا پھوڑ دیا

بھارت نے دعویٰ کیا ہے کہ محمد آصف ایس ایس جی کا حوالدار ہے، بھارتی کور نے بعد میں کہا کہ ہلاک دہشت گرد موسیٰ عرف آصف فوجی ہے، بھارت نے دعویٰ کیا ہے کہ سپرمین آصف نے مختلف علاقوں میں حملے کیے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری

آج کا ہندوستان اب انکاؤنٹراستان بن چکا ہے، ہمارا سوال ہے کہ ریٹائرڈ حوالدار محمد آصف سے متعلق بھارت نے فالس فلیگ آپریشن کیوں کیا؟ آپریشن شیرانوالی میں بڑی کامیابی ملی ہے

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ 29 ستمبر کو بھارت نے ایک اور فالز فلیگ آپریشن کا ڈرامہ رچایا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ بھارتی فوج کی جانب سے ایک اور فالز فلیگ آپریشن سٹیج کیا گیا ہے، 29 ستمبر کی رات کو بھارتی کور نے ایک ٹویٹ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ بھارتی کور نے دعویٰ کیا کہ ایک دہشت گرد مارا گیا ہے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی: ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری پریس کانفرنس کرتے ہوئے

وفاقی آئینی عدالت نے رولز جاری کر دیے، اہم قانونی معاملات کی وضاحت

جن میں توہین عدالت، نظر ثانی درخواستوں، سزائے موت، التوا، آرٹیکل 63A کے تحت اپیلوں، زبانی دلائل، بینچوں کی تشکیل اور وکلا سے متعلق قواعد وضع کیے گئے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت کے 126 صفحات پر مشتمل رولز پبلک کر دیے گئے، جن میں توہین عدالت، نظر ثانی درخواستوں، سزائے موت، التوا، آرٹیکل 63A کے تحت اپیلوں، زبانی دلائل، بینچوں کی تشکیل اور وکلا سے متعلق قواعد وضع کیے گئے ہیں۔ رولز کے مطابق وفاقی آئینی عدالت توہین عدالت کا ازخود نوٹس لے سکے گی، جبکہ کسی بھی شخص کی جانب سے دائر درخواست پر بھی توہین عدالت کی کارروائی چلائی جا سکے گی۔ اسی طرح بے بنیاد یا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 2)

پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کی منظوری دے دی

بیرسٹر گوہر کی سربراہی میں اجلاس، لانگ مارچ، صوبائی حکومت کیخلاف وفاقی حکومت کے اقدام سمیت اہم امور زیر غور آئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف سیاسی کمیٹی نے 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کی منظوری دے دی۔ پی ٹی آئی کے ذرائع کے مطابق چیئرمین بیرسٹر گوہر کی سربراہی میں سیاسی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں لانگ مارچ، صوبائی حکومت کے خلاف وفاقی حکومت کے اقدام (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 3)

قومی معیشت اب صنعت کاری اور برآمدات میں اضافہ پر مبنی پائیدار ترقی اور روزگار پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کی متقاضی ہے، معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے نجی شعبے اور سرمایہ کاروں کا کردار کلیدی ہے

تعمیراتی صنعت کا فروغ ملکی معیشت اور روزگار کیلئے ازحد ضروری ہے

وزیراعظم

معاشی حالات کی بہتری میں سیاسی اور عسکری قیادت کا باہمی تعاون نہایت اہم ہے، حکومت نے سنجیدگی کے ساتھ طویل عرصے سے زیر التوا اصلاحات کو عملی جامہ پہنایا ہے، پاکستان انشااللہ دنیا کے نقشے پر ایک طاقتور معیشت بن کر ابھرے گا، وزیراعظم کا تقریب سے خطاب

اب اصل ضرورت یہ ہے کہ پاکستان کی معیشت میں گروتھ دکھائی جائے اور یہ بنیادی طور پر برآمدات پر مبنی گروتھ کے ذریعے ہونی چاہیے۔ اس سے روزگار، پیداواری روزگار، پیداوار، اشیا اور خدمات کی ترسیل اور برآمدات میں اضافہ ہوگا

لاہور اور کراچی میں اسی اسٹرکچر کے اندر رہتے ہوئے تعمیر کیے گئے پروجیکٹس انتہائی قابل تعریف ہیں، کیپٹل مارکیٹ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس میں بہت اچھی پرفارمنس ہے، تاہم اب بھی اس میں کچھ سقم اور کمزوریاں ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے معاشی استحکام کو ٹیم ورک اور مسلسل محنت کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومی معیشت اب صنعت کاری اور برآمدات میں اضافہ پر مبنی پائیدار ترقی اور روزگار پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کی متقاضی ہے، معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے نجی شعبے اور سرمایہ کاروں کا کردار کلیدی ہے، تعمیراتی صنعت کا فروغ ملکی معیشت اور روزگار کیلئے ضروری ہے، معاشی حالات کی بہتری میں سیاسی اور عسکری قیادت کا باہمی تعاون نہایت اہم ہے، حکومت نے سنجیدگی کے ساتھ طویل عرصے سے زیر التوا اصلاحات کو عملی جامہ پہنایا ہے، پاکستان انشااللہ دنیا کے نقشے پر ایک طاقتور معیشت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر6)

اہم خبریں

وزیراعظم کا ماہانہ معاشی آؤٹ لک رپورٹ میں ملکی معیشت کے اہم اشاریوں میں بہتری کا خیر مقدم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ماہانہ معاشی آؤٹ لک رپورٹ میں ملکی معیشت کے اہم اشاریوں میں بہتری کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ترسیلاتِ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 5)

اسحاق ڈار کی زیرصدارت اجلاس، بیرون ملک مشنز کے کام کو بہتر بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پاکستان کے بیرون ملک مشنز کے انتظام کے لیے حکمت عملی اور ایکشن پلان تیار کرنے والی کمیٹی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر4)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف نیا ناظم آباد اپارٹمنٹس کی لسٹنگ کے موقع پر پاکستان سٹاک ایکسچینج میں منعقدہ گونگ تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے

عوام کو صحت کی سہولیات فراہم کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے

مریم نواز

مریم میڈیکل کالج میانوالی اور ٹیچنگ ہسپتال میانوالی کے قیام کی منظوری، مریم نواز میڈیکل کالج میانوالی کا منصوبہ بھی تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے، اور رواں سال کے دوران کلاسز کا اجرا ممکن ہوگا

میانوالی سمیت پنجاب کے 33 اضلاع میں موبائل پولیس اسٹیشنز کا آغاز کر دیا گیا ہے اور پنجاب کے مزید 8 اضلاع میں بھی موبائل پولیس اسٹیشنز کا جلد آغاز کر دیا جائے گا

میانوالی (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مریم میڈیکل کالج میانوالی اور ٹیچنگ ہسپتال میانوالی کے قیام کی منظوری کے بعد منصوبوں کی تکمیل جلد مکمل کرنے کی ہدایت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 7)

معاشی ترقی میں سرمایہ کاروں کی شراکت ڈھائی سال میں دوگنا سے زائد بڑھ گئی

وزیر خزانہ

معاشی ترقی کے لیے مالیاتی استحکام بنیادی ضرورت تھی، اب میکرو اکنامک استحکام کو پائیدار بناتے ہوئے بوم اینڈ بسٹ سائیکل ختم کرنا ہوگا، محمد اورنگزیب

وزیراعظم اپنا گھر پروگرام میں 60 ارب روپے جاری کیے جا چکے ہیں، جبکہ بینکنگ انڈسٹری نے اس سلسلے میں 340 ارب روپے کی منظوری دے دی ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ملکی معاشی ترقی میں سرمایہ کاروں کی شراکت ڈھائی سال میں دوگنا سے زائد بڑھ چکی ہے۔ پاکستان سٹاک (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 13)

وزیراعظم کا شہریوں کو ان کی دہلیز پر تیز، شفاف اور معیاری خدمات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ

عوام کو سرکاری خدمات کے حصول کیلئے دفاتر کے چکر لگانے کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے، محمد شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شہریوں کو ان کی دہلیز پر تیز، شفاف اور معیاری خدمات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو سرکاری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 8)

— لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں —

وفاقی وزیر نے نیشنل لائبریری میں "بیونڈ دی سلیبس" لیکچر سیریز کا افتتاح کر دیا، عوامی خدمت کا بنیادی مقصد عوام کی خدمت اور ان کی ضروریات کو دیانت داری، پیشہ ورانہ مہارت اور خلوص کے ساتھ پورا کرنا ہونا چاہیے، اورنگزیب کھچی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے نیشنل لائبریری آف پاکستان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 9)

جدہ میں پاکستانی کاروباری برادری کی وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے ملاقات، سرمایہ کاری اصلاحات اور کاروباری سہولتوں کا خیر مقدم

جدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ کے اعزاز میں جدہ میں پاکستانی کاروباری شخصیات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر10)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مری ڈویلپمنٹ پلان کے مختلف منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

پاکستان ایران پر تمام قابل اطلاق امریکی پابندیوں کی پاسداری کرتا ہے: ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان، ایران اور امریکا کے درمیان رابطوں میں سہولت کاری کا کردار ادا کر رہا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان ایران پر تمام قابل اطلاق امریکی پابندیوں کی پاسداری کرتا ہے، پاکستان بین الاقوامی اور ملکی قوانین کے مطابق (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 11)

کشمیر پر بھارتی دعوے حقائق نہیں بدل سکتے، پاکستانی سفیر

جموں وکشمیر نہ بھارت کا اٹوٹ انگ ہے اور نہ کبھی رہا ہے، یہ متنازع علاقہ ہے، عدیل ممتاز کھوکھر

جنیوا (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے سفیر عدیل ممتاز کھوکھر نے کہا ہے کہ حقائق کا سامنا کرنے پر بھارت جواب دینے کے بجائے موضوع بدل دیتا ہے اور امید کرتا ہے کہ اصل سوالات غائب ہو جائیں گے، لیکن ایسا نہیں ہوگا۔ عدیل ممتاز کھوکھر نے خطاب کے دوران کہا کہ جموں وکشمیر نہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر12)

ریاست کو یرغمال بنانے اور لانگ مارچ کی سیاست کی اجازت نہیں دی جائے گی، عظمیٰ بخاری

یہ لوگ اسلام آباد آئیں گے تو بہت سارے سرپرائز ان کا انتظار کر رہے ہوں گے، جس دن چاند چڑھے گا دنیا دیکھے گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز کے عوامی فلاحی منصوبوں کی گونج پورے ملک میں سنائی دے رہی ہے، اپوزیشن نے سڑکیں ناپنے کے بجائے اپنے صوبے میں ترقیاتی منصوبے بھی بنائے ہوتے، وزیراعلیٰ مریم نواز کا وسائل نچلی سطح تک پہنچانے کا عزم عملی شکل اختیار کر چکا ہے، لاہور میں 29 جنوری سے 7 فروری تک بسنت منائی جائے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 14)

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پاکستان اور عالمی امن کے موضوع پر منعقدہ قومی مکالمے سے خطاب کرتے ہوئے

غیر احاطہ شدہ لیبر فورس کیلئے پنشن اصلاحات پر کابینہ کمیٹی کا اجلاس، طویل مدت میں مالی پائیداری کو یقینی بنانے کے مختلف پہلوؤں پر غور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ گھریلو ملازمین، زرعی کارکنوں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 15)

زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری حکومت کی معاشی پالیسیوں، مالی نظم وضبط اور بیرونی شعبے کے بہتر انتظام کا نتیجہ ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری حکومت کی معاشی پالیسیوں، مالی نظم وضبط اور بیرونی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 16)

بلوچستان، شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن، متعدد دہشتگرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے خوارج کے متعدد ٹھکانے اور سرنگیں تباہ کر دیں، بارودی مواد برآمد

آپریشن غضب للحق کے تسلسل میں فضائی کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گرد مارے گئے، وزارت اطلاعات ونشریات

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیکیورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے سنی اور وزیرستان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 27)

گورنر راج لگا تو ہم ہر آپشن استعمال کریں گے، بیرسٹر گوہر

قومی اسمبلی سے استعفوں کا فیصلہ نہیں ہوا، مضبوط وفاق کے لیے خودمختار صوبہ بہت ضروری ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریکِ انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ایمرجنسی یا گورنر راج سے حالات مزید خراب ہو جائیں گے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم گورنر راج کی مذمت کریں گے، گورنر راج لگا تو ہم ہر آپشن استعمال کریں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ قومی اسمبلی سے استعفوں کا فیصلہ نہیں ہوا، مضبوط وفاق کے لیے خودمختار صوبہ بہت ضروری ہے۔

محمود خان اچکزئی کا وزیراعظم کو خط کا جواب دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے وزیراعظم کو خط کا جواب (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 28)

وزیراعظم کا ملائیشین ہم منصب کو ٹیلی فون، وزیراعظم انور ابراہیم کے بڑے بھائی کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم نے پاکستان اور ملائیشیا کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور بالخصوص اقتصادی تعاون کو فروغ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 30)

اپوزیشن اتحاد کی حکومت کی مذاکرات کی پیشکش، بات چیت کیلئے رضامندی ظاہر کردی

شہباز شریف سے ملنے کیلئے کسی درخت کے نیچے بیٹھ جاں گا وزیراعظم ہاؤس نہیں جاؤں گا، اچکزئی

پاکستان کے ساتھ کھڑے رہے مگر آپ آواز دباتے رہے ہمیں نہیں سنا، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اپوزیشن اتحاد نے حکومت کی مذاکرات کی پیشکش قبول کرتے ہوئے بات چیت کے لیے رضامندی ظاہر کر دی۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن اتحاد کا اہم اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزائی اور علامہ راجہ ناصر عباس سمیت دیگر رہنما شریک تھے۔ اجلاس میں لانگ مارچ کے حوالے سے تفصیلی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب پاکستان سٹاک ایکسچینج میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

ARIF HABIB DOLMEN
PAKISTAN STOCK EXCHANGE LIMITED
Gong Cerem
to mark the listing
AZIMABAD APART

پاکستان عالمی تنازعات کا حصہ کیوں بنا، جائزہ لینے کی ضرورت ہے

سپیکر پنجاب اسمبلی

معاشی وسیاسی مسائل کے حل کیلئے خود احتسابی ضروری، ریاست کے طور پر پاکستان کی شناخت کا تعین خود پاکستانی قوم کی ترجیح اور فیصلہ ہے

خود کو صلح جو ریاست کے طور پر پیش کرنے کی صورت میں ہماری شناخت بھی اسی بنیاد پر ہوگی، سپیکر ملک محمد احمد خاں کی گفتگو

لاہور (راجہ کوکب سے) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ معاشی اور سیاسی مسائل کے حل کیلئے خود احتسابی ضروری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر17)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی مراکش کی پہلی خاتون وزیراعظم فاطمہ زہرا المنصوری کو مبارکباد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے فاطمہ زہرا المنصوری کو مراکش کی پہلی خاتون وزیراعظم مقرر ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 23)

وزیر داخلہ کا دورہ نیشنل پولیس اکیڈمی، جاری ترقیاتی واپ گریڈیشن منصوبوں کا معائنہ اور زیرِ تربیت افسران کے لیے تیار ماڈل رومز کا جائزہ لیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے جاری ترقیاتی واپ گریڈیشن منصوبوں کا معائنہ کیا اور زیرِ تربیت افسران (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 22)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی چینی قیادت، نیشنل پیپلز کانگریس اور عوام کو قومی دن کی مبارکباد

چینی عوام کی ثابت قدمی، اتحاد اور ناقابلِ تسخیر جذبے کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں، اسپیکر سردار ایاز صادق

چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) پاک چین معاشی تعاون کا اہم منصوبہ ہے

اسلام آباد (عباس ملک سے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا چین کے 77ویں قومی دن پر پیغام۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی چینی قیادت، نیشنل پیپلز کانگریس اور عوام کو قومی دن کی مبارکباد۔ اسپیکر سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ چینی عوام کی ثابت قدمی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 24)

حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان درپردہ مذاکرات جاری، ناکامی پر گورنر راج بھی زیرِغور ہے، رانا ثنااللہ

کوئی بھی حتمی فیصلہ مکمل آئینی عمل اور پارلیمنٹ کی منظوری سے مشروط ہوگا، مشیر وزیراعظم

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنااللہ نے انکشاف کیا ہے کہ 4 اکتوبر کے احتجاج کو روکنے کے لیے حکومت اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں کے درمیان آف دی ریکارڈ مذاکرات جاری ہیں تاہم ناکامی کی صورت میں خیبر پختونخوا میں گورنر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 25)

وزیراعظم کے پابند نہیں، لیوی ختم نہ ہوئی تو زیادہ قوت سے مارچ کریں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

کے پی میں گورنر راج جیسے اقدامات سے حالات مزید خراب ہو جائیں گے

صومالیہ میں تین پاکستانیوں کی شہادت حکومت کی نااہلی ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے واضح کیا ہے کہ وزیراعظم جماعت اسلامی سے بات چیت کریں نہ کریں اس سے غرض نہیں، اپنے وعدے کے مطابق عوام کو ریلیف دیں، فی لیٹر پٹرول پر ایک سو پچیس روپے کی لیوی اور دیگر ٹیکسز ختم کیے جائیں، (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 26)

وزیر برائے بحری امور سے برآمد کنندگان کے وفد کی ملاقات

خطے میں شپنگ روٹس کی تبدیلی کے باعث درپیش مشکلات سے آگاہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری سے تین رکنی برآمد کنندگان کے وفد نے ملاقات کی اور خطے میں شپنگ روٹس کی تبدیلی کے باعث درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔ جمعرات کو وزارت سے جاری بیان کے مطابق وفد نے بتایا کہ طویل شپنگ روٹس کے باعث یورپی اور امریکی منڈیوں تک پاکستانی مصنوعات کی ترسیل کے اخراجات اور وقت میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 18)

نوجوانوں کو ہنرمند اور معاشی طور پر خودمختار بنانا وزیراعظم یوتھ پروگرام کا مقصد ہے، رانا مشہود احمد

لاہور (سٹاف رپورٹر) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں وزیراعظم یوتھ پروگرام اور گرین یوتھ موومنٹ کے اشتراک (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر20)

وزیراعظم پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں پاکستان ریلویز کا بڑا مالی بریک تھرو

بادامی باغ لاہور میں 125 گوداموں کی نیلامی کامیابی سے مکمل، سالانہ آمدن میں 358.6 فیصد اضافہ

پاکستان ریلویز کے قیمتی اثاثوں کو مؤثر انداز میں بروئے کار لا کر آمدن میں اضافہ کیا جا رہا ہے، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان ریلویز نے وزیراعظم پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں اپنے مالی وسائل میں اضافے اور اثاثوں کے مؤثر استعمال کی جانب ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے بادامی باغ لاہور میں 125 گوداموں کی نیلامی کامیابی سے مکمل کر لی ہے۔ نیلامی کے نتیجے میں ان گوداموں سے پاکستان ریلویز کی سالانہ آمدن 72.2 ملین روپے سے بڑھ کر 331.08 ملین روپے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر19)

وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس میں خیبر پختونخوا کی صورتحال پر صدرِ مملکت آصف زرداری سے مشاورت کا فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت اجلاس میں خیبر پختونخوا کی صورتحال پر صدرِ مملکت آصف زرداری سے مشاورت کا فیصلہ کیا گیا۔ پاکستان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کیبنٹ کمیٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

ڈپٹی ڈائریکٹر ریونیو واسا محمد افتخار سے چیئرمین سوشل میڈیا نیٹ ورک ضلع وزیر آباد و سینئر صحافی شکیل اعوان کی زیرِ قیادت بابائے صحافت پریس کلب کے صحافیوں کے وفد نے ملاقات کی

ڈپٹی ڈائریکٹر ریونیو واسا محمد افتخار سے چیئرمین سوشل میڈیا نیٹ ورک ضلع وزیر آباد و سینئر صحافی شکیل اعوان کی زیرِ قیادت بابائے صحافت پریس کلب کے صحافیوں کے وفد نے ملاقات کی

وزیر آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی ڈائریکٹر ریونیو واسا محمد افتخار سے چیئرمین سوشل میڈیا نیٹ ورک ضلع وزیر آباد و سینئر صحافی شکیل اعوان کی زیرِ قیادت بابائے صحافت پریس کلب کے صحافیوں کے وفد نے ملاقات کی، جس میں شہریوں کو درپیش واسا کے بلوں سے متعلق مسائل، عوامی شکایات اور ان کے فوری ازالے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ ؟ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران صحافیوں نے شہریوں کی جانب سے واسا کے جاری کردہ بلوں کے حوالے سے موصول ہونے والی شکایات سے ڈپٹی ڈائریکٹر ریونیو کو آگاہ کیا۔ وفد نے بتایا کہ بعض شہری بلوں میں مبینہ غلطیوں، زائد یا غیر متوقع واجبات اور بلوں کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

ڈسکہ اور نواحی علاقوں میں گلے اور چھاتی کی وائرل انفیکشن میں اضافہ، شہریوں کی بڑی تعداد متاثر

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ اور نواحی علاقوں میں گلے اور چھاتی کی وائرل انفیکشن میں اضافہ، شہریوں کی بڑی تعداد متاثر۔ ڈاکٹر جمشید اکبر آرائیں نے بتایا کہ موسم میں تبدیلی، گرد و غبار اور آلودگی کے باعث ڈسکہ اور نواحی علاقوں میں گلے اور چھاتی کی وائرل انفیکشنز میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، جس کے باعث شہریوں کی ایک بڑی تعداد نزلہ، زکام، گلے میں خراش، کھانسی، بخار اور سانس کی تکلیف میں مبتلا ہو رہی ہے۔ انہوں نے شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ غیر ضروری طور پر ہجوم والی جگہوں پر جانے سے گریز کیا جائے، کھانستے یا چھینکتے وقت منہ اور ناک کو ڈھانپا جائے اور ہاتھوں کو بار بار صابن سے دھویا جائے۔ ٹھنڈی اشیاء اور بہت زیادہ ٹھنڈے مشروبات سے پرہیز کرتے ہوئے گرم اور صاف پانی کا استعمال کیا جائے۔ ڈاکٹر جمشید اکبر نے کہا کہ مریض خود سے اینٹی بائیوٹک یا دیگر ادویات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

غلہ منڈی کی جامعہ مسجد کے دیرینہ اور اہم مسائل کے حل کے سلسلے میں انتظامیہ کی کوششیں رنگ لے آئیں

گکھڑ (نامہ نگار) غلہ منڈی کی جامعہ مسجد کے دیرینہ اور اہم مسائل کے حل کے سلسلے میں انتظامیہ کی کوششیں رنگ لے آئی ہیں۔ جامعہ مسجد کمیٹی نے صاف پانی کی فراہمی سمیت دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے معروف شخصیت جناب چوہدری شاذاب سردار چیمہ سے خصوصی درخواست کی تھی، جس پر انہوں نے فوری اور فخریہ اقدام کرتے ہوئے مسجد میں ایک ملین (دس لاکھ) روپے سے زائد لاگت سے جدید فلٹریشن پلانٹ لگانے کا اعلان کیا ہے۔ نمازیوں اور اہلیانِ علاقہ نے اس فلاحی اقدام پر انتہائی مسرت کا اظہار کیا ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی جب غلہ منڈی کی اس جامع مسجد میں سولر انرجی سسٹم نصب کرنے کا پروگرام بنایا گیا تھا، تو اس وقت بھی چوہدری شاذاب سردار چیمہ نے بڑھ چڑھ کر مالی تعاون کیا تھا اور بھرپور حصہ ڈالا تھا۔ جامعہ مسجد غلہ منڈی کی انتظامیہ اور اہلیانِ علاقہ نے ان کی اس دینی و سماجی خدمات اور فیاضی پر تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ جناب چوہدری شاذب سردار چیمہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

مرکزی انجمن تاجران شورکوٹ کا اجلاس، بابا سردار جگجیت سنگھ نائب صدر مقرر

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) مرکزی انجمن تاجران شورکوٹ کا اجلاس صدر محمد یوسف جھنگوی کی زیرِ صدارت ان کے ڈیرہ پر منعقد ہوا، جس میں شہر کے مختلف بازاروں کے عہدیداران اور تاجروں نے شرکت کی اجلاس کا قادری، چیئرمین چوہدری عتیق الرحمٰن، جوائنٹ سیکرٹری راشد علی چوہدری، چوہدری عبدالرحمٰن کوآرڈینیٹر سمیت مختلف بازاروں کے صدور اور عہدیداران نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر محمد یوسف

آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت سیکرٹری اطلاعات ونشریات عابد حسین بھٹی نے حاصل کی اجلاس میں جنرل سیکرٹری چوہدری ارشد جٹ، فنانس سیکرٹری رانا عاصم، سینئر نائب صدر محمد اشرف جھنگوی، جنرل سیکرٹری چوہدری ارشد جٹ اور سینئر نائب صدر محمد اشرف قادری نے کہا کہ اجلاس کا مقصد تاجر برادری کے مسائل کے حل کے لیے مشاورت کرنا ہے تاجروں کے حقوق (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

عوام کی سہولت اور درست وزن کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ IPWM اوکاڑہ کی جانب سے ضلع بھر میں مختلف مقامات پر سچا کنڈا اسٹالز قائم کر دیے گئے

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر) ڈائریکٹر جنرل انڈسٹریز پنجاب ذیشان شبیر رانا کی خصوصی ہدایات پر عوام کی سہولت اور درست وزن کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ IPWM اوکاڑہ کی جانب سے ضلع بھر میں مختلف مقامات پر سچا کنڈا اسٹالز قائم کر دیے گئے ہیں، جہاں شہری اپنی خریدی گئی اشیاء کا وزن خود چیک کر سکتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ آفیسر (IPWM) و پرائس کنٹرول مجسٹریٹ خالد جاوید بھٹی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ سچا کنڈا اسٹالز کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ سخاوت علی، سید نصرت عباس شاہ اور نیامت شہزاد، اسسٹنٹ انسپکٹر ویٹس اینڈ میئرز بھی موجود تھے۔ خالد جاوید بھٹی نے صدر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ عمران زاہد کھوکھر سمیت دیگر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سچا کنڈا اسٹالز قائم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

جزبوں کی شاعرہ معظّمہ نقوی کا دوسرا شعری مجموعہ

تمثیلہ لطیف

جزبوں کی شاعرہ معظّمہ نقوی کا دوسرا شعری مجموعہ "شبِ زیستم" انٹرنیشنل ایڈیشن منظرِ عام پر آ گیا۔

آپ کے دوسرے شعری مجموعے کی اس منفرد آمد پر ملکی و غیر ملکی ادبی حلقوں کی جانب سے مبارکباد کا سلسلہ جاری۔۔۔۔۔

ادب کے زینے کو ہر لحظہ تیز رفتاری سے عبور کرنے والی جزبوں کی شاعرہ ملکۂ سخن، بارشوں کی شاعرہ مضبوط صنفِ نازک جیسے خطابات پانے والی ادیبہ، شاعرہ کی پانچویں کتاب "شبِ زیستم" انٹرنیشنل ایڈیشن حال ہی میں منظرِ عام پر آئی۔ جس کی اشاعت و تدوین پریس فار پیس یو۔کے کے تعاون سے ہوئی۔ یہ کتاب معظّمہ نقوی کی شعری مختلف اصناف کا خوب صورت مجموعہ ہے۔ اچھوتے موضوعات پر بولتے لفظوں کا یہ شہکار مجموعہ آپ کی کہنہ مشق سخن اور شبانہ روز کاوشوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔۔ جس پر نامور ملکی و غیر ملکی ادبی قد و قامت رکھنے والی شخصیات کی آراء درج ہیں۔ ادبی حلقوں کی جانب سے معظّمہ نقوی کے اس دیوان کو نہ صرف سراہا جا رہا ہے بلکہ قوی اُمید کی جا رہی ہے کہ ادب کے میدان میں بیک وقت شعری و نثری اصناف میں شہرہ پانے والی یہ ادیبہ شاعرہ اپنے قلم سے اردو ادب کی آبیاری کے لیے یونہی ہمہ تن گوش رہیں گی۔ واضح رہے کہ معظّمہ نقوی کا شمار اپنے شہر کی اُن قابلِ فخر شخصیات میں ہوتا ہے جن کو نہایت قلیل مدت میں ملکی و غیر ملکی ادبی تنظیموں کی جانب سے اب تک سو سے زائد اعزازات سے نوازا جا چکا ہے۔ جن میں پاکستان کا سب سے بڑا سِول ایوارڈ اور افتخارِ ادب میڈل بھی شامل ہیں۔

لالیاں کے علاقہ میں کار سوار مسلح افراد نے موٹر سائیکل سوار دو افراد پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں دونوں کزن موقع پر جاں بحق

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) لالیاں کے علاقہ میں کار سوار مسلح افراد نے موٹر سائیکل سوار دو افراد پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں دونوں کزن موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ واقعہ کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ کا مقدمہ عدنان حفیظ کی مدعیت میں دو نامزد اور تین نامعلوم ملزمان کے خلاف تھانہ لالیاں میں درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمہ میں نبیل احمد بالا اور شیر سمند کو نامزد کیا گیا ہے۔ مقدمہ کے متن کے مطابق ملزم نبیل بالا نے مبینہ طور پر اپنے والد کے قتل کا بدلہ لینے کے لیے دونوں افراد کو قتل کیا۔ پولیس کے مطابق 2018 میں نبیل بالا کے والد قتل ہوئے تھے، جس کے مقدمہ میں موجودہ دونوں مقتولین نامزد تھے۔ مقدمہ کے متن کے مطابق مذکورہ کیس میں ظفر حیات کو سزائے موت جبکہ محمد حیات کو بری کیا گیا تھا، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

شہید انجینیئر رب یار ایکسین لیسکو کی ناگہانی وفات پر صحافتی تعزیتی اجلاس منعقد

شیر گڑھ (نامہ نگار) شہید انجینیئر رب یار ایکسین لیسکو کی ناگہانی وفات پر صحافتی تعزیتی اجلاس منعقد؛ دعائے مغفرت کی گئی؛ رپورٹ کیمطابق شیر گڑھ پریس کلب رجسٹرڈ، قائد اعظم پریس کلب حجرہ، پاکستان پریس کلب راجوال، بہاول شیر پریس کلب حجرہ، ہم خیال پریس کلب حجرہ، جناح پریس کلب چوک شاہ مقیم، اتحاد پریس کلب رینالہ، عوامی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

مسلح ڈاکوؤں نے ایک شخص سے موبائل فون اور قیمتی کاغذات چھین لئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) دو مسلح ڈاکوؤں نے ایک شخص سے موبائل فون اور قیمتی کاغذات چھین لئے۔ گذشتہ رات نواحی گاؤں سنت پورہ کا غلام مرتضیٰ اپنے ڈیرہ پر جا رہا تھا کہ بیگ پور روڈ سیم نالہ پر ناکہ لگائے دو مسلح ڈاکو اُس سے موبائل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے پانچ افراد پکڑے گئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے پانچ افراد پکڑے گئے۔ گذشتہ روز صدر اور ایمن آباد پولیس نے گیپکو کے ایس ڈی اوز کی درخواستوں پر ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے پاک ٹاؤن کے محمد عمران، دیوان روڈ کے محمد عاطف، محلّہ ککے زئی کے محمد سرفراز، مشتاق ٹاؤن کے عامر شہزاد اور کوٹ رفیق (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرا لی گئیں

کاموکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرا لی گئیں۔ گذشتہ رات نواحی گاؤں دھنگ کے زمیندار نصر اللہ خان کے کھیتوں سے نامعلوم چور بجلی کی موٹر چوری کر کے لے گئے۔ جبکہ راجباہ کے طارق محمود کے کارخانہ کا میٹر بجلی چوری کر لیا گیا۔ پولیس نے مقدمات درج کر لیے ہیں۔

سب انسپکٹر محسن حسن، سب انسپکٹر آصف نواز ہمراہی ٹیم نے خفیہ اطلاع پر مضرِ صحت گوشت کی سپلائی کو ناکام بنا دیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او تھانہ لنگرانہ سب انسپکٹر محسن حسن، سب انسپکٹر آصف نواز ہمراہی ٹیم نے خفیہ اطلاع پر مضرِ صحت گوشت کی سپلائی کو ناکام بنا دیا۔ گاڑی سے 200 کلو غیر معیاری، مضرِ صحت گوشت برآمد کر لیا۔ ویٹرنری آفیسر کی چیکنگ کے بعد غیر معیاری، مضرِ صحت گوشت کو تلف کر دیا گیا۔ تھانہ لنگرانہ میں پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

ڈبل تنخواہ وصول کرنے کے مقدمہ میں ڈاکٹر کو 4 سال قید، ایک لاکھ روپے جرمانہ

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈبل تنخواہ وصول کرنے کے مقدمہ میں ڈاکٹر کو 4 سال قید، ایک لاکھ روپے جرمانہ، اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ چنیوٹ کے مقدمہ نمبر 2020/04 میں عدالت نے ڈاکٹر محمد شبیر، میڈیکل آفیسر (BS-18)، کو سزا سنا دی اینٹی کرپشن حکام کے مطابق ملزم پر سرکاری ملازمت کے دوران دوہری تنخواہ وصول کرنے اور سرکاری خزانے کو 54 لاکھ 97 ہزار 739 روپے کا نقصان پہنچانے کا الزام تھا ڈپٹی پراسیکیوٹر قیصر منظور گوندل کی بہترین کیس فائٹ کے بعد اور کامیاب ٹرائل کے بعد اسپیشل جج اینٹی کرپشن فیصل آباد قیصر نذیر بٹ نے ڈاکٹر محمد شبیر کو 4 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی عدالت نے سرکاری خزانے کو پہنچنے والے 54 لاکھ 97 ہزار 739 روپے کی رقم بھی سرکاری خزانے میں جمع کرانے کا حکم دیا۔

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹر وے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایت سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر غیر قانونی ایل پی جی شاپس کے خلاف کارروائیاں

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر غیر قانونی ایل پی جی شاپس کے خلاف کارروائیاں، 2 دکانیں سیل، فائر سیفٹی کے غیر نامکمل انتظامات پر پٹرول پمپ سیل، سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیر نگرانی غیر قانونی ایل پی جی فلنگ شاپس اور بغیر فائر سیفٹی چلنے والے پٹرول پمپس کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلہ میں محکمہ سول ڈیفنس کی ٹیموں نے مختلف مقامات پر مفاد عامہ کے تحت کارروائیاں کرتے ہوئے 2 غیر قانونی ایل پی جی دکانوں کو سیل کر دیا جبکہ فائر سیفٹی کے ناقص اور نامکمل انتظامات پر 1 پٹرول پمپ کو بھی موقع پر سیل کر دیا گیا ہے۔ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر نے کہا ہے کہ تمام ایل پی جی ڈیلرز شاپس مالکان کو تنبیہ کی گئی ہے کہ غیر قانونی اور غیر معیاری سلنڈروں کی ری فلنگ فوری طور پر بند کر دیں۔ ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا تاخیر کارروائی کی جائے گی اور بھاری جرمانے بھی عائد کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صرف ایل پی جی شاپس ہی نہیں، بلکہ تمام پٹرول پمپس اور آئل ایجنسیوں کو بھی فائر سیفٹی کے مکمل انتظامات کا پابند بنایا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

پاکستان کی سب سے فعال بینکار تنظیم ڈسکہ بینکرز کلب کے انتخابات حافظ شبیر حسین صدر حافظ محمد خلیل جنرل سیکرٹری منتخب

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان کی سب سے فعال بینکار تنظیم ڈسکہ بینکرز کلب کے انتخابات حافظ شبیر حسین صدر حافظ محمد خلیل جنرل سیکرٹری منتخب تفصیل کے مطابق ڈسکہ بینکرز کلب کے سال 26-27ء کیلئے انتخابی عمل گزشتہ روز مکمل ہو گیا متفقہ طور پر چیئرمین محمد ندیم سینئر وائس چیئرمین عمران ریاض صدر حافظ شبیر حسین سینئر نائب صدر فیصل خاں درانی نائب صدر مرزا عمران خالد جنرل سیکرٹری حافظ محمد خلیل فنانس سیکرٹری عاصم محمود بٹ جوائنٹ سیکرٹری یاسر چیمہ جبکہ ناصر حسین علوی کو سیکرٹری اطلاعات منتخب کیا گیا چیف مینیجر نیشنل بینک واجد علی ساہی اور چیف الیکشن کمشنر محمود صادق چیمہ نے نو منتخب عہدیداران کا اعلان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

ننکانہ صاحب: مسلح ملزمان مختلف مقامات پر شہریوں سے گن پوائنٹ پر، نقدی، موٹر سائیکلیں، موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان چھین کر فرار ہو گئے

ننکانہ صاحب (نمائندہ روز نامہ سحر) ننکانہ صاحب میں ڈاکوؤں کا راج، مختلف علاقوں میں ڈکیتی کی چار وارداتوں کے دوران نامعلوم مسلح ڈاکو شہریوں سے لاکھوں روپے مالیت کی نقدی، موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز سمیت دیگر قیمتی سامان چھین کر فرار ہو گئے تفصیلات کے مطابق چک نمبر 567 گ ب ضلع فیصل آباد کے رہائشی اللہ رکھا اپنے تین ساتھیوں کے ہمراہ مزدا ٹرک پر مویشی خریدنے کے لیے جا رہے تھے کہ تھانہ صدر ننکانہ کے علاقے میں حبیب بھٹی فلنگ اسٹیشن کے قریب تین نامعلوم مسلح ملزمان نے انہیں روک لیا اور اسلحہ کے زور پر 9 لاکھ روپے نقدی چھین کر موٹر سائیکل پر فرار ہو گئے۔ دوسری واردات تھانہ واربرٹن کے علاقے ریلوے اسٹیشن کے قریب پیش آئی، جہاں ریٹائرڈ اے ایس آئی عبدالجبار کا 18 سالہ بیٹا احمد رضا غلہ منڈی واربرٹن سے اپنے گھر احاطہ سوڈیاں جا رہا تھا کہ دو نامعلوم مسلح افراد نے اسے گن پوائنٹ پر روک لیا اور ایک ہزار روپے نقدی، 53 ہزار روپے مالیت کا موبائل فون اور ایک لاکھ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

شہریوں کو گرین پراپرٹی سٹیفکیٹ کی سہولت فراہم کرنے کے لیے دیہی مرکز مال ڈسکہ میں 15 روزہ گرین پراپرٹی سٹیفکیٹ کیمپ کا آغاز کر دیا گیا

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر کی ہدایت پر شہریوں کو گرین پراپرٹی سٹیفکیٹ کی سہولت فراہم کرنے کے لیے دیہی مرکز مال ڈسکہ میں 15 روزہ گرین پراپرٹی سٹیفکیٹ کیمپ کا آغاز کر دیا گیا، کیمپ انچارج محمد راشد رفیق اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ محمد عمر نواز چیمہ کی نگرانی میں قائم کیا گیا ہے، جہاں شہریوں کو گرین پراپرٹی سٹیفکیٹ کے حصول کے لیے ضروری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں انچارج ریکارڈ سنٹر محمد راشد رفیق نے بتایا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق شہریوں کو گرین پراپرٹی سٹیفکیٹ کے حصول میں آسانی فراہم کرنے کے لیے خصوصی کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے یہ کیمپ دیہی مرکز مال ڈسکہ میں 15 روز تک جاری رہے گا، جہاں شہری آ کر اس سہولت سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ کیمپ کے قیام کا مقصد شہریوں کو ان کی دہلیز کے قریب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

ایکسین لیسکو رب یار پھلروان فائرنگ سے جاں بحق، مریدکے میں افسوسناک واقعہ

حجرہ چوک (چوہدری غلام رسول) لیسکو کے فرض شناس ایکسین رب یار پھلروان کو مریدکے میں جی ٹی روڈ پر منوں آباد کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا، وہ مریدکے کے ڈویژن دفتر میں فرائض انجام دینے کے بعد اپنی گاڑی میں لاہور واقع اپنی رہائش گاہ کی جانب روانہ ہوئے تھے کہ راستے میں مبینہ طور پر گھات لگائے مسلح افراد نے ان کی گاڑی کو نشانہ بنا کر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں رب یار پھلروان کو متعدد گولیاں لگیں اور وہ شدید زخمی ہونے کے باعث موقع پر ہی دم توڑ گئے، فائرنگ کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہو گئے، اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرتے ہوئے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا، پولیس ذرائع کے مطابق مقتول لیسکو سرکل مریدکے میں ایکسین کے عہدے پر تعینات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا تحصیل رینالہ خورد کا دورہ، انہوں نے صفائی ستھرائی کے امور کا تفصیلی معائنہ کیا

منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن ''ڈرگ فری پنجاب'' کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ محمد والا سب انسپکٹر ارسلان ظفر، اے ایس آئی اظہر اقبال نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار منشیات فروش ملزم کے قبضہ سے 1100 گرام چرس برآمد ہوئی۔ ملزم کیخلاف تھانہ محمد والا میں منشیات کی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہو چکا اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ اپنی نسلوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے ضلع بھر عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ منشیات کے مقدمات کی معیاری تفتیش کو یقینی بناتے ہوئے ملزمان کو سزائیں دلوائی جا رہی ہیں۔

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ اینٹی سموگ کمیٹی کا اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ اینٹی سموگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں سموگ کی روک تھام اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل واثق عباس ہرل، اسسٹنٹ کمشنر شائستہ جبین، ڈپٹی ڈائریکٹر انوائرمنٹ ڈاکٹر حنا ستار، ڈی ایس پی ٹریفک خرم شہزاد، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے، ڈی او آئی پی ڈبلیو، سی او ضلع کونسل وایم سی سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر انوائرمنٹ ڈاکٹر حنا ستار نے ضلع میں اینٹی سموگ اقدامات، ماحولیاتی آلودگی کی صورتحال اور متعلقہ محکموں کی جانب سے کی جانے والی کارروائیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں سموگ کی روک تھام کے لیے مختلف محکموں کے باہمی تعاون، صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کی نگرانی اور ماحولیاتی قوانین پر مؤثر عملدرآمد کے امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے متعلقہ افسران (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ڈسپیوٹ ریزولیوشن کمیٹی کا اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈسپیوٹ ریزولیوشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد احمد علی، ایس پی انویسٹی گیشن، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی ایس پیز، متعلقہ ریونیو افسران اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف نوعیت کے تنازعات، جائیدادوں سے متعلق معاملات اور شہریوں کی جانب سے پیش کی جانے والی درخواستوں کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے تنازعات کے حل، پراپرٹیز اصل حقداران تک پہنچانے اور ناجائز قابضین کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کے حوالے سے مختلف امور پر غور کیا۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے کہا کہ شہریوں کو ان کے حقوق کی فراہمی اور جائیدادوں سے متعلق تنازعات کا بروقت حل ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ متعلقہ افسران درخواستوں اور کیسز پر قانون کے مطابق شفاف انداز میں کارروائی کرتے ہوئے اصل حقداران کو ریلیف فراہم کریں۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے کہا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات سال 2026/28 کا عمل مکمل ہو گیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات سال 2026/28 کا عمل مکمل ہو گیا اور الیکشن کمیشن کی جانب سے منتخب ہونے والے عہدیداران کا اعلان کر دیا گیا جس میں دانش نعیم فخری نئے صدر منتخب ہو گئے جبکہ سینئر نائب صدر ملک شہباز اختر اور نائب صدر چوہدری شہباز یامین منتخب ہو گئے ادارہ ایوان صنعت وتجارت چنیوٹ میں جنرل سیکرٹری کے فرائض حافظ عمار نے انجام دے رہے ہیں جبکہ ایگزیکٹو ممبران میں یوسف عثمان الٰہی، معظم علی، محمد ندیم، فاروق احمد، عظیم فخری، چوہدری عبدالحمید، محمد طاہر ایوب، عبدالحمید تبسم، سرور علی چوہدری، شہزاد سلیم، سید حسن علی شاہ، سمیرا یاسمین ایگزیکٹو ممبر منتخب ہوئے، حاجی محمد رضوان، عامر صدیقی اور الطاف حسین ملک نے نئے منتخب ہونے والے عہدیداران کا اعلان کیا اس موقع پر شہر کی کاروباری شخصیات چوہدری رضوان سونی آرائیں، واجد شاہ، عزیز الرحمٰن، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا تحصیل رینالہ خورد کا دورہ، انہوں نے صفائی ستھرائی کے امور کا تفصیلی معائنہ کیا

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا تحصیل رینالہ خورد کا دورہ، انہوں نے صفائی ستھرائی کے امور کا تفصیلی معائنہ کیا اور ستھرا پنجاب مہم کے تحت ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ستھرا پنجاب حکام کو عوام کو صفائی ستھرائی کی معیاری سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام ممکنہ اقدامات اور مانیٹرنگ میکانزم کے تحت فرائض کی ادائیگی پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ستھرا پنجاب ویژن کے تحت ضلع کا ہر کونہ صاف ستھرا بنایا جائے گا۔ ویسٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

ڈپٹی کمشنر کا RHC شیر گڑھ پر اچانک چھاپہ، تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لیا؛ سہولیات کو مزید بہتر بنانے کی ہدایات

شیر گڑھ (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کا RHC شیر گڑھ پر اچانک چھاپہ، تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لیا ؛سہولیات کو مزید بہتر بنانے کی ہدایات ؛ رپورٹ کیمطابق محمد اکرام ملک ڈپٹی کمشنر اوکاڑا نے شیر گڑھ رورل ہیلتھ سنٹر کا سرپرائز وزٹ کیا عملہ کی حاضری چیک کی، صفائی ستھرائی کو جانچا، ادویات کا ریکارڈ چیک کیا ہسپتال میں موجود مریضوں اور انکے لواحقین سے حاصل سہولیات بابت باز پرس کر کے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سہولیات کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی محمد اکرام ملک ڈپٹی کمشنر نے کہا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

توجہ برائے نمائندگان، نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS — ABC CERTIFIED — روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چوہدری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا آر ایچ سی شیر گڑھ کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا آر ایچ سی شیر گڑھ کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا آر ایچ سی شیر گڑھ کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ، انہوں نے ہیلتھ سنٹر میں صفائی ستھرائی کا بھی جائزہ لیا اور میڈیکل ریکارڈ اور ادویات کے سٹاک کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر مریضوں کو دستیاب سہولیات اور انتظامی امور پر متعلقہ سٹاف کی ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ عوام کو معیاری اور مفت طبی سہولیات حکومت پنجاب کا ویژن ہے۔ ہسپتالوں میں صفائی کے امور کی تسلسل سے مانیٹرنگ کی جائے۔ محمد اکرام ملک نے مزید کہا کہ ادویات کا وافر سٹاک ہر وقت موجود رہنا چاہیے۔ ڈاکٹرز اور تمام سٹاف اپنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

اوکاڑہ محکمہ ماحولیات نے ایس او پیز کی خلاف ورزی پر اینٹوں کے بھٹوں کے خلاف کارروائیاں جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ محکمہ ماحولیات نے ایس او پیز کی خلاف ورزی پر اینٹوں کے بھٹوں کے خلاف کارروائیاں جاری، 2 بھٹوں کے خلاف ایف آئی آرز درج، میٹریل تلف، ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات محمد جہانتاب اختر کی زیر نگرانی حویلی لکھا تحصیل دیپالپور میں ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 2 بھٹوں کے بھٹوں کا میٹریل تلف کر دیا گیا جبکہ مالکان کے خلاف ایف آئی آرز درج کرا دی گئی ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات نے کہا کہ فضائی آلودگی اور سموگ کا باعث بننے والے عناصر کے خلاف چیکنگ اور کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اور زگ زیگ ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد نہ کرنے والے بھٹہ مالکان کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی بھی جاری رکھی جائے گی۔ محمد جہانتاب اختر نے کہا کہ حویلی لکھا میں ایس او پیز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

ننکانہ صاحب: فوڈ اتھارٹی کا ملاوٹ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن، 19 لاکھ سے زائد جرمانے

ننکانہ صاحب (نمائندہ روز نامہ سحر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ضلع بھر میں ملاوٹ اور ناقص اشیائے خورونوش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 156 فوڈ پوائنٹس کو جرمانے، چار مقدمات درج اور 12 یونٹس بند کر دیے۔ 156 فوڈ پوائنٹس کو مجموعی طور پر 19 لاکھ 23 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے جبکہ چار مقدمات درج اور 12 یونٹس بند کر دیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران ایک ہزار 365 لٹر ملاوٹی دودھ، 570

کلوگرام سے زائد ممنوعہ و ایکسپائر اشیاء، ناقص آئل اور بیوریجز موقع پر تلف کیے گئے۔ متعدد مقامات پر انتہائی ناقص صفائی، کیڑے مکوڑوں کی بھرمار اور گندے پانی کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14) بند کر دیے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی نے ڈی جی فوڈ اتھارٹی منصور احمد کے حکم پر ماہ ستمبر کے دوران ضلع بھر میں ایک ہزار 425 فوڈ پوائنٹس اور یونٹس کی چیکنگ کی گئی۔ قوانین کی خلاف ورزی پر

نوشہرہ ورکاں تھانہ کوٹ لدھا سمیت گوجرانوالا کے مختلف علاقوں میں 3 پولیس مقابلے، 1 جنسی درندہ ہلاک، 2 ریکارڈ یافتہ ملزمان زخمی

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے نوشہرہ ورکاں تھانہ کوٹ لدھا سمیت گوجرانوالا کے مختلف علاقوں میں 3 پولیس مقابلے، 1 جنسی درندہ ہلاک، 2 ریکارڈ یافتہ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار تھانہ کینٹ پولیس مقابلہ: 7 سالہ معصوم بچی کو سکول میں جنسی زیادتی کا نشانہ بنانے والا درندہ سکول چوکیدار اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک سی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کا فوری نوٹس، ڈویژنل ایس پیز سے رپورٹ طلب۔ تھانہ کینٹ پولیس مقابلہ: 7 سالہ معصوم بچی کو سکول میں جنسی درندگی کا نشانہ بنانے والا درندہ سکول چوکیدار اشفاق عرف پھا کی اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک، ملزم جسمانی ریمانڈ پر تھا جسے دوران برآمدگی 2 کس نامعلوم ملزمان نے حراست سے چھڑوانے کے لیے پولیس پر فائرنگ کی، نامعلوم ملزمان فرار ہونے میں کامیاب تھانہ کوٹ لدھا پولیس کارروائی؛ منشیات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

دین اسلام پھیلانے اور معاشرے کی اصلاح میں دینی مدارس و مساجد اور خانقاہوں کا بنیادی کردار ہے، حاجی عبدالرشید

کاموکے (تحصیل رپورٹر) جمعیت علماء پاکستان تحصیل کاموکے کے صدر حاجی عبدالرشید نے کہا ہے کہ دین اسلام پھیلانے اور معاشرے کی اصلاح میں دینی مدارس و مساجد اور خانقاہوں کا بنیادی کردار ہے، معمولات زندگی کو اللہ و رسول کی خوشنودی کو مدنظر رکھ کر سرانجام دینا عبادت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اولیاء کاملین فیض محمدی کا پرچار کرتے ہیں جس سے انسان اپنے خالق کو پہچانتا ہے، صوفی ازم اسلام کا حقیقی چہرہ ہے جو امن و محبت اور احترام انسانیت کا درس دیتا ہے، حقوق اللہ کے ساتھ حقوق (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

سی ای او جی ڈبلیو ایم سی/ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی عبدالرزاق ڈوگر کا یونین کونسل نمبر 10 بڈھا گورایہ نوشہرہ ورکاں کا دورہ

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے سی ای او جی ڈبلیو ایم سی/ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی عبدالرزاق ڈوگر کا یونین کونسل نمبر 10 بڈھا گورایہ نوشہرہ ورکاں کا دورہ، صفائی آپریشن، عملہ کی حاضری اور ویسٹ کلیکشن کے انتظامات کا جائزہ، فیلڈ ٹیموں کو کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ہدایت۔ اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال نے صفائی ستھرائی کی صورت حال چیک کرنے کے لیے وارڈ 3۔ وارڈ نمبر 4 کا دورہ کیا وارڈ 3 کے ٹھیکدار روڈ کا وزٹ کیا سپروائزر کو ہدایت کی کہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی خفیہ اداروں کی اطلاع پر بروقت کارروائی، جعلی معروف مصالحہ برانڈ کی تیاری، سامان ضبط

عارف والہ (کرائم رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی خفیہ اداروں کی اطلاع پر بروقت کارروائی، جعلی معروف مصالحہ برانڈ کی تیاری، سامان ضبط، مقدمہ درج، تفصیل کے مطابق، معروف برانڈ کے نام پر جعلی مصالحہ جات تیار کرنے کی کوشش ناکام ہو گئی، پنجاب فوڈ اتھارٹی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران بڑی مقدار میں جعلی مصالحہ جات، خام مال اور جعل سازی میں استعمال ہونے والی مشینری پکڑی گئی، موقع پر سامان ضبط اور جعلی مصنوعات تلف جبکہ ایک شخص گرفتار کر لیا گیا، مقدمہ بھی درج کرا دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ملاوٹ سے پاک پنجاب ویژن کے تحت شہریوں کو محفوظ، معیاری اور ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی راجہ منصور احمد اور ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی ہدایات پر ڈپٹی ڈائریکٹر پنجاب فوڈ اتھارٹی کی سربراہی میں فوڈ سیفٹی ٹیم نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر غلہ منڈی، ساہیوال روڈ عارف والا میں کارروائی کی، جہاں معروف برانڈ نیشنل فوڈز کے نام اور پیکنگ میٹریل کے غیر قانونی استعمال کے ذریعے جعلی مصالحہ جات تیار کیے جا رہے تھے۔ کارروائی کے دوران فوڈ سیفٹی ٹیم نے پہلے موقع پر موجود مشینری اور پیکنگ میٹریل قبضے میں لیا، جس میں 2 فلنگ مشینیں، 2 سیلنگ مشینیں، ایک ایئر کمپریسر، پیکنگ فلم، 5 کلوگرام خالی پیکنگ باکسز اور 25 خالی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

لوئر باری دوآب نہر میں آبادی ڈیراں کے قریب نوجوان نے نہر چھلانگ لگا کر ڈوبنے والے نوجوان کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) لوئر باری دوآب نہر میں آبادی ڈیراں کے قریب نوجوان نے نہر چھلانگ لگا کر ڈوبنے والے نوجوان کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن تیسرے دن بھی جاری۔ نہر لوئر باری دوآب آبادی ڈیراں کے قریب 21 سالہ نوجوان کی ڈوبنے کی اطلاع، کالر کے مطابق نوجوان گھریلو پریشانی کے باعث نہر میں چھلانگ لگائی اور ڈوب گیا، اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیموں کو سرچ آپریشن کے لیے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)



پاکستان تحریک انصار کو ضلع گجرات میں مزید فعال کرینگے گلزار احمد نوشی انصاری

میں مرکزی قیادت کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں جنہوں نے مجھ پر اعتماد کرتے ہوئے مجھے ضلع گجرات کی صدارت کی ذمہ داری سونپی، انہوں نے کہا میں قیادت کے اعتماد کو اپنی برادری کی خدمت اور تنظیم کی مضبوطی کے لیے استعمال کروں گا،

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) پاکستان تحریک انصار ضلع گجرات کے صدر گلزار احمد نوشی انصاری نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ میں مرکزی قیادت کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں جنہوں نے مجھ پر اعتماد کرتے ہوئے مجھے ضلع گجرات کی صدارت کی ذمہ داری سونپی، انہوں نے کہا میں قیادت کے اعتماد کو اپنی برادری کی خدمت اور تنظیم کی مضبوطی کے لیے استعمال کروں گا، انہوں نے کہا ان شاء اللہ یکم اکتوبر کے بعد ضلع گجرات کے مختلف علاقوں سرائے عالمگیر، ڈنگہ کڑیانوالا، ٹانڈہ، جلال پور جٹاں گجرات اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان ستھرا پنجاب کے حوالہ سے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

سیالکوٹ ضلع بھر میں محکمہ ہیلتھ کی مبینہ ملی بھگت عطائی ڈاکٹروں کی میڈیکل سٹوروں کی آڑ میں غیر قانونی پریکٹس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) سرکل سمیت ضلع بھر میں جعلی میڈیکل سٹوروں کی آڑ میں کھلے عام کواکری محکمہ ہیلتھ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کی مبینہ ملی بھگت سے روڑس امیر پکورہ موڑ سمبڑیال رندھیر موڑ بیگووالہ کلووال تانبرے کپورووالی کنگرا روڈ اڈا اسرور آباد سمبڑیال سلطان پورہ عبداللہ ٹبہ اگوکی ساہووالہ بھگوال اور گردونواح میں عطائی ڈاکٹروں کی کھلے عام پریکٹس جاری مبینہ طور پر محکمہ ہیلتھ ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

اوکاڑہ: قائم مقام ڈی پی او حافظ خضر زمان شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا کر عوام کو ریلیف دینے کے ساتھ ساتھ طویل المدتی ترقی کی بنیاد مضبوط کر رہی ہے۔ محمد ارشد ملک

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) پاکستان مسلم لیگ ن کے ایم پی اے و چیئرمین قائمہ کمیٹی قانون و انصاف محمد ارشد ملک نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک کو درپیش چیلنجز سے بخوبی آگاہ ہے اور حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا کر عوام کو ریلیف دینے کے ساتھ ساتھ طویل المدتی ترقی کی بنیاد مضبوط کر رہی ہے۔ عوام نے ہمیشہ ترقی، استحکام اور خوشحالی کی سیاست کو پذیرائی دی ہے اور پاکستان مسلم لیگ (ن) بھی عوامی خدمت کے اسی سفر کو جاری رکھے گی مربوط حکمت عملی، مسلسل محنت اور موثر حکومتی اقدامات کے ذریعے پاکستان کو معاشی استحکام، ترقی اور خوشحالی کی منزل تک پہنچانے اور میاں محمد نواز شریف کے پاکستان کو ایشین ٹائیگر بنانے کے وژن کی تکمیل کیلئے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ ساتھ عوام کو بھی ملکی استحکام و ترقی کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا جب معاشرے میں ہر شخص اپنے فرائض ایمانداری سے ادا کرے اور دوسروں کے حقوق کا احترام کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ (ن) لیگ نے ہمیشہ مشکل حالات میں ریاستی اداروں کو مضبوط بنانے، معیشت کو بحران سے نکالنے، ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کی سیاست کی ہے۔ حکومت کی معاشی حکمت عملی کا بنیادی مقصد صرف وقتی طور پر مالی مشکلات پر قابو پانا نہیں بلکہ ملکی معیشت کی بنیادیں مضبوط کرنا ہے۔

بہاولنگر نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، تاجر جاں بحق

بہاولنگر (محمد جاوید چوہدری سے) بہاولنگر نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ، تاجر جاں بحق تفصیلات کے مطابق بہاولنگر کے علاقے ماڈل ٹاؤن میں فیصل میرج ہال کے قریب نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے تاجر کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص شدید زخمی ہوا، جسے طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ جانبر نہ ہو سکا پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت شوکت کے نام سے ہوئی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

شیر گڑھ کے تمام بینکوں، پوسٹ آفس اور آن لائن اداروں نے بجلی کے بل وصولی سے انکار کر دیا

شیر گڑھ (نامہ نگار) شیر گڑھ کے تمام بینکوں، پوسٹ آفس اور آن لائن اداروں نے بجلی کے بل وصولی سے انکار کر دیا شہری دیگر شہروں کی برانچز میں سفر طے کر کے ادائیگی پر مجبور؛ مکینوں کا احتجاج؛ رپورٹ کیمطابق شیر گڑھ میں پوسٹ آفس نیشنل بینک آف پاکستان، HBL، زرعی بینک کیساتھ ساتھ کئی پرائیویٹ آن لائن ادارے پہلے یوٹیلیٹی بلز وصول کرتے تھے مگر بدقسمتی سے گزشتہ 6 ماہ سے NBP، پوسٹ آفس وغیرہ نے بجلی سمیت تمام یوٹیلیٹی بلز وصولی سے انکار کر دیا جبکہ اقساط والے بل پرائیوٹ آن لائن مراکز پر شو ہی نہیں ہوتے وہاں چیک کرنے پر ٹوٹل بل ادائیگی کیلئے آتا ہے اسلئے وہ بھی جمع نہیں کرتے اسلئے شہری 50 کلومیٹر سے زائد کا سفر طے کر کے راجوال، حجرہ، رینالہ، اوکاڑا کے NBP سمیت دیگر بینکوں میں جا کر جمع کروا رہے ہیں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ راجوال برانچ بجلی کے بل وصول کر رہی ہے تو شیر گڑھ NBP کیوں انکاری ہے لیسکو نے ریکوری مہم بھی تیز کر رکھی ہے واپڈا اہلکار شیر گڑھ و گردونواح سے لاکھوں کے بلز اکٹھا کر کے راجوال برانچ میں جا کر جمع کرواتے ہیں جو کہ ایک رسک بھی ہے خدانخواستہ بغیر سیکورٹی بھاری رقم لیجاتے راستے میں واردات کا بھی اندیشہ ہوتا ہے شہریوں نے میاں محمد شہباز شریف وزیراعظم، مرکزی صدر نیشنل بینک آف پاکستان، پوسٹ ماسٹر جنرل پنجاب، وفاقی محتسب اعلیٰ، ودیگر ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ کی اعلیٰ سطحی انکوائری کی جائے اور شیر گڑھ میں موجود NBP برانچ، ڈاکخانہ، HBL، زرعی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایگزیکٹو ممبران کا اجلاس منعقد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایگزیکٹو ممبران کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں مقامی تاجروں اور کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے علاوہ FBR کے احکامات، بلاجواز انوائسز اور بے جا نوٹسز پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں مقامی فیلڈ ملازمین کی جانب سے مبینہ طور پر بلاجواز دو گاڑیوں کو روک کر ڈرائیورز سے انوائس طلب کرنے اور جرمانہ کرنے پر شدید احتجاج کیا۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ مجوزہ قانون شوگر. فرٹیلائزر کی نقل وحمل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

حکومت پنجاب کی جانب سے سرکاری اداروں میں ڈیجیٹلائزیشن کو فروغ دیا جارہا ہے، سید محمد عباس شاہ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب کی جانب سے سرکاری اداروں میں ڈیجیٹلائزیشن کو فروغ دیا جارہا ہے، جس کا مقصد دفتری نظام کو مزید مؤثر، تیز رفتار اور عوام دوست بنانا ہے۔ سید محمد عباس شاہ۔ ای فائلنگ اینڈ آفس آٹومیشن سسٹم (FOAS-e) کے حوالے سے تربیتی سیشن ڈی سی کمپلیکس بہاولنگر کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے تمام سرکاری محکموں کے افسران و اہلکاروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تربیتی سیشن میں شرکاء کو FOAS-e کے مختلف پہلوؤں، الیکٹرانک فائل کی تیاری، فائل کی آن لائن موومنٹ، پراسیسنگ، منظوری اور ڈیجیٹل ریکارڈ کو محفوظ رکھنے کے طریقہ کار کے حوالے سے تفصیلی تربیت فراہم کی گئی۔ شرکاء کو سسٹم کے عملی استعمال اور روزمرہ دفتری امور کو ڈیجیٹل طریقہ کار کے تحت انجام دینے کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے کہا کہ سرکاری دفاتر میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے، FOAS-e کے مؤثر استعمال سے دفتری امور میں تیزی، شفافیت اور مؤثر مانیٹرنگ کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے تمام محکموں کے افسران (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

ڈائریکٹر جنرل لیبر پنجاب محترمہ کلثوم حئی کی جانب سے لیبر کوڈ کے حوالے سے مختلف لیبر تنظیموں کے نمائندگان کو بریفنگ دی گئی

عارفوالا (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل لیبر پنجاب محترمہ کلثوم حئی کی جانب سے لیبر کوڈ کے حوالے سے مختلف لیبر تنظیموں کے نمائندگان کو بریفنگ دی گئی اس موقع پر صنعتی مزدور اتحاد پاکستان سے منسلک مختلف یونینز کے رہنماؤں نے شرکت کی اجلاس میں محترم قائد جناب شیخ محسن الیاس، محترم جناب بلال احمد سیال، محترم جناب ناصر محمود، محترم جناب محمد رمضان اور محترم جناب غلام حیدر جوائیہ سمیت دیگر مزدور رہنماؤں نے شرکت کی اجلاس کے دوران لیبر کوڈ کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اور مزدور تنظیموں کے نمائندگان نے محنت کشوں کے حقوق، روزگار کے تحفظ اور لیبر قوانین سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

اوکاڑہ نماز کے بعد گھر لوٹتے قتل، عدالت نے مجرم کو عمر قید سنا دی

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ نماز کے بعد گھر لوٹتے قتل، عدالت نے مجرم کو عمر قید سنا دی ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ عابد زبیر نے مجرم رفیع الدین کو سزا سنائی 2025ء میں پسند کی شادی کی حمایت کرنے پر غلام مصطفیٰ کو قتل کر دیا گیا عدالت نے مجرم پر 05 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا جرمانہ کی عدم ادائیگی پر مزید 6 ماہ قید (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ستھرا پنجاب مینجمنٹ کا اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیر صدارت ستھرا پنجاب مینجمنٹ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات اور ستھرا پنجاب پروگرام کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایم ڈی ستھرا پنجاب واثق عباس ہرل، مینیجر ستھرا پنجاب حمزہ، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیل مینیجرز اور متعلقہ کنٹریکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تحصیل وار صفائی آپریشن، ورکرز کی کارکردگی، مختلف علاقوں میں صفائی کی صورتحال اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سروسز کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ہدایت کی کہ تمام تحصیل مینیجرز اور کنٹریکٹرز اپنی متعلقہ تحصیلوں میں اسسٹنٹ کمشنرز کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں اور اپنی ذمہ داریوں کا مکمل ادراک کرتے ہوئے صفائی کے نظام کو مؤثر بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

ویٹرنری آفیسر کی چیکنگ کے بعد غیر معیاری، مضر صحت گوشت کو تلف کر دیا گیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او تھانہ لنگرانہ سب انسپکٹر محسن حسن، سب انسپکٹر آصف نواز ہمراہی ٹیم نے خفیہ اطلاع پر مضر صحت گوشت کی سپلائی کو ناکام بنا دیا۔ گاڑی سے 200 کلو غیر معیاری، مضر صحت گوشت برآمد کر لیا۔ ویٹرنری آفیسر کی چیکنگ کے بعد غیر معیاری، مضر صحت گوشت کو تلف کر دیا گیا۔ تھانہ لنگرانہ میں پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا اور ایک ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران بڑی مقدار میں جعلی مصالحہ جات، خام مال اور جعل سازی میں استعمال ہونے والی مشینری پکڑی گئی

عارفوالا (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق معروف برانڈ کے نام پر جعلی مصالحہ جات تیار کرنے کی کوشش ناکام، پنجاب فوڈ اتھارٹی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران بڑی مقدار میں جعلی مصالحہ جات، خام مال اور جعل سازی میں استعمال ہونے والی مشینری پکڑی گئی، موقع پر سامان ضبط اور جعلی مصنوعات تلف جبکہ ایک شخص گرفتار کر لیا گیا، مقدمہ بھی درج کرا دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ملاوٹ سے پاک پنجاب ویژن کے تحت شہریوں کو محفوظ، معیاری اور ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی راجہ منصور احمد اور ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی ہدایات پر ڈپٹی ڈائریکٹر پنجاب فوڈ اتھارٹی کی سربراہی میں فوڈ سیفٹی ٹیم نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر غلہ منڈی، ساہیوال روڈ عارفوالا میں کارروائی کی، جہاں معروف برانڈ نیشنل فوڈز کے نام اور پیکنگ میٹریل کے غیر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

ڈائریکٹر جنرل لیبر پنجاب محترمہ کلثوم حئی کی جانب سے لیبر کوڈ کے حوالے سے مختلف لیبر تنظیموں کے نمائندگان کو بریفنگ دی گئی

قائم مقام ڈی پی او اوکاڑہ حافظ خضر زمان نے تھانہ طیب سعید شہید میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) قائم مقام ڈی پی او اوکاڑہ حافظ خضر زمان نے تھانہ طیب سعید شہید میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں مرد و خواتین شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہریوں نے اپنے مسائل، شکایات اور درخواستیں براہِ راست قائم مقام ڈی پی او کے سامنے پیش کیں۔ قائم مقام ڈی پی او حافظ خضر زمان نے شہریوں کی شکایات کو غور سے سنا اور متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری اور قانونی حل کے لیے موقع پر ضروری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی درخواستوں پر میرٹ اور قانون کے مطابق کارروائی کو یقینی بنایا جائے اور بلاوجہ تاخیر سے گریز کیا جائے۔ حافظ خضر زمان نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا فوری اور قانونی حل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں کو پولیس افسران تک براہِ راست رسائی فراہم کرنا اور ان کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران بڑی مقدار میں جعلی مصالحہ جات، خام مال اور جعل سازی میں استعمال ہونے والی مشینری پکڑی گئی

اوکاڑہ میں پی ایم اے ہاؤس میں ڈاکٹرز کی جانب سے پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ میں پی ایم اے ہاؤس میں ڈاکٹرز کی جانب سے پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، صدر پی ایم اے اوکاڑہ ڈاکٹر نعیم زاہد کا کہنا تھا کہ پی ایم اے کی مرکزی کال پر ضلع بھر میں پرائیویٹ ہسپتال اور کلینکس مکمل طور پر بند ہیں۔ اوکاڑہ میں پی ایم اے ہاؤس میں ڈاکٹرز کی جانب سے پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، صدر پی ایم اے اوکاڑہ ڈاکٹر نعیم زاہد کا کہنا تھا کہ پی ایم اے کی مرکزی کال پر ضلع بھر میں پرائیویٹ ہسپتال اور کلینکس مکمل طور پر بند ہیں۔ ڈاکٹر نعیم زاہد نے کہا کہ ڈاکٹرز کا استحصال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، جبکہ ایف بی آر کی جانب سے ڈاکٹرز کے ساتھ مبینہ تضحیک آمیز رویے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈاکٹرز کو عام دکانداروں کی طرح ٹریٹ کیا جا رہا ہے اور ڈاکٹرز پہلے ہی ٹیکس ادا کر رہے ہیں، تاہم ایف بی آر مزید ٹیکس مسلط کرنا چاہتی ہے۔ صدر پی ایم اے کے مطابق ایف بی آر کے انسپکٹرز پرائیویٹ کلینکس پر جا کر ڈیٹا اکٹھا کرتے ہیں جس سے ڈاکٹرز کی پرائیویسی متاثر ہوتی ہے۔ ڈاکٹر نعیم زاہد نے کہا کہ پی ایم اے کی کال پر ضلع بھر کے ڈاکٹرز نے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے جبکہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

حجرہ شاہ مقیم کے رہائشی ایگزیکٹو انجینئر لیسکو مرید کے رب نواز نامعلوم شوٹرز کی فائرنگ سے جاں بحق

حجرہ شاہ مقیم (سردار محمد اعظم وجھلانہ سے) حجرہ شاہ مقیم کے رہائشی ایگزیکٹو انجینئر لیسکو مرید کے رب نواز نامعلوم شوٹرز کی فائرنگ سے جاں بحق، آبائی گاؤں پھلرون وزیر کے میں سپرد خاک کر دیا گیا گزشتہ شب ایگزیکٹو انجینئر لیسکو ڈویژن مرید کے رب نواز کو گزشتہ نامعلوم شوٹرز نے فائرنگ کر کے اسوقت قتل کر دیا جب وہ اپنے ڈویژن دفتر مرید کے سے محکمانہ امور نمٹا کر اور اپنی سالگرہ کا کیک سٹاف کے ہمراہ کاٹ کر گھر لوٹ رہے تھے واقعے کے بعد مقتول کی لاش کو مقامی پولیس نے ضروری قانونی کاروائی اور پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا جس کے بعد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

شورکوٹ میں شجرکاری مہم، مختلف مقامات پر پودے لگائے گئے

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شورکوٹ میں شجرکاری مہم کے سلسلہ میں تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ ظفر احمد تھے اس موقع پر فاریسٹ آفیسر رانا ظفر اقبال، ایم ایس ٹی ایچ کیو ڈاکٹر ماریہ امداد، ڈاکٹر زیشان مظہر بھنگو، ڈاکٹر عمران کاٹھیہ، ڈاکٹر فہد، ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر ریحان طاہر، ڈاکٹر عرفان اور سہیل آرتھر سمیت دیگر عملہ موجود تھا اسسٹنٹ کمشنر ظفر احمد نے پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کیا انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین کی ہدایت پر شجرکاری مہم جاری ہے درخت فضائی آلودگی اور سموگ کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، ہر شہری اپنے گھر میں کم از کم ایک پودا ضرور لگائے محکمہ جنگلات کے ایس ڈی او رانا ظفر اقبال (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

ٹریفک پولیس بھی اینٹی کرپشن کی گرفت میں ٹریفک پولیس سیالکوٹ کے سب انسپکٹر سمیت دو ملازمین گرفتار 36 ہزار روپے کے نشان زدہ نوٹ برآمد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب لاہور سہیل ظفر چٹھہ اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ امجد شہزاد کی ہدایات پر اینٹی کرپشن سیالکوٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

بزرگ شہریوں کو عمر کے اس حصے میں صحت، معاشی مشکلات، ادویات کی مہنگائی، پنشن اور دیگر بنیادی سہولیات کے حصول میں مختلف مسائل کا سامنا ہے، حکیم مقبول احمد چوہدری

پاکپتن (نامہ نگار) میلورا فوڈز/ بلال فوڈز اور مطب المسعود بہرام پور پاکپتن کے چیف ایگزیکٹو معروف طبیب حکیم مقبول احمد چوہدری نے کہا ہے کہ بزرگ شہریوں کو عمر کے اس حصے میں صحت، معاشی مشکلات، ادویات کی مہنگائی، پنشن اور دیگر بنیادی سہولیات کے حصول میں مختلف مسائل کا سامنا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم معمر افراد کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ یکم اکتوبر دنیا بھر میں عالمی یوم معمر افراد کے طور پر منایا جاتا ہے، جس کا مقصد بزرگ شہریوں کے حقوق، عزت نفس اور بہتر زندگی کے لیے معاشرے کی ذمہ داری کو اجاگر کرنا ہے، میلورا فوڈز/ بلال فوڈز اور مطب المسعود بہرام پور پاکپتن کے چیف ایگزیکٹو معروف طبیب حکیم مقبول احمد چوہدری نے کہا ہے کہ بزرگ افراد ہمارے لئے انسٹیٹیوٹ کا درجہ رکھتے ہیں، آج کے دور میں سیکھنے کیلئے بزرگوں کی نشست میں بیٹھنا چاہیے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

خواجہ ہیلتھ کیئر کمپلیکس میں جلد، بالوں اور ناخنوں کے امراض کے لیے جدید اور معیاری طبی سہولیات کا آغاز

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) عوام الناس کو جلد کے گوناگوں اور پیچیدہ امراض سے نجات دلانے اور معیاری علاج معالجے کی جدید ترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے معروف سکن اسپیشلسٹ ڈاکٹر زاور عباس نے خواجہ ہیلتھ کیئر کمپلیکس (بلاک ہاؤسنگ کالونی، ننکانہ صاحب) میں اپنی باقاعدہ طبی خدمات کا شاندار آغاز کر دیا ہے۔ ڈاکٹر زاور عباس کی آمد سے ننکانہ صاحب اور گردونواح کے مکینوں کو اب جلد، زلف و رخسار کی خوبصورتی، بالوں اور ناخنوں کے جملہ مسائل اور امراض کے لیے بین الاقوامی معیار کا معائنہ اور بہترین شافی علاج مقامی سطح پر ہی میسر آئے گا۔ اس کے علاوہ، مریضوں کی فوری اور ناگہانی طبی ضروریات کے پیش نظر کمپلیکس میں 24 گھنٹے ایمرجنسی سروس کی بلاتعطل فراہمی بھی یقینی بنائی گئی ہے۔ ہسپتال انتظامیہ کا کہنا ہے کہ ہماری اولین ترجیح مریضوں کی بہترین طبی رہنمائی، شفاف تشخیص اور مناسب ترین علاج کی فراہمی ہے۔ اس اعلیٰ و معیاری اقدام کا بنیادی مقصد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

خواجہ ہیلتھ کیئر کمپلیکس
0301-4564404

نمایاں پوزیشن ہولڈر طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم اے سی سمبڑیال عدنان بشیر وڑائچ کی بطور مہمان خصوصی شرکت

سمبڑیال (تحصیل رپورٹر شمع فردوس) ڈاکٹر عبدالقدیر خان گولڈ میڈل مینجمنٹ کمیٹی تحصیل سمبڑیال کے زیر اہتمام نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی جس میں اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی تقریب کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات اور اعزازات تقسیم کیے اس موقع پر انہوں نے پوزیشن ہولڈرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ محنت لگن اور مسلسل جدوجہد ہی کامیابی کی بنیاد ہیں انہوں نے طلبہ و طالبات پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیمی کارکردگی کو مزید بہتر بناتے ہوئے ملک و قوم کی ترقی میں

بہاولنگر فیصل میرج ہال میں PCMA کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا،

بہاولنگر (محمد جاوید چوہدری سے) بہاولنگر فیصل میرج ہال میں PCMA کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات، صحافیوں، تاجروں اور معززین شہر نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ایم پی اے سہیل خان زاہد تھے، جنہوں نے PCMA کے نو منتخب عہدیداران سے حلف لیا۔ تقریب میں نو منتخب صدر اصغر علی پپو اور جنرل سیکرٹری محمد عباس اور دیگر عہدیداروں نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھایا۔ اس موقع پر نو منتخب عہدیداران (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

بہاولنگر گھریلو جھگڑے پر بھائی نے بہن کو گلہ دبا کر قتل کر دیا

بہاولنگر (محمد جاوید چوہدری سے) بہاولنگر گھریلو جھگڑے پر بھائی نے بہن کو گلہ دبا کر قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق بہاولنگر، چشتیاں روڈ پر ستلج سٹی کے قریب گھریلو جھگڑے پر بھائی نے مبینہ طور پر اپنی بہن کو گلہ دبا کر قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ گھریلو تنازع پر پیش آیا، جبکہ واردات کے بعد ملزم موقع سے فرار ہو گیا۔ مقتولہ کی شناخت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اینٹی سموگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ہڑپہ میں کروڑوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں پر سوالات، شہری مسائل برقرار

ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے) ہڑپہ شہر میں قومی خزانے سے کروڑوں روپے کی خطیر رقم سے مکمل یا زیر تکمیل واٹر سپلائی، سیوریج سسٹم اور ٹف ٹائل سمیت مختلف ترقیاتی منصوبوں کے باوجود شہری بنیادی سہولیات کے مسائل سے دوچار ہیں، جس پر منصوبوں کی افادیت، معیار اور سرکاری فنڈز کے استعمال کے حوالے سے شہری حلقوں میں سوالات اٹھنے لگے ہیں مقامی شہریوں کے مطابق مختلف ادوار میں ہڑپہ اسٹیشن کے مختلف گلی محلوں علاقہ ہڑپہ کی اجتماعی مفادات کی ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے نام پر سرکاری فنڈز سے متعدد منصوبے شروع کیے گئے، تاہم بعض مقامات پر منصوبوں کے مطلوبہ نتائج سامنے نہ آنے سے عوامی مشکلات کم ہونے کے بجائے برقرار ہیں شہریوں نے الزام عائد کیا ہے کہ منصوبہ بندی، نگرانی اور عملدرآمد کے مراحل میں مبینہ غفلت یا ناقص حکمت عملی کے باعث قومی خزانے سے خرچ ہونے والی خطیر رقم کا عوام کو مکمل فائدہ نہیں مل سکا شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر واٹر سپلائی، سیوریج اور ٹف ٹائل جیسے بنیادی نوعیت کے منصوبوں پر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 51)

شہریوں کو بہتر تفریحی و کاروباری سہولیات کی فراہمی کے لیے فوڈ اسٹریٹ قائم کی جائے گی، میاں ذیشان رفیق

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ ڈسکہ میں شہریوں کو بہتر تفریحی و کاروباری سہولیات کی فراہمی کے لیے فوڈ اسٹریٹ قائم کی جائے گی جبکہ خواتین کے لیے الگ فوڈ اسٹریٹ بھی بنائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے میونسپل کمیٹی ڈسکہ میں ڈسکہ ڈویلپمنٹ ریویو اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اسسٹنٹ کمشنر سعدیہ جعفر، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی یاسر گیلانی، سٹی صدر مسلم لیگ ن محمد افضل منشاء، حاجی محمد عظیم بٹ، سید داؤد بخاری و دیگر بھی اجلاس میں موجود تھے صوبائی وزیر نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری سیوریج منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے سڑکوں اور گلیوں کی تعمیر میں معیار کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ ناقص کام پر ذمہ داروں کا محاسبہ کیا جائے گا میاں ذیشان رفیق نے ڈسکہ کے مین روڈ سمیت اہم شاہراہوں پر بھرپور شجرکاری کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی خوبصورتی کے ساتھ ماحول کو بہتر بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں۔ انہوں نے ستھرا پنجاب کی کارکردگی اور صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مانیٹرز صرف پینلٹیز عائد کرنے تک محدود نہ رہیں بلکہ موقع پر موجود مسئلے کے حل کو بھی یقینی بنائیں شہریوں کو عملی طور پر صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی مؤثر بنائی جائے اور متعلقہ افسران منصوبوں کے معیار، رفتار اور تکمیل کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کریں سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال اور عوام کو بروقت ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ اجلاس میں ڈسکہ کے ترقیاتی منصوبوں، سیوریج، سڑکوں و گلیوں کی تعمیر، شجرکاری، شہر کی خوبصورتی اور صفائی کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ متعلقہ افسران نے صوبائی وزیر کو جاری منصوبوں پر پیش رفت سے آگاہ کیا۔

چشتیاں گیس سلنڈر کی بلیک میں فروخت، انتظامیہ اور پرائس کنٹرول افسران کی کارکردگی پر سوالات اٹھ گئے

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) چشتیاں گیس سلنڈر کی بلیک میں فروخت، انتظامیہ اور پرائس کنٹرول افسران کی کارکردگی پر سوالات اٹھ گئے عوام مافیا کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور حکام نوٹس لیں عوامی سماجی حلقوں اور شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف سے اپنے ایک مطالبہ میں کہا ہے کہ چشتیاں میں حکومت کی جانب سے مہنگائی پر قابو پانے کے دعوؤں کے باوجود گیس سلنڈر کی قیمتوں میں مبینہ من مانے اضافے اور بلیک میں فروخت کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ جبکہ شہریوں کے مطابق گھریلو گیس سلنڈر کا سرکاری ریٹ 3,297 روپے مقرر ہونے کے باوجود بازار میں مبینہ طور پر 5,100 روپے تک فروخت کیا جا رہا ہے۔ اس بارے شہریوں کا کہنا ہے کہ گیس سلنڈر کی قیمتوں میں یہ بھاری فرق مبینہ طور پر منافع خور عناصر کی جانب سے عوام کی مجبوری سے فائدہ اٹھانے کا نتیجہ ہے، جبکہ متعلقہ انتظامیہ مؤثر کارروائی کرنے میں ناکام دکھائی دے رہی ہے۔ عوامی حلقوں نے الزام عائد کیا کہ انتظامی افسران کی سرگرمیاں دفاتر میں اجلاسوں اور فوٹو سیشن تک محدود ہو کر رہ گئی ہیں، جبکہ زمینی سطح پر حکومتی رٹ کمزور نظر آ رہی ہے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس سلنڈر کی قیمتوں کی فوری چیکنگ، بلیک میں فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی اور سرکاری نرخ پر فروخت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے ارباب اختیار سے فوری نوٹس لینے اور اصلاح و احوال کا مطالبہ کیا ہے۔

اندرون شہر جاری ترقیاتی کاموں کی رفتار مزید تیز کی جائے۔ شفیق احمد ڈوگر

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی ہدایت پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ساہیوال شہر میں جاری ترقیاتی کاموں کا دورہ کیا اور مختلف منصوبوں پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے پاشا سٹریٹ، ڈی پی او چوک، چرچ روڈ اور فائیو ویز چوک میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران سے منصوبوں کی پیش رفت اور تکمیل کے حوالے سے بریفنگ لی۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس نے متعلقہ ٹھیکیدار کو ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کی رفتار مزید تیز کرنے کے لیے اضافی مشینری اور لیبر فراہم کی جائے تاکہ منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اندرون شہر جاری ترقیاتی کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور ٹریفک کی روانی بھی متاثر نہ ہو۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ٹیکنیکل محمد عمران خان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی پریس کانفرنس ساہیوال پولیس کی بڑی کامیابی، 60 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے 140 موبائل فونز اصل مالکان کے حوالے

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے ساہیوال پولیس کی جانب سے برآمد کیے گئے 140 موبائل فونز، جن کی مالیت 60 لاکھ روپے سے زائد ہے، اصل مالکان کے حوالے کر دیے ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور ان کی قیمتی اشیاء کی بازیابی ساہیوال پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے پولیس ٹیموں نے جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ تفتیش کی مدد سے گمشدہ و چھینے گئے موبائل فونز برآمد کیے پریس کانفرنس میں صحافی برادری، تاجر برادری اور امن کمیٹی کے ممبران نے شرکت کی ڈی پی او ساہیوال نے شہریوں کو یقین دلایا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور شہریوں کو ان کا قیمتی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

بدوملہی میں ایک اور شہری لٹ گیا پولیس شہریوں کو حفاظتی اقدامات کی تلقین کرتی رہ گئی

بدوملہی (بیورو چیف یاسر ملہی سے) بدوملہی میں ایک اور شہری لٹ گیا پولیس شہریوں کو حفاظتی اقدامات کی تلقین کرتی رہ گئی ذرائع کے مطابق بشیر احمد جو کہ محلہ چھڑہ منڈی بدوملہی کا شہری ہے اپنی دکان کے لئے سامان خریدنے نارووال منڈی جا رہا تھا کہ کلاس والی کے نزدیک صبح چھ بجے کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے روک کر مبلغ انیس ہزار روپے لوٹ لئے اور فرار ہو گئے، حالیہ دنوں میں بدوملہی اور گرد و نواح میں یہ پانچویں واردات ہے جس میں موٹر سائیکلوں کی چوری اور نقد رقم کی ڈکیتیاں شامل ہیں اس سے پہلے بھی مین بازار بدوملہی میں دکاندار سے پچاس ہزار روپے لوٹ لئے جانے کی واردات ہو چکی ہے جو کہ اب تک تھانہ بدوملہی کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔

ملاوٹی کھویا تیار کرنے پر کھویا یونٹ مالک کیخلاف ایف آئی آر درج، ملزم گرفتار، کھویا یونٹ کی اصلاح تک پروڈکشن بند کر دی گئی

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ملاوٹ مافیا کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری، فوڈ سیفٹی ٹیم کی موضع کھڑک سنگھ دیپالپور میں کھویا یونٹ کی انسپکشن، ملاوٹی کھویا تیار کرنے پر کھویا یونٹ مالک کیخلاف ایف آئی آر درج، ملزم گرفتار، کھویا یونٹ کی اصلاح تک پروڈکشن بند کر دی گئی۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی راجہ منصور احمد کی ہدایت پر ملاوٹ مافیا کیخلاف فوڈ سیفٹی ٹیموں کی کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق لیب رپورٹ میں دودھ اور کھوئے کے نمونے فیل ہونے پر کھویا یونٹ کیخلاف کارروائی کی گئی۔ کھوئے کی تیاری میں غیر معیاری اجزاء کی ملاوٹ پائی گئی۔ دودھ میں فیٹ اور قدرتی غذائیت کی کمی پائی گئی۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے ملاوٹ ثابت ہونے پر کھویا یونٹ مالک کیخلاف ایف آئی آر درج کروا دی جبکہ یونٹ کی اصلاح تک پروڈکشن بند کر دی گئی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجہ منصور احمد کا کہنا تھا کہ ملاوٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کا آر ایچ سی شیر گڑھ کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ، انہوں نے ہیلتھ سنٹر میں صفائی ستھرائی کا بھی جائزہ لیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کا آر ایچ سی شیر گڑھ کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ، انہوں نے ہیلتھ سنٹر میں صفائی ستھرائی کا بھی جائزہ لیا اور میڈیکل ریکارڈ اور ادویات کے سٹاک کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر مریضوں کو دستیاب سہولیات اور انتظامی امور پر متعلقہ سٹاف کی ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ عوام کو معیاری اور مفت طبی سہولیات حکومت پنجاب کا ویژن ہے۔ ہسپتالوں میں صفائی کے امور کی تسلسل سے مانیٹرنگ کی جائے۔ محمد اکرام ملک نے مزید کہا کہ ادویات کا وافر سٹاک ہر وقت موجود رہنا چاہیے۔ ڈاکٹرز اور تمام سٹاف اپنے فرائض تسلسل کے ساتھ ادا کریں۔ مزید براں ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے تحصیل رینالہ خورد کے سرکاری سکولوں میں تعلیم و تدریس کے عمل کا جائزہ لیا اور فروغ تعلیم کے لیے سرکاری سکولوں میں اقدامات کا تسلسل برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔

چک رانے والا میں آوارہ کتے نے 13 سالہ لڑکے پر حملہ کر دیا

بہاولنگر (محمد جاوید چوہدری سے) بہاولنگر کے نواحی علاقے چک رانے والا میں آوارہ کتے نے 13 سالہ لڑکے پر حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں رب نواز نامی لڑکا شدید زخمی ہو گیا۔ آوارہ کتے نے لڑکے کے چہرے، ہاتھ اور ٹانگ کو بری طرح نوچ ڈالا ذرائع کے مطابق رب نواز گھر کے قریب موجود تھا کہ اچانک آوارہ کتے نے اس پر حملہ کر دیا۔ کتے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان، ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔.................(جامع ترمذی)

ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھارت کا ایک اور فالس فلیگ آپریشن بے نقاب کر دیا

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں کیے گئے ایک اور فالس فلیگ آپریشن کا بھانڈا پھوڑ دیا، بھارتی فوج نے دعویٰ کیا کہ پاکستانی آرمی پرسنل آصف الیاس کشمیر میں مارا گیا، ڈی جی آئی ایس پی آر نے آصف الیاس کو میڈیا کے سامنے پیش کر دیا۔ پریس بریفنگ میں انہوں ں ے بتایا کہ 29 ستمبر کی رات مقبوضہ کشمیر میں بھارتی کور نے ایک ٹوئٹ کیا جو کہ بھارتی کور کے جوائنٹ سرچ آپریشن سے متعلق تھا، بھارتی کور نے دعویٰ کیا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے اندر آپریشن سے کیا گیا جس میں ایک دہشت گرد مارا گیا، ساڑھے سات گھنٹے بعد بھارتی ملٹری کی جانب سے ایک اور اپ ڈیٹ دی گئی، 30 ستمبر کو دعویٰ کیا گیا کہ لشکر طیبہ کے دہشت گرد کی لاش ملی ہے جس کی شناخت محمد آصف الیاس عرف ہاشم موسیٰ کے نام سے ہوئی اور دعویٰ کیا گیا کہ دہشت گرد کا تعلق پاکستان سے ہے بھارتی ایجنسی نے سروس نمبر کے ساتھ تفصیلات فراہم کیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بھارت نے بعد میں جو تفصیلات فراہم کیں اس میں دہشت گرد کا نام آصف الیاس سے جوڑ دیا گیا جب کہ محمد آصف یہاں آپ سب کے سامنے بیٹھا ہے۔ اس موقع پر ترجمان پاک فوج نے محمد آصف کو میڈیا کے سامنے پیش کر دیا جہاں آصف الیاس نے میڈیا کو حقیقت سے آگاہ کیا۔ احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بھارتی ملٹری کے بعد بھارتی حکومت نے بھی اس حوالے سے تفصیلات دیں، بھارتی حکومت نے دعویٰ کیا کہ مارا گیا شخص محمد آصف ایس ایس جی کا حوالدار ہے، محمد آصف کا شناختی کارڈ بھی دکھایا، بھارتی ملٹری اور بھارتی حکومت کے بیانات میں تضاد پایا گیا، کہا گیا آپریشن شیر و والی میں کامیابی ملی جب کہ یہ آپریشن مئی میں شروع ہوا تھا، کیا انہیں چھ ماہ بعد کامیابی ملی؟ فیک آپریشن میں کامیابی کے دعوے کیے گئے، بھارتی حکومت نے کہا آصف فوجی کے کارنامے بہت بڑے ہیں اسے بہت بڑا دہشت گرد بنا کر پیش کیا گیا، ایسی خبروں سے اڑی اور پہلگام کی یاد تازہ ہوگئی۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ بھارت کیسا ملک ہے جہاں اس بات پر ابھی نندن کو ایوارڈ ملا کہ اپنا جہاز گرایا، دنیا بھر میں دہشت گردی پھیلانے کا مرکز بھارت بن چکا ہے اور اُس نے مقبوضہ کشمیر کو دنیا کی سب سے بڑی جیل میں تبدیل کر کے رکھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں انسانیت سوز مظالم کشمیری عوام خود دنیا کے سامنے لا رہے ہیں، بھارت دہائیوں سے پاکستان کو بدنام کرنے کیلئے فالس فلیگ آپریشنز کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا سوال ہے ریٹائرڈ حوالدار محمد آصف سے متعلق بھارت نے فالس فلیگ آپریشن کیوں کیا؟ کہا گیا آپریشن شیرانوالی میں بڑی کامیابی ملی ہے، افغان طالبان رجیم کی دہشت گردی بھی بھارت کا پاکستان مخالف ایک اور چہرہ ہے۔ اس موقع پر آصف موسیٰ نے بتایا کہ 2008ء میں آرمی جوائن کی اور پھر 2023ء میں ایس ایس جی سی سے ریٹائر ہو کر پرائیوٹ سیکیورٹی کمپنی میں ڈیوٹی کی اور اب پنڈی میں فیملی کے ساتھ رہ رہا ہوں۔ محمد آصف نے بتایا کہ مجھے دوستوں دوستوں نے فون پر بتایا کہ میرے متعلق بھارت سے خبریں چل رہی ہیں، لوگ مجھے فون کر کے بتا رہے تھے کہ بھارت نے دعویٰ کیا ہے مجھے شہید کر دیا گیا جس پر مجھے حیرت ہوئی کہ اپنے گھر میں ہوں تو مجھے کیسے بھارتی فوج نے شہید کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس کے بعد سوشل میڈیا دیکھا تو وہاں بھی بھارت کا دعویٰ دیکھا، اس پر میرے پاس کالز کا تانتا بندھ گیا اور بھارت سے بھی کالز آنا شروع ہوئیں پھر میں نے نمبرز بلاک کر کے اپنے افسران کو بتایا۔ محمد آصف نے کہا کہ الحمدللہ زندہ اور آپ کے سامنے ہوں، پہلے بھی وطن کی خاطر بہادری سے لڑا ہوں، آئندہ بھی وطن کی خدمت کیلئے حاضر ہوں۔ سابق ایس ایس جی سی حوالدار نے کہا کہ بھارت کی جانب سے اپنے خلاف کیے جانے والے پروپیگنڈے اور فالس فلیگ آپریشن کی شدید مذمت کرتا ہوں۔

جمہوریت کا حسن

سانچ
محمد مظہر رشید چودھری
mazhar03336963372@gmail.com

جمہوریت کا حسن اس وقت مکمل ہوتا ہے جب ہر فرد اپنی رائے کے اظہار کے حق سے واقف بھی ہو اور اسے استعمال کرنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہو۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر معاشرے میں رائے دہی کے عمل کو مضبوط بنانا صرف سیاسی عمل نہیں بلکہ ایک سماجی و معاشرتی ذمہ داری بھی ہے۔ ضلع اوکاڑہ کا حالیہ انتخابی منظر نامہ اسی تناظر میں ایک اہم مثال بن کر سامنے آرہا ہے۔ تازہ اعداد و شمار کے مطابق ضلع میں اس وقت 21 لاکھ 80 ہزار 329 ووٹر رجسٹرڈ ہیں۔ مگر یہ خوش آئند حقیقت اپنے اندر ایک تشویشناک پہلو بھی رکھتی ہے، کیونکہ مردوں کے مقابلے میں خواتین ووٹرز کی تعداد تقریباً ایک لاکھ 61 ہزار کم ہے۔ یہ فرق نہ صرف صنفی توازن کی کمی کو ظاہر کرتا ہے بلکہ ہمارے معاشرتی ڈھانچے میں موجود خامیوں کا بھی اظہار ہے۔ سانچ کے قارئین کرام! گزشتہ روز میری گفتگو ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر اوکاڑہ محمد شفیق چودھری سے ہوئی تو انہوں نے اس مسئلے کو نہایت سنجیدگی سے اجاگر کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ خواتین کی کم تعداد ہمارے انتخابی نظام کی شفافیت اور شمولیت دونوں کو متاثر کرتی ہے۔ 'اگر معاشرے کی نصف آبادی ہی خاموش رہے تو جمہوری فیصلے مکمل طور پر کیسے معتبر ہو سکتے ہیں؟' ان کا مزید کہنا تھا کہ انتخابی عملے نے بار ہا گھر گھر جا کر آگاہی مہم چلائی مگر اصل مسئلہ یہ ہے کہ بہت سی خواتین کا شناختی کارڈ ہی نہیں بن سکا۔ یہاں سب سے اہم بات وہ ہے جو انہوں نے خاص طور پر زور دے کر کہی ''ہمیں لوگوں کو صرف ووٹ کے حق کے بارے میں نہیں بتانا بلکہ انہیں شناختی کارڈ بنوانے کی ترغیب دینا ہوگی، کیونکہ یہ صرف ووٹ نہیں بلکہ شہری حقوق کے دروازے کھولنے والی بنیادی دستاویز ہے۔'' یہ نقطہ نہایت اہم ہے کیونکہ شناختی کارڈ نہ صرف ووٹ کے لیے ضروری ہے بلکہ بینک اکاؤنٹ، وراثتی حقوق، حکومتی امداد، بیمہ، ملازمت اور بے شمار شہری سہولتوں کا دروازہ بھی اسی سے کھلتا ہے۔ اوکاڑہ میں خواتین کے کم ووٹر ہونے کی ایک بڑی وجہ دیہی معاشرت کا وہ رویہ ہے جس میں خواتین کو شناختی کارڈ بنوانے کے لیے باہر لے جانا اکثر مشکل سمجھا جاتا ہے۔ اس کا حل صرف نادرا کے اضافی مراکز کھولنے میں نہیں بلکہ سماجی رویوں کو بدلنے میں ہے۔ 'چاہے خواتین ہوں یا بزرگ، سب کو اس بات کی ترغیب دی جائے کہ وہ شناختی کارڈ بنوائیں، کیونکہ یہی ان کا بنیادی حق ہے۔' اوکاڑہ میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد ضرور ایک بڑی کامیابی ہے مگر اگر ایک لاکھ 61 ہزار خواتین ابھی بھی انتخابی فہرستوں سے باہر ہیں تو یہ ایک ایسا خلا ہے جسے پر کرنا محض انتظامی کوشش نہیں بلکہ معاشرتی بیداری کا تقاضا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق کئی علاقوں میں خواتین کا شناختی کارڈ نہ ہونا ان کی معاشرتی کمزور حیثیت کو ظاہر کرتا ہے۔ انہیں یہ احساس دلانا ضروری ہے کہ ان کا شناختی کارڈ صرف ایک پلاسٹک کا ٹکڑا نہیں بلکہ ریاست کی طرف سے ان کی شناخت کا اعلان ہے۔ اس ساری صورت حال میں میڈیا، سول سوسائٹی، مذہبی رہنماؤں اور مقامی نمائندوں کا کردار بھی اہم ہے۔ ہمیں دیہی برادریوں تک یہ پیغام پہنچانا ہوگا کہ خواتین کو شناختی کارڈ بنوانے سے روک کر در حقیقت ہم اپنی ہی معاشرتی ترقی کی رفتار کو سست کر رہے ہیں۔ اگر کسی گاؤں میں خواتین کے شناختی کارڈز بنوانے کے لیے اجتماعی کیمپ لگیں تو خاندان کے خاندان اس عمل میں شامل ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کے کئی اضلاع میں اس طرح کے کامیاب ماڈل پہلے سے موجود ہیں جنہیں اوکاڑہ میں بھی اپنایا جا سکتا ہے۔ سانچ کے قارئین کرام! میری رائے میں اس مسئلے کے حل کے لیے تین بنیادی اقدامات ناگزیر ہیں، نمبر 1: ہر یونین کونسل میں باقاعدہ آگاہی مہم چلائی جائے اور لوگوں کو بتایا جائے کہ شناختی کارڈ کے بغیر ان کی قانونی و معاشرتی حیثیت نامکمل رہتی ہے۔ نمبر 2: نادرا مراکز میں خواتین عملے، علیحدہ کاؤنٹرز، موبائل وینز اور خصوصی دن مقرر کیے جائیں۔ نمبر 3: چودھری، نمبردار، اور گاؤں کے بااثر افراد اگر خود ترغیب دیں گے تو خواتین زیادہ اعتماد کے ساتھ شناختی کارڈ بنوانے کے لیے آئیں گی۔ آخر میں وہی بات جو محمد شفیق چودھری نے نہایت وضاحت سے کہی 'اگر ہم نے ووٹ کے نظام میں حقیقی شفافیت اور توازن لانا ہے تو ہمیں سب سے پہلے لوگوں کو شناختی کارڈ بنوانے کی ترغیب دینی ہوگی۔ یہی وہ بنیاد ہے جس پر جمہوریت کی عمارت کھڑی ہوتی ہے۔' اوکاڑہ کے اعداد و شمار ہمیں یہ بتا رہے ہیں کہ ابھی سفر باقی ہے، لیکن منزل دور نہیں، اگر ہم سب مل کر یہ ذمہ داری قبول کر لیں۔

پالیسی بیانیہ

حب: فشرمینز کوآپریٹو نظام کی بحالی، ماہی گیروں کے مسائل کے حل کے لیے قانون، مشاورت اور عملی اقدامات پر اتفاق

حب میں رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز بلوچستان عبدالقدیر کاکڑ کی زیر صدارت فشرمینز کوآپریٹو سوسائٹیز اور بلوچستان فشرمین کوآپریٹو یونین کے نمائندوں کا اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان کے ماہی گیروں کو درپیش مسائل، کوآپریٹو اداروں کی فعالیت، انتظامی امور، قانونی تقاضوں، ادارہ جاتی کارکردگی اور ماہی گیروں کی فلاح و بہبود سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

اجلاس میں بلوچستان فشرمین کوآپریٹو یونین لمیٹڈ پسنی کے ایڈمنسٹریٹر سردار صابر قاسمی، بلوچستان فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی لمیٹڈ سونمیانی کے چیئرمین میر اکبر زہری، وائس چیئرمین ایڈووکیٹ ارشاد پارس مگسی، سیکریٹری خلیل احمد بلوچ، فوکل پرسن شہزاد بلوچ، اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز لسبیلہ سرکل فدا احمد بلوچ، انسپکٹر کوآپریٹو لسبیلہ سرکل محمد رفیق بلوچ، فشرمین کوآپریٹو یونین کے کوآرڈینیٹر محمد صفدر اور ماہی گیر نمائندگان نے شرکت کی۔

اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ فشرمینز کوآپریٹو سوسائٹیز محض انتظامی ادارے نہیں بلکہ ماہی گیر برادری کی اجتماعی معاشی، سماجی اور ادارہ جاتی ترقی کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ اس لیے ان اداروں کی فعالیت، شفاف انتظام، ریکارڈ کی درستگی، باقاعدہ آڈٹ، جمہوری طرز حکمرانی اور قانون و قواعد کے مطابق امور کی انجام دہی کو بنیادی اہمیت دی جانی چاہیے۔

سردار صابر قاسمی نے ماہی گیر نمائندگان کی جانب سے مختلف مسائل اور تجاویز پیش کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان میں فشرمینز کوآپریٹو نظام کی مؤثر بحالی کے لیے ایک جامع ادارہ جاتی روڈ میپ ضروری ہے، جس میں فعال اور غیر فعال سوسائٹیز کا قانونی و انتظامی جائزہ، ممبران کے حقوق کا تحفظ، شفاف انتخابات، مالیاتی نظم و ضبط، آڈٹ، ڈیجیٹل ریکارڈ اور ماہی گیروں کی براہ راست شمولیت شامل ہو۔

اجلاس میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ قانون اور قواعد کو بنیاد بناتے ہوئے ہر فشرمینز کوآپریٹو سوسائٹی کی حیثیت، انتظامی ساخت، ممبرشپ، اثاثوں، مالیاتی ریکارڈ اور کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے، تاکہ جہاں اصلاح کی ضرورت ہو وہاں قانونی طریقہ کار کے تحت اقدامات کیے جاسکیں۔

رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز بلوچستان عبدالقدیر کاکڑ نے کہا کہ ماہی گیروں کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ نمائندگان کے ساتھ مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کوآپریٹو سوسائٹیز کو مؤثر اور فعال بنانے کے لیے قانون و قواعد کے مطابق اقدامات کیے جائیں گے اور ماہی گیروں کے جائز مسائل کے حل کو ترجیح دی جائے گی۔

آئندہ کے لیے پالیسی ترجیحات

اجلاس کے تناظر میں فشرمینز کوآپریٹو نظام کے لیے درج ذیل عملی ترجیحات سامنے آتی ہیں:

1. قانونی و انتظامی جائزہ: تمام فشرمینز کوآپریٹو سوسائٹیز کی قانونی حیثیت اور موجودہ انتظامی صورتحال کا جائزہ۔
2. فعال اور غیر فعال سوسائٹیز کی بحالی: قانون کے مطابق غیر فعال اداروں کی بحالی یا ضروری انتظامی کارروائی۔
3. ممبران کے حقوق: حقیقی ماہی گیروں کی ممبرشپ، نمائندگی اور فیصلہ سازی میں مؤثر شرکت کو یقینی بنانا۔
4. شفاف مالیاتی نظام: ریکارڈ، اکاؤنٹس، آڈٹ اور اثاثوں کا باقاعدہ اور شفاف انتظام۔
5. جمہوری گورننس: جہاں قانونی طور پر قابل اطلاق ہو، منتخب اداروں اور ممبران کی شمولیت کو مضبوط بنانا۔
6. ڈیجیٹل کوآپریٹو ریکارڈ: ممبرشپ، سوسائٹی ریکارڈ، اثاثوں اور مالیاتی معلومات کی مرحلہ وار ڈیجیٹلائزیشن۔
7. ماہی گیر فلاح: فشرمینز کوآپریٹو اداروں کو روزگار، مارکیٹ تک رسائی، سماجی تحفظ، تربیت اور معاشی مواقع کے ساتھ مربوط کرنا۔
8. مسلسل مشاورت: رجسٹرار، محکمہ کوآپریٹو، سوسائٹیز، یونین اور ماہی گیر نمائندگان کے درمیان مستقل ادارہ جاتی رابطہ قائم کرنا۔

یہ اجلاس بلوچستان میں فشرمینز کوآپریٹو نظام کو قانون، شفافیت، جمہوری شرکت اور ماہی گیر مرکز ترقی کے اصولوں پر دوبارہ منظم کرنے کی جانب ایک اہم مشاورتی قدم قرار دیا جاسکتا ہے۔

CooP|CooperationPeace
LocalAction•GlobalImpact
No One Left Behind

اعداد کے پردے، حروف کے اسرار اور ستاروں کی خاموش زبان

آنکھ سے نظر تک
عباس ملک
0300-5558352

رات کا وہ پہر تھا جب شہر کی تمام آوازیں جیسے کسی نامعلوم ہاتھ نے آہستہ آہستہ سمیٹ لی تھیں۔ آسمان پر ستارے اپنی اپنی جگہ یوں ٹھہرے ہوئے تھے

جیسے کائنات کے کسی عظیم دفتر میں صدیوں پرانے حساب کی نگرانی کر رہے ہوں۔ چراغ کی لرزتی ہوئی لو کے سامنے ایک بوڑھا عالم زرد کاغذ پر چند حروف اور اعداد رقم کیے بیٹھا تھا۔

کبھی کسی حرف کے نیچے نقطہ رکھتا، کبھی کسی عدد کے گرد دائرہ کھینچتا اور کبھی اچانک نگاہ اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھنے لگتا۔

یوں محسوس ہوتا تھا جیسے زمین پر لکھی ہوئی چند سیاہ لکیریں اور آسمان پر بکھرے ہوئے بے شمار ستارے ایک دوسرے سے کوئی ایسی گفتگو کر رہے ہوں

جس کی زبان انسان نے ابھی پوری طرح دریافت نہیں کی۔

میں نے پوچھا: ''آخر ان چند حروف اور اعداد میں ایسا کیا پوشیدہ ہے؟''

وہ دیر تک خاموش رہا،

پھر مدھم مسکراہٹ کے ساتھ بولا:

''راز شاید اعداد میں نہیں،

انسان کی اس خواہش میں ہے کہ وہ نامعلوم کو معلوم کر لینا چاہتا ہے۔''

اس ایک جملے نے جیسے صدیوں کے دریچے کھول دیے۔ علم الاعداد،

علمِ جفر،

علمِ نجوم،

ابجد، حروف کے رموز اور ستاروں کی گردش،

یہ سب محض چند اصطلاحات نہیں بلکہ انسانی تہذیب کے اس طویل سفر کے مختلف ابواب ہیں

جس میں انسان نے کائنات کے ظاہری نظم کے پیچھے کسی پوشیدہ معنی کی تلاش کی۔

انسان نے جب پہلی مرتبہ رات کے آسمان کو غور سے دیکھا ہوگا تو شاید اس کے دل میں یہی سوال پیدا ہوا ہوگا

کہ یہ بے شمار ستارے محض روشنی کے منتشر ذرے ہیں یا کسی عظیم تر نظام کے خاموش نگہبان؟ موسموں کی تبدیلی، چاند کے گھٹنے بڑھنے، سورج کے طلوع و غروب اور ستاروں کی باقاعدہ حرکات نے قدیم انسان کو یہ احساس دیا

کہ آسمان میں کوئی ترتیب موجود ہے۔

اس ترتیب کو سمجھنے کی خواہش نے فلکی مشاہدے کو جنم دیا، اور اسی کے ساتھ آسمانی اجرام کے انسانی زندگی پر اثرات کے بارے میں مختلف تصورات بھی پیدا ہوئے۔

یہاں ایک بنیادی امتیاز ضروری ہے۔ فلکیات ایک سائنسی علم ہے

جو ستاروں، سیاروں، کہکشاؤں اور دیگر اجرامِ فلکی کی ساخت، حرکت اور طبعی قوانین کا مشاہدہ

اور ریاضیاتی مطالعہ کرتی ہے

،جبکہ علمِ نجوم ایک قدیم رمزی و اعتقادی نظام ہے

جس میں اجرامِ فلکی کی پوزیشنوں سے انسانی مزاج یا زمینی واقعات کے بارے میں معنی اخذ کیے جاتے ہیں۔

جدید سائنس نے علمِ نجوم کی مستقبل بینی کے دعووں کے لیے قابلِ اعتماد تجرباتی ثبوت تسلیم نہیں کیے۔

چنانچہ آسمان کا مطالعہ اور ستاروں سے قسمت کا فیصلہ دو الگ علمی دنیائیں ہیں۔

قدیم تہذیبوں میں آسمان کی طرف یہ التفات بہت گہرا تھا۔ بابلی تہذیب نے اجرامِ فلکی کے مشاہدات کو منظم کیا،

یونانی مفکرین نے کائناتی ساخت پر غور کیا

،مصری تہذیب نے تقویم اور آسمانی گردشوں کو اہمیت دی،

اور بعد ازاں اسلامی تہذیب میں علمِ ہیئت، ریاضی اور فلکیات نے ایسی علمی بنیادیں قائم کیں

جنہوں نے انسانی علم کے ارتقا میں نمایاں کردار ادا کیا۔

مگر اسی تاریخی ماحول میں علمِ نجوم بھی اپنی مختلف صورتوں میں زیرِ بحث رہا۔

یوں آسمان انسان کے لیے صرف آسمان نہ رہا؛

وہ ایک عظیم کتاب بن گیا جس کے حروف ستارے

اور جس کی سطریں آسمانی گردشیں سمجھی جانے لگیں۔

پھر انسان نے آسمان سے نگاہ ہٹا کر اپنے ہاتھ میں موجود سب سے عجیب چیز کی طرف دیکھا،

عدد۔

عدد محض ایک نشان نہیں

۔ریاضی میں وہ مقدار،

نسبت، ،ترتیب، پیمائش

اور ساخت کا بنیادی وسیلہ ہے۔

مگر انسانی ذہن نے ہمیشہ ریاضیاتی معنی سے آگے بڑھ کر اعداد میں علامتی معنی بھی تلاش کیے۔ مختلف تہذیبوں نے بعض اعداد کو مقدس، بعض کو خوش بخت، بعض کو منحوس اور بعض کو کائناتی نظم کی علامت سمجھا۔ یوں عدد صرف گنتی نہ رہا بلکہ انسانی تخیل میں ایک رمز بن گیا۔

اسی وسیع روایت میں علم الاعداد کی مختلف صورتیں سامنے آئیں۔

اس میں نام، تاریخِ پیدائش یا دوسرے عددی عناصر کو مخصوص طریقوں سے اعداد میں تبدیل کر کے شخصیت، مزاج یا زندگی کے بارے میں معنی اخذ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

بعض نظاموں میں حروف کو مخصوص عددی قدریں دی جاتی ہیں،

پھر ان اعداد کو جمع کر کے کوئی بنیادی عدد حاصل کیا جاتا ہے اور اس عدد کے ساتھ مخصوص شخصیتی خصوصیات منسوب کی جاتی ہیں۔ لیکن یہ بات واضح رہنی چاہیے

کہ علم الاعداد کو مستقبل کی قابلِ اعتماد پیش گوئی کا سائنسی طور پر ثابت شدہ ذریعہ نہیں سمجھا جاتا۔

یہاں انسانی نفسیات کا ایک نہایت دلچسپ باب کھلتا ہے۔

انسان عمومی اور مبہم باتوں میں بھی اپنے آپ کو پہچان لینے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتا ہے۔ اگر کسی شخص سے کہا جائے کہ

''آپ بظاہر مضبوط ہیں مگر اندر سے حساس بھی ہیں'

'تو بہت سے لوگ اس بیان کو اپنے لیے غیر معمولی طور پر درست سمجھ سکتے ہیں۔

نفسیات میں اس رجحان کو بارنم اثر یا فورر اثر کہا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض نجومی یا عددی تشریحات سننے والے کو حیران کن حد تک درست محسوس ہوتی ہیں،

حالانکہ وہ اکثر اتنی عمومی ہوتی ہیں کہ بہت سے افراد ان میں اپنی شخصیت کا عکس دیکھ سکتے ہیں۔

اور پھر آتا ہے وہ نام جس کے گرد صدیوں سے اسرار کی دھند بُنی جاتی رہی ہے،

علمِ جفر۔

علمِ جفر کے بارے میں تاریخی روایات اور بعد کے ادبی و روحانی لٹریچر میں مختلف تصورات پائے جاتے ہیں۔

اسے عموماً حروف، اعداد اور ان کی باہمی نسبتوں کے ذریعے رمزی معانی اخذ کرنے کے ساتھ منسلک کیا جاتا ہے۔

اس سلسلے میں حساب ابجد کا تصور خاص اہمیت رکھتا ہے، جس میں عربی حروف کو مخصوص عددی قدریں دی جاتی ہیں۔

الف ایک، ب دو اور اسی ترتیب سے دوسرے حروف کی عددی قدریں مقرر کی جاتی ہیں۔

پھر انہی قدروں کو بعض رمزی اور باطنی طریقوں میں استعمال کیا جاتا رہا ہے۔

لیکن یہاں ایک نہایت باریک اور ضروری فرق موجود ہے۔ حسابِ ابجد ایک حروفی و عددی نظام ہے؛

اسے لازماً غیب دانی قرار دینا ایک الگ دعویٰ ہے

۔کسی نام کے حروف کی ابجدی قیمت نکالنا ایک حسابی عمل ہوسکتا ہے

، مگر اس عدد سے کسی انسان کی موت، شادی، رزق، مستقبل یا کسی پوشیدہ واقعے کا قطعی علم حاصل کر لینا ایک بالکل مختلف دعویٰ ہے۔

محض عددی مطابقت اس دعوے کو ثابت نہیں کرتی۔

یہیں سے راز اور حقیقت کے درمیان وہ پردہ نمودار ہوتا ہے جس نے صدیوں سے انسانی تخیل کو مسحور کر رکھا ہے۔

ایک نام لکھا گیا، حروف گنے گئے،

اعداد نکالے گئے،

پھر ان اعداد میں کسی واقعے کا سایہ تلاش کیا گیا۔

اگر اتفاقاً کوئی واقعہ اس تعبیر سے مل گیا تو پیش گوئی کامیاب قرار پائی،

مگر اگر متعدد پیش گوئیاں ناکام ہو گئیں تو وہ اکثر حافظے کی دھند میں گم ہو گئیں۔ انسانی ذہن کامیاب اتفاقات کو یاد رکھنے اور ناکام مثالوں کو نظرانداز کرنے کی طرف مائل ہوسکتا ہے۔

علمِ نجوم کے بارے میں بھی یہی بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے

۔اگر کسی شخص کے برج کے بارے میں بے شمار عمومی پیش گوئیاں کی جائیں تو ان میں سے چند کا اس کی زندگی کے کسی واقعے سے مل جانا بعید نہیں۔

مگر کسی اتفاق کو کائناتی علت ثابت کرنے کے لیے منظم، قابلِ تکرار اور مضبوط تجرباتی ثبوت درکار ہوتے ہیں۔ یہی وہ مقام ہے جہاں جدید سائنسی طریق؟ تحقیق اور قدیم رمزی روایات کے راستے جدا ہو جاتے ہیں۔

سائنس کہتی ہے: مشاہدہ کرو،

مفروضہ قائم کرو، تجربہ کرو،

نتیجہ دوبارہ آزماؤ؟ اور اگر نتیجہ قائم نہ رہے تو اپنے دعوے پر نظرِ ثانی کرو۔

رمزی روایت علامت، استعارے،

نسبت اور معنی کی زبان میں گفتگو کرتی ہے۔

ایک پوچھتی ہے کہ ''یہ کیسے ہوتا ہے؟''،

'دوسری یہ سوال اٹھاتی ہے کہ

''اس کا مفہوم کیا ہے؟''،

ایک پیمائش چاہتی ہے،

دوسری معنی تلاش کرتی ہے۔

شاید اسی لیے ان دونوں کو ایک ہی ترازو میں رکھنا بھی درست نہیں۔

اسلامی فکر کے تناظر میں بھی غیب کے مسئلے کو نہایت احتیاط سے سمجھنا ضروری ہے

۔غیب کا قطعی علم اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص سمجھا جاتا ہے۔

چنانچہ حروف، اعداد یا ستاروں کی ترتیب کو یقینی غیبی علم کا ذریعہ قرار دینا

ایک سنجیدہ مذہبی دعویٰ بن جاتا ہے۔ روحانی، تاریخی یا رمزی روایات کا مطالعہ اپنی جگہ ایک علمی موضوع ہوسکتا ہے،

لیکن انہیں قطعی غیب دانی یا یقینی مستقبل بینی سمجھنا الگ معاملہ ہے۔

پھر وہی رات، وہی چراغ،

وہی بوڑھا عالم

اور وہی زرد کاغذ۔ حروف اب بھی وہیں ہیں،

اعداد اپنی جگہ قائم ہیں،

اور آسمان پر ستارے بھی اسی طرح خاموش ہیں۔

میں نے دوبارہ پوچھا:

''تو پھر آخر راز کہاں ہے؟''

اس نے کاغذ تہہ کیا، چراغ کے قریب رکھا اور کھڑکی کھول دی۔ رات کا وسیع آسمان سامنے تھا۔

وہ بولا: ''ستاروں کو دیکھو، مگر یہ نہ سمجھو کہ وہ تمہاری تقدیر لکھ رہے ہیں۔ شاید وہ صرف تمہیں یہ یاد دلانے آئے ہیں کہ کائنات تم سے کہیں وسیع ہے۔''

شاید یہی جملہ

علمِ نجوم،

علم الاعداد اور

علمِ جفر کے پورے اسراری جہان کو سمجھنے کی ایک مختلف کنجی ہے۔ انسان نے ستاروں میں اپنا مستقبل تلاش کیا،

اعداد میں اپنی شخصیت،

حروف میں اپنے راز اور خوابوں میں اپنی تقدیر؛

مگر شاید اس پورے سفر میں سب سے پراسرار شے خود انسان ہی رہا۔

کیونکہ یہی انسان ہے جو ایک عدد میں کائنات دیکھ لیتا ہے، ایک حرف میں صدیوں کا راز تلاش کر لیتا ہے،

ایک ستارے کو اپنی قسمت کا نگہبان سمجھ لیتا ہے،

اور پھر اسی آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر یہ بھول جاتا ہے

کہ نامعلوم کو جان لینے کی اس کی خواہش بھی انسانی نفسیات کا ایک عظیم راز ہے۔

سو علم الاعداد کو اعداد کی شاعری کے طور پر بھی پڑھا جاسکتا ہے،

علمِ جفر کو حروف کی ایک قدیم رمزی روایت کے طور پر سمجھا جاسکتا ہے، علمِ نجوم کو انسانی تہذیب کی قدیم آسمانی تعبیرات کے تناظر میں دیکھا جاسکتا ہے،

اور فلکیات کو کائنات کے قابلِ مشاہدہ حقائق تک پہنچنے کا سائنسی راستہ سمجھا جاسکتا ہے۔ مگر علامت اور ثبوت، اتفاق اور علت، اسرار اور غیب، روایت اور حقیقت کے درمیان جو باریک پردہ ہے،

اسے نظرانداز نہیں کرنا چاہیے۔

کیونکہ شاید اصل راز ستاروں میں نہیں؛ اصل راز اس نگاہ میں ہے جو ستاروں کو دیکھتی ہے۔

اصل حیرت اعداد میں نہیں؛

اصل حیرت اس ذہن میں ہے جو ایک عدد کو معنی عطا کرتا ہے۔ اصل طلسم حروف میں نہیں؛

اصل طلسم اس انسان کے وجود میں ہے جو چند حروف کو جوڑ کر محبت،

نفرت،

تقدیر،

تاریخ

اور پوری پوری داستانیں تخلیق کر دیتا ہے۔

اور شاید سب سے بڑی غزل نہ آسمان پر لکھی گئی

،نہ ابجد کے حروف میں،

نہ کسی عدد کے دائرے میں،

۔وہ غزل انسان کے وجود پر لکھی گئی ہے،

اور حیرت یہ ہے کہ اسے پڑھنے والا انسان آج تک خود اپنے آپ کو مکمل طور پر پڑھ نہیں سکا۔

مسجد کی چھت



درگاہ میں ایک شخص نے دوسرے سے پوچھا اسلام کے کتنے بنیادی ارکان ہیں؟

پانچ۔ اس نے جواب دیا۔ کلمہ شہادت، حج، روزہ، نماز اور زکوۃ

یہ سن کر قریب بیٹھے ہوئے حضرت بابا فریدؒ گنج شکر نے کہا چھٹے کو بھی شمار کرلو۔۔ انہوں نے استفسار کیا کہ بابا جی اسلام کا چھٹا رکن کون سا ہے؟۔۔ انہوں نے بڑی متانت سے فرمایا بھوک

پیٹ نہ پیاں روٹیاں
تے ساری گلاں کھوٹیاں

ہم ذرا غور تو کریں بھوک غربت کی کوکھ سے جنم لیتی ہے بھوک اتنی نامراد شے ہے کہ یہ جسم فروشی تک مجبور کر دیتی ہے انسان کو کفر تک لے جاتی ہے اسی لئے غربت سے تو نبی اکرم ﷺ نے بھی پناہ مانگی ہے غربت تمام برائیوں کی ماں کہا جاسکتا ہے پاکستان میں کچھ عرصہ قبل دو آدم خور بھائی پکڑے گئے تھے جنہوں نے یہ خوفناک انکشاف کیا کہ انہوں نے بھوک سے تنگ آکر مردوں کو قبروں سے نکال کر کھانا شروع کر دیا ان کی داستان سن کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

عبدالحمید ایک غریب طالب علم تھا انتہائی خوبرو، علم کا متلاشی، دوسروں سے قطعی مختلف۔۔ کچھ کلاس فیلو موج مستی بھی کرتے کھیل کود میں بھی وقت گزار دیتے لیکن وہ دن رات کتابیں پڑھتا ،اساتذہ اور علماء سے کچھ نہ کچھ سیکھنے کی جستجو میں لگا رہتا وہ تھا تو بہت زیادہ غریب لیکن اسے اپنی عزت نفس بہت پیاری تھی یہ مدرسہ ایک مسجد سے متصل تھا جو ایک قدیمی محلّہ میں واقع تھا اور وہاں تمام مکانات قدیمی طرز پر اس طرح بنے ہوئے ہیں کہ ایک دوسرے کی چھتیں آپس میں ملی ہوئی ہیں اور چھتوں سے ہی سارے محلّہ میں جایا جاسکتا ہے اسے کچھ ملا تو کھا کر خدا کا شکر ادا کر لیا ورنہ بھوکا پیاسا رہ کر صرف علم کے حصول کے لئے کوشاں رہنا ہی اس کی زندگی کا مقصد تھا اسے کسی سے مانگتے تو اسے بہت شرم آتی تھی۔ سردیوں کا موسم آیا تو اس کی مشکلات میں اضافہ ہوتا چلا گیا کیونکہ یہاں کافی برف باری ہوتی تھی جس کے باعث مدرسے میں آنے والوں کی تعداد کم سے کم ہوتی چلی گئی پہلے پہل صرف چند نمازی ہی آنے لگے پھر موسم کی شدت میں اضافہ ہوا تو ان میں سے کئی آنا بند ہو گئے مدرسے کے اساتذہ کرام بھی فاقے کرنے لگے لیکن اس کے باوجود سب یہ سختیاں حصول علا کے لئے برداشت کر رہے تھے پھر وہ وقت بھی آیا کہ دو روز گزر گئے کہ عبدالحمید نے کچھ نہیں کھایا تھا کیونکہ اس کے پاس کھانے کے لئے کوئی چیز نہیں تھی اور نہ ہی کھانا خریدنے کے لئے کوئی پیسہ اس کے پاس تھا جب بھی بھوک ستاتی وہ پانی پی لیتا تیسرے روز بھوک کی شدت سے اس کی حالت غیر ہونا شروع ہوگئی اس نے احساس کیا کہ وہ مرنے کے قریب ہے! وہ سوچنے لگا کہ اب میں اضطراری حالت میں ہوں کہ شرعی طور پر جان بچانے کے لئے حرام جائز ہو جاتا ہے اب عبدالحمید نے سوچا کیا ضرورت کے لئے چوری کرنا جائز ہے؟ اس کے دل و دماغ نے اثبات میں سر ہلا دیا دمشق کے ممتاز ادیب شیخ علی طنطاوی نے اپنی یادداشتوں میں لکھا ہے یہ سچا واقعہ ہے اور میں ان لوگوں کو اچھی طرح جانتا ہوں اور اس واقعہ کی تفصیل سے آگاہ ہوں ساتویں ہجری میں ایک مسلمان بادشاہ نے اس کو خرید کر وہاں ایک مسجد تعمیر کرائی پہلے اس کا کوئی اور نام تھا پھر اس مسجد کا نام توبہ رکھا گیا اس کا یہ نام رکھنے کی ایک خاص وجہ یہ ایک واقعہ ہے جس کے بارے میں میں بتانا چاہتا ہوں کہ اللہ کے نزدیک توبہ کا کیا مقام ہے ہاں تو یہ مسجد ایک قدیمی محلّہ میں واقع تھی اور وہاں تمام مکانات قدیمی طرز پر اس طرح بنے ہوئے تھے کہ ایک دوسرے کی چھتیں آپس میں ملی ہوئی ہیں جس سے سارے محلّہ میں کسی بھی مکان تک جایا جاسکتا تھا بھوک اور پیاس سے تنگ آکر عبدالحمید ڈرتے ڈرتے مسجد کی چھت پر گیا اور وہاں سے محلّہ کے گھروں کو چوروں کی طرح پھلانگتا ہوا ایک طرف چل دیا پہلے گھر کی چھت پر پہنچا تو وہاں کچھ خواتین کے شور کی آوازیں صاف سنائی دینے لگیں وہ بے آواز چلتا ہوا دوسرے گھر کی چھت پر چلا گیا وہاں اس نے ایک بچے کے رونے کی آواز سنی وہ دبک کر پیچھے ہٹا تو اگلے گھر کی چھت پر جا پہنچا وہاں کسی قسم کی کوئی سرگرمی محسوس نہ ہوئی خوف اور ندامت سے اس کا پورا جسم پسینے میں نہا گیا وہ چپکے سے سیڑھیاں اترنے لگا گھر میں جیسے کوئی ذی روح نہ ہو وہ لپک کر کچن میں جا گھسا جہاں سے کھانے کی بھینی بھینی خوشبو آرہی ہے۔ بھوک کی شدت میں جب کھانے کی خوشبو اس کے دماغ میں پہنچی تو آہن ربا کی مانند اس کو اپنی طرف کھینچ لیا وہ فوراً باورچی خانے میں پہنچا۔ تجسس اور بھوک سے بے تاب ہو کر اس نے دیگچی کا ڈھکن اوپر اٹھایا تو اس میں بھرے ہوئے بینگن کا سالن تھا۔ وہ سوچنے لگا یہ بھوک بھی کیسی ظالم چیز ہے انسان کے لئے حرام کو جائز بنا دیتی ہے اس نے ایک بینگن اٹھایا بھوک کی شدت نے اس کے گرم ہونے کی بھی پرواہ نہیں کی اس نے انتہائی بے تابی اور ندیدوں کی طرح بینگن کو دانتوں سے کاٹا اور جیسے ہی نگلنا چاہا عبدالحمید کی عقل و ضمیر کے درمیان کش مکش ہونے لگی بھوک کہنے لگی اسے جلدی سے کھالو یہ نہ ہو کوئی آن پہنچے اور تم مارے بھوک کے بے ہوش ہو کر کہیں گر نہ جاؤ ضمیر نے ملامت کی بھوک سے مجبور ہو کر چوری کرنا انتہائی گھٹیا حرکت اور کمینگی ہے پھر اس کا ایمان جاگ اٹھا اپنے آپ سے کہنے لگا اللہ تعالیٰ مجھے معاف کرے اپنی پناہ میں رکھے! میں طالب علم ہوں جس کی زندگی کا مقصد علم کا حصول ہونا چاہیے چوری کرنا نہیں یہ زیبا نہیں دیتا کہ کسی کے گھر میں گھس کر چوری کرو؟؟ اسے اپنے آپ سے گھن آنے لگی اسے اپنے اس فعل پر شرم آنے لگی وہ دل ہی دل میں پشیمان ہو گیا اس نے استغفار کیا اور پھر بینگن کو واپس دیگچی میں رکھ دیا وہ جیسے آیا تھا ویسے ہی سراسیمہ واپس لوٹ گیا بھوکا، پیاسا، نامراد۔ وہ مسجد میں داخل ہوا اللہ کے حضور سر بسجدہ ہو گیا کہ اس نے ایک گناہ سے بچا لیا تھا پھر وہ بے جان قدموں سے مسجد سے متصل مدرسے میں اپنے شیخ کے حلقہ درس میں شامل ہو گیا بھوک کی شدت سے وہ کچھ سمجھ نہیں پا رہا تھا کہ شیخ کیا درس دے رہے ہیں؟ اسی دوران ایک خاتون مکمل حجاب میں وہاں آئی۔ (اس زمانے میں خواتین بغیر حجاب کے کہیں جانے آنے کا تصور بھی نہیں کرتی تھیں) خاتون نے شیخ سے کچھ گفتگو کی اور عبدالحمید ان دونوں کی گفتگو نہیں سمجھ سکا اس کی آنکھوں کے سامنے کبھی روٹی اور کبھی بینگن کا تصور ابھر رہا تھا وہ اٹھنے ہی لگا تھا کہ شیخ نے اپنے چاروں اطراف نظر دوڑائی عبدالحمید کے علاوہ وہاں کوئی بھی نہ تھا اس کو آواز دے کر پوچھا عبدالحمید کیا تم شادی شدہ ہو؟ عبدالحمید نے نفی میں جواب دیتے ہوئے کہا: نہیں! شیخ نے کہا: تم شادی کرنا چاہتے ہو؟ عبدالحمید کے لب کپکپائے وہ خاموش ہو کر رہ گیا۔۔۔ اس کے سامنے تو بھوک ناچ رہی تھی وہ سوچنے لگا مجھے خود روٹی کے لالے پڑے ہوئے ہیں میں نے شادی کر لی تو بیوی کو کہاں سے کھلاؤں گا؟

شیخ نے پھر کہا: مجھے بتاؤ تم شادی کرنا چاہتے ہو یا نہیں؟ خاتون بھی اس کی طرف دیکھ رہی تھی

عبدالحمید نے جواباً کہا خدا کی قسم میرے پاس ایک لقمہ روٹی کے لئے پیسے نہیں ہیں میں کس طرح شادی کروں؟ شیخ نے کہا: یہ خاتون آئی ہے اور اس نے مجھے بتایا ہے کہ اس کا شوہر وفات پا گیا ہے اور وہ اس شہر میں بے کس ہے اور اس کا دنیا میں سوائے ایک ضعیف چچا کے کوئی عزیز و رشتہ دار نہیں ہے اسے آسرا چاہیے کچھ لوگ اس کی جائیداد پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں یہ خاتون اپنے چچا کو ساتھ لیکر آئی ہے۔ اور وہ اس وقت اس مسجد کے ایک گوشہ میں بیٹھا ہوا ہے۔ اگر تم ہاں کر دو تو میں اسے بلا لیتا ہوں اس خاتون کو اس کے شوہر سے گھر اور مال وراثت میں ملا ہے۔ شیخ بولتے بولتے ہی چلے گئے اب یہ آئی ہے اور ایسے مرد سے شادی کرنا چاہتی ہے جو شرعاً اس کا شوہر اور اس کا سرپرست ہو۔ تاکہ تنہائی اور بدطینت انسانوں سے محفوظ رہ سکے۔۔ کیا تم اس سے شادی کے لئے رضامند ہو؟ نہ جانے وہ کون سی طاقت تھی جس نے عبدالحمید کو مجبور کر دیا کہ وہ ہاں کہہ دے۔۔ اس نے اثبات میں سر جھکا دیا شیخ نے خاتون کے چچا کو بلا بھیجا پھر اس کی موجودگی میں خاتون سے پوچھا: کہ تم اس کو اپنے شوہر کے طور پر قبول کرتی ہو؟ اس نے بھی مثبت جواب دیا۔ اب شیخ نے اس خاتون کے چچا اور دو گواہوں کو بلا کر ان دونوں کا عقد پڑھ دیا اور اس طالب علم کے بجائے خود اس خاتون کا مہر ادا کیا۔ اور پھر اس خاتون سے کہا: اپنے شوہر کا ہاتھ تھام لے اس نے مسکرا کر اپنے مجازی خدا کا ہاتھ تھام لیا اور سب لوگوں کو ساتھ لے کر وہ خاتون اپنے گھر لے آئی سب کی تواضع کی پھر سب رخصت ہو گئے تو خاتون نے اپنے چہرے سے نقاب ہٹا دیا عبدالحمید اپنی زوجہ کے حسن و جمال سے مبہوت ہو گیا۔ اس نے بے اختیار اپنی بیوی کو بانہوں میں لے لیا پھر جب وہ گھر کی طرف متوجہ ہوا تو حیران رہ گیا پھر اس پر انکشاف ہوا کہ یہ گھر ہے جس میں وہ کھانا چوری کرنے کیلئے داخل ہوا تھا وہ حیران پریشان کھڑا تھا کہ اس کی بیوی نے شوہر سے کہا: کیا تم کھانا نہیں کھاؤ گے؟ اس نے کہا: جی ہاں! پھر جب بیوی نے ڈھکن اٹھایا اور بینگن کو دیکھا تو بولی: عجیب! چور تھا جو گھر تک آیا اس نے کچھ نہیں چرایا لیکن بینگن اٹھایا پھر اسے دانتوں سے کاٹا کھایا بھی نہیں اور واپس دیگچی میں رکھ کر چلا گیا میں خوفزدہ ہوگئی اپنے چچا کو بلا کر سارا ماجرا کہہ سنایا چچا نے زور دیا کہ عورت کا اکیلے رہنا مناسب نہیں ہے اس لئے تم عقد ثانی کر لو اسی لئے میں انہیں لے کر تمہارے شیخ کے پاس گئی تھی۔۔ یہ سن کر عبدالحمید کی چیخ نکل گئی وہ بلغ اختیار رونے لگ گیا اور اپنا سارا قصہ اس کو کہہ سنایا خاتون نے اس کا ہاتھ تھام کر کہا: یہ تمہاری امانت داری اور تقویٰ کا نتیجہ ہے تم نے حرام بینگن کھانے سے اجتناب کیا تو اللہ نے سارا گھر اور گھر کی مالکن کو حلال طریقے سے تمہیں نواز دیا سچ ہے جو کوئی اللہ کی خاطر کسی گناہ کو ترک کرے اور تقویٰ اختیار کرے تو اللہ اجر کے طور پر اس کے مقابل میں بہتر چیز اس کو عطا کر دیتا ہے۔

اجرت کا چوتھا حصہ

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

ہے۔ انہوں نے ٹیکس دہندگان پر زور دیا کہ وہ آخری تاریخ کا انتظار کرنے کے بجائے آج ہی اپنے واجبات ادا کریں تاکہ نہ صرف 5 فیصد رعایت حاصل کی جا سکے بلکہ آئندہ کسی قسم کی اضافی مشکلات اور جرمانے سے بھی بچا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بروقت ٹیکس ادائیگی شہریوں کی ذمہ داری بھی ہے اور صوبے کے مالی و انتظامی نظام کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

بقیہ سحر 35

بلکہ رائے عامہ کی تشکیل، معاشرتی بیانیوں اور مختلف اقوام کے بارے میں تصورات پر گہرا اثر رکھتا ہے، اس بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کے ساتھ میڈیا کی ذمہ داری بھی کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غلط یا گمراہ کن بیانیے معاشروں کے درمیان فاصلوں، غلط فہمیوں اور عدم اعتماد کو بڑھا سکتے ہیں

بقیہ سحر 36

ایک تعلیمی ڈگری پر انکریمنٹ حاصل کرنے کے بعد دوسری ڈگری کی بنیاد پر دوبارہ ایڈوانس انکریمنٹ کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس شیریں عمران نے سابق وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ملازم محمد یاسین کی آئینی درخواست پر 12 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا جسے عدالتی نظیر قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 37

نکلیں گے، آپ نے اس دوران کیوں اپوزیشن سے رابطہ یا بات چیت نہیں کی۔

بقیہ سحر 38

روپے انعام دیا گیا، پولیس قانون کے بجائے حکومتی پالیسی پر عمل کر رہی ہے۔ سماعت کے دوران جج راجہ آصف نے استفسار کیا کہ کیا ایسی درخواست کسی اور عدالت میں بھی زیر سماعت ہے؟ وکیل نے بتایا کہ کارروائی کے حوالے سے 5 درخواستیں دائر ہیں۔ جج راجہ آصف نے کہا کہ آپ کی درخواست پر فیصلہ جاری کروں گا۔

بقیہ سحر 39

انداز میں آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ شازیہ رضوان نے کہا کہ پنجاب میں فنکار برادری اور ثقافتی شعبہ سے وابستہ افراد کی حوصلہ افزائی اور انہیں بہتر مواقع کی فراہمی کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ صوبے کے ثقافتی ورثے کو اجاگر کرنے اور نوجوان نسل کو اپنی ثقافت سے روشناس کرانے پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے ملاقات کے دوران ثقافت اور فنونِ لطیفہ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے باہمی تعاون اور مثبت ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ کے حوالے سے گفتگو کی۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی اور اطلاعات و ثقافت کے شعبہ میں مزید مؤثر اقدامات اور باہمی رابطے کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر پی پی 16 کے ضلعی جنرل سیکرٹری ملک رضوان افسر بھی موجود تھے۔

بقیہ سحر 40

کا سراغ لگا لیا۔ ٹیکس دہندگان نے پرانے ویلتھ اسٹیٹمنٹس میں غیر قانونی طور پر اثاثے ظاہر کیے۔ ملوث عناصر کے خلاف اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 کے تحت فوجداری مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ایف بی آر کے مطابق ڈیٹا کے تفصیلی تجزیے کے دوران 85 ٹیکس دہندگان کی جانب سے 2014 سے 2019 کے ٹیکس سالوں کے ویلتھ اسٹیٹمنٹس میں بعد ازاں تبدیلیاں کی گئیں۔

بقیہ سحر 41

بروقت اقدام کرنا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ باقاعدگی سے خود معائنہ کرنے سے خواتین اپنے جسم میں معمول کی تبدیلیوں سے آگاہ رہ سکتی ہیں اور یہ جان سکتی ہیں کہ کب انہیں طبی مشورہ حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ 50 سال سے زائد عمر کی خواتین کو سکریننگ خدمات کی حامل سہولیات پر باقاعدگی سے میموگرام پر غور کرنا چاہیے۔

بقیہ سحر 42

ہوگئی، بہبود اور پنشن سرٹیفکیٹس پر شرح منافع میں 12 بیسس پوائنٹس اضافہ کیا گیا، جس کے بعد شرح منافع 12.72 فیصد ہوگئی۔ ریگولر انکم سرٹیفکیٹ پر منافع کی شرح میں 60 بیسس پوائنٹس کا اضافہ کیا گیا، نئی شرح 11.76 فیصد مقرر کر دی گئی، اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹ پر شرح منافع میں 74 بیسس پوائنٹس تک اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد سرمایہ کاروں کو 11.82 فیصد منافع ملے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سروا اسلامک ٹرم اکاؤنٹ کے تین سالہ پلان پر شرح منافع میں 14 بیسس پوائنٹس اضافہ کیا گیا، نئی شرح 11.57 فیصد ہوگئی، سروا اسلامک ٹرم اکاؤنٹ کے پانچ سالہ پلان پر شرح منافع میں 54 بیسس پوائنٹس کا اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد نئی شرح 11.70 فیصد مقرر کر دی گئی۔

بقیہ سحر 43

درخواستوں کی وصولی کا آغاز کر دیا ہے۔ جمعرات کو ترجمان مذہبی امور کے مطابق جو ادارہ، کمپنی یا کارپوریشن اپنے خرچ پر اپنے کم آمدن والے ملازمین کو حج 2027 کروانا چاہتی ہے، ان کیلئے وزارت مذہبی امور نے نیشنل آئی ٹی بورڈ کی تیار کردہ حج پورٹل کے ذریعے لیبر کوٹہ کی درخواستوں کی وصولی کا آغاز کر دیا ہے۔ اس کوٹے کے تحت کمپنیوں اور اداروں کی جانب سے صرف کم آمدن والے ملازمین، صنعتی کارکنان، کان کن اور دیگر اہل مزدوروں (لیبر) کے لیے حج کی درخواستیں جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ درخواست دینے کا طریقہ انتہائی آسان ہے جس کے تحت حج پورٹل hajj.mora.gov.pk پر جائیں، اپنی کمپنی یا ادارے کا اکاؤنٹ بنائیں، لاگ ان کریں، متعلقہ ملازمین یا درخواست گزاروں کی تفصیلات درج کریں اور درخواست وزارت مذہبی امور کو آن لائن ارسال کر دیں۔ وزارت کی جانب سے درخواست کی منظوری اور واجبات کی ادائیگی کا اعلان اور طریقہ کار بھی حج پورٹل کے ذریعے ہی جاری کیا جائے گا۔

بقیہ سحر 44

ہے، ترسیلاتِ زر اور خدمات کی برآمدات سے آمدنی اور بیرونی کھاتوں کو مسلسل سہارا ملنے کی توقع ہے، زرمبادلہ کے مضبوط ذخائر اور عالمی کیپٹل مارکیٹوں تک دوبارہ رسائی سے بیرونی جھٹکوں سے نمٹنے کی صلاحیت بہتر ہوگی، تاہم عالمی سطح پر تیل کی بلند قیمتیں معاشی منظرنامے کے لیے بدستور بڑا خطرہ ہیں جو عوام کی قوتِ خرید، پیداواری لاگت اور درآمدی بل پر دباؤ بڑھا سکتی ہیں۔

بقیہ سحر 45

بٹ، محمد عمران عباسی اور اظہر محمود ستی شامل تھے۔ اڈیالہ جیل پہنچنے والے رہنماؤں کو پولیس نے داہگل ناکے پر روک لیا تھا، ملاقات کی اجازت نہ ملنے پر پی ٹی آئی رہنما واپس روانہ ہوئے۔

بقیہ سحر 46

کی سماعت کے موقع پر کیس کا فیصلہ بغیر کارروائی کے موخر کر دیا گیا۔ علیمہ خان کے خلاف مقدمے کا فیصلہ 9 اکتوبر تک موخر کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل عدالت نے 22 ستمبر کو کیس کا فیصلہ محفوظ کیا تھا۔

بقیہ سحر 47

کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا، بالخصوص چترال میں سیاحت کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے صوبے میں تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی

بقیہ سحر 48

کی کیپٹل مارکیٹ کی بنیاد میں مزید وسعت کی عکاسی ہو رہی ہے۔ انہوں نے یہ بات سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں ستمبر 2026 کے دوران ریکارڈ 25281 نئے سرمایہ کار شامل ہوئے جو ایک ماہ کے دوران نئے سرمایہ کاروں کی سب سے زیادہ تعداد ہے، اس اضافے کے بعد سٹاک مارکیٹ میں مجموعی سرمایہ کاروں کی تعداد 656218 تک پہنچ گئی ہے جو مارچ 2024 کے مقابلے میں دگنی سے بھی زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سٹاک ایکسچینج کے مطابق نئے سرمایہ کاروں کی اکثریت کا تعلق جین زی ہے جس سے ملک کی کیپٹل مارکیٹ میں نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی شمولیت کی عکاسی ہو رہی ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ سرمایہ کاروں کی بڑھتی تعداد سے نہ صرف مارکیٹ میں وسیع تر شرکت بلکہ پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کی بنیاد میں مزید وسعت کی عکاسی ہو رہی ہے۔

بقیہ سحر 49

سخت گیر رویے کی وجہ سے معاملہ حل ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ ایک انٹرویو میں بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر خان اور پارٹی کے دیگر لوگ چاہتے ہیں کہ رابطے ہوں لیکن وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو منانے کی گارنٹی کون دے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی نااہلی اور ناکامیاں کب تک وفاق پورا کرتا رہے گا۔ وزیر مملکت برائے قانون نے کہا کہ سہیل آفریدی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ تعاون نہیں کرتے اور نیشنل ایکشن پلان پر بھی عمل نہیں کر رہے۔

بقیہ سحر 50

لیے اخراجات میں کمی اور توانائی بچت کے مختلف اقدامات نافذ کر دیے۔ جاری حکم نامے میں سرکاری ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں 50 فیصد کمی، سیکیورٹی گاڑیوں کو ایک اسکواڈ تک محدود کرنے اور 70 فیصد توانائی بچانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ توانائی کی بچت کے لیے اسمبلی اجلاس غروبِ آفتاب سے قبل منعقد کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔

بقیہ سحر 51

میں شرکت کے لیے تیار ہیں مگر اس بات کا واضح جواب سامنے نہیں آ رہا کہ پنجاب سے اس قافلے کی قیادت کون کرے گا۔ تحریک انصاف کے کارکنوں کے مطابق پارٹی کی کال پر کارکن لبیک کہتے ہیں تاہم رہنما اور ارکان اسمبلی گرفتاری سے بچنے کے لیے روپوش ہو گئے ہیں۔ کارکنوں کے مطابق پولیس کے چھاپوں کا سلسلہ گھروں تک پہنچ چکا ہے جس کے بعد متعدد ارکان پنجاب اسمبلی اپنے حلقے اور رہائشگاہیں چھوڑ کر کہیں چھپ گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف معین ریاض قریشی بھی ان دنوں دستیاب نہیں، وہ رابطے میں نہیں آ رہے اور ان کا فون بھی بند جا رہا ہے۔ کارکنوں کا کہنا ہے کہ جب بڑا لیڈر قافلے کی قیادت کرے تو کارکنوں کو حوصلہ ملتا ہے لیکن وہ اس وقت تذبذب کی صورتحال سے دوچار ہیں۔

بقیہ سحر 52

انکوائری کا حکم دیتے ہوئے 3 ڈی آئی جیز پر مشتمل انکوائری کمیٹی تشکیل دیدی ہے۔ کمیٹی میں ڈی آئی جی پریزن لاہور محسن رفیق، ڈی آئی جی پریزن ہیڈ کوارٹر شوکت فیروز اور ڈی آئی جی پریزن انسپکشن نوید رؤف شامل ہیں۔ اعلیٰ سطحی انکوائری کمیٹی نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کرتے ہوئے زخمی قیدیوں اور جیل عملے سے معلومات حاصل کرنا شروع کر دی ہیں۔ ترجمان کے مطابق انکوائری کے ذریعے واقعے کے ذمہ داران کا تعین کیا جائے گا جس کے بعد ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے زخمی قیدیوں کو بہترین طبی امداد فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔

بقیہ سحر 53

ریکوری، مریم نواز راشن کارڈ، نئے ورکرز کی رجسٹریشن اور فیلڈ انسپکشن سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمشنر سوشل سیکیورٹی کو کنٹری بیوشن ریکوری کے اہداف اور مختلف ڈائریکٹوریٹس کی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ سحر 54

وزیر کو صحت اور تعلیم کے میدان میں ہر ممکن مدد فراہم کریں گے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ موجودہ حالات میں کاروباری افراد کی معاشرے میں عوام کی فلاح و بہبود کے حوالے سے سرگرمیاں قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کاروباری افراد کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے ہیں۔ یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ غیر ملکی سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے میں دلچسپی لے رہے ہیں۔

بقیہ سحر 55

لے جایا گیا، ملزمان سے حاصل کیے گئے نمونے متاثرہ لڑکی کے سیمپلز سے میچ کیے جائیں گے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جائے وقوعہ رائیونڈ روڈ کی ایک نجی سوسائٹی کے فلیٹ سے بھی فرانزک ٹیم نمونے حاصل کر چکی ہے، جائے وقوعہ سے فنگر پرنٹس اور زیر استعمال برتنوں سے بھی نمونے حاصل کیے گئے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے زیر استعمال گاڑی سے بھی سیمپلز اکٹھے کیے گئے، جائے وقوعہ سے ڈیجیٹل شواہد حاصل کرنے کی کوشش بھی کی گئی۔ پولیس نے بتایا کہ اجتماعی زیادتی کا تعین فرانزک رپورٹ کرے گی، تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہائی پروفائل کیس کے حوالے سے حقائق سامنے لائے جائیں گے۔

بقیہ سحر 56

ہماری قیادت کو ٹیلیفون کر کے درخواست کی تھی کہ ان کی واپسی کا انتظار کیا جائے، وہ واپس آ کر اس معاملے پر مکمل بات کریں گے اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے اقدامات کریں گے۔

بقیہ سحر 57

تاہم یہ بات بھی درست ہے کہ پی ٹی آئی نے 14 برسوں میں صوبے میں انتشار کے سوا کچھ نہیں کیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آئین اور جمہوریت کی بالادستی پر یقین رکھا ہے۔ خیبر پختونخواہ میں قائم پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے گزشتہ 13، 14 سالوں کے دوران عوامی فلاح و بہبود اور امن و امان کے قیام کے لیے صفر کام کیا ہے اور ان کی پوری سیاست محض دھرنوں اور تصادم کے گرد گھومتی رہی ہے۔

بقیہ سحر 58

بلال، جسٹس ہاشم کاکڑ، جسٹس صلاح الدین پنہور اور جسٹس اشتیاق ابراہیم نے تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب میں وائس چیئرمین پاکستان بار کونسل پیر مسعود چشتی نے کہا کہ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی توجہ کے باعث لاہور رجسٹری میں سول اور فوجداری مقدمات کے فیصلے ہو رہے ہیں، دہائیوں سے زیر التوا کیسز نمٹائے جا رہے ہیں 1999ء کے کیس کا فیصلہ بھی 2026ء میں ہوا یہ صرف چیف جسٹس کی توجہ سے ممکن ہوا۔ سپریم کورٹ کے جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ پاکستان بار کونسل اور سپریم کورٹ کا مشکور ہوں، انہوں نے ہمیں چائے کی دعوت دی کوئی لمبی چوڑی باتیں نہیں کرنی صرف آپکا شکریہ ادا کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارے سامنے اس وقت سول نوعیت کے 1976ء کیسز چل رہے ہیں، ہم پچاس سال پرانے کیسز کے فیصلے کر رہے ہیں آپ لوگوں نے اس معاملے پر ہمارے ساتھ بہت تعاون کیا۔

بقیہ سحر 59

پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور شراکت دار ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان براہِ راست روابط بڑھانے کے ساتھ ساتھ نئی منڈیوں کی تلاش اور ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے تعاون کو مزید فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کاروباری برادری برازیل سمیت دیگر عالمی منڈیوں کے ساتھ تجارتی اور سرمایہ کاری روابط کو مزید مضبوط بنانے میں گہری دلچسپی رکھتی ہے۔

بقیہ سحر 60

برآمد کنندگان کے سیلز اور انکم ٹیکس ریفنڈز فوری ادا کیے جائیں۔

بقیہ سحر 61

سے زائد شہریوں نے جنرل پولیس ویریفکیشن، 7 لاکھ سے زائد افراد کو پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹس جاری کیے گئے۔ اسی طرح 10 لاکھ 45 ہزار سے زائد شہریوں نے کرایہ داری کا اندراج کروایا جبکہ ایک لاکھ 47 ہزار سے زائد افراد نے میڈیکو لیگل سرٹیفکیٹ حاصل کیے۔ کمزور طبقات کے تحفظ کے لیے جاری اقدامات کے تحت 84 ہزار سے زائد افراد کو قانونی اور سماجی تحفظ فراہم کیا گیا۔ گاڑیوں کی تصدیق کے لیے 26 ہزار سے زائد شہریوں نے وہیکل ویریفکیشن کروائی جبکہ 74 ہزار سے زائد افراد نے گمشدہ دستاویزات کا اندراج کرایا اور 2 ہزار 565 شہریوں نے جرائم رپورٹ رجسٹر کروائی

بقیہ سحر 62

،21,528 افراد کے شدید زخمی ہو کر مستقل معذوری کا شکار ہونے، 1,473 آگ لگنے کے واقعات اور 143 ڈوبنے کے حادثات پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 63

صورتحال میں امن، استحکام اور معمولات زندگی کا تسلسل برقرار رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل معاشی حالات میں عوام اور حکومت مل کر مسائل کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ مہنگائی کے اثرات کم کرنے اور عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے وزیر اعظم شہباز شریف جلد اہم اعلان کریں گے

بقیہ سحر 64

یادداشت کا مقصد پولیس اہلکاروں، پولیس شہداء کے بچوں اور پولیس خاندانوں کے لیے اعلیٰ تعلیم کے مواقع کو آسان بنانا اور انہیں تعلیمی اخراجات میں خصوصی رعایت فراہم کرنا ہے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت پی ای ایف یونیورسٹی کالج پشاور ہر داخلہ سیشن کے دوران مخصوص تعلیمی پروگراموں میں پولیس خاندانوں کے لیے نشستیں مختص کرے گا۔

بقیہ سحر 65

اگر وزارت اپنے انتظامی دائرہ اختیار میں آنے والے اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیتی ہے تو وزارت کی پالیسیوں اور فیصلوں کی موثریت بھی جانچنے کا موثر نظام ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نگرانی و جائزے کو محض انتظامی سرگرمی کے بجائے عوامی پالیسی کے مسلسل عمل کا حصہ بنایا جائے۔ پالیسی کے اہداف، ادارہ جاتی ذمہ داریوں، وسائل، ترغیبات اور عمل درآمد کے طریقہ کار کو جامع جائزے میں شامل کیا جانا چاہیے۔ نگرانی کے اخراجات کی ذمہ داری بھی اداروں کے فرائض اور جائزے کے مقصد کے مطابق واضح ہونی چاہیے تاکہ غیر ضروری مالی بوجھ صارفین پر منتقل نہ ہو۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پاور سیکٹر میں آپریشنل نگرانی اور پالیسی جائزے کو الگ رکھتے ہوئے ایک مربوط اور شفاف فریم ورک تشکیل دیا جائے

بقیہ سحر 66

کرتے ہوئے انہیں آئندہ سماعت پر مکمل اور جامع رپورٹ کے ہمراہ دوبارہ پانچ اکتوبر کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے شہری محمد اسماعیل کی جانب سے سابق ڈی جی ایف آئی اے کے خلاف دائر توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی۔ ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور، ڈائریکٹر ایف آئی اے کیپٹن ریٹائرڈ علی ضیاء جبکہ وفاقی حکومت کی جانب سے ڈپٹی اٹارنی جنرل رفاقت علی ڈوگر عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ڈی جی ایف آئی اے سے استفسار کیا کہ گزشتہ روز عدالت میں جو رپورٹ پیش کی گئی تھی، کیا وہی رپورٹ آئی ہے؟ عدالت نے عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ ہونے پر توہین عدالت کی کارروائی شروع کرنے کا عندیہ بھی دیا۔ ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور نے عدالت سے مہلت دینے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ایک موقع دیا جائے، وہ مکمل رپورٹ بھجوا دیں گے

بقیہ سحر 67

بھی تجویز ہے۔ شعیب اقبال نے کہا کہ خصوصی بچوں میں مطالعے اور تخلیقی صلاحیتوں کے مواقع بڑھانے کے لیے تعاون جاری رکھنے کا عزم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور کے 100 طلبہ برٹش کونسل کی مختلف سرگرمیوں میں شریک ہو چکے ہیں۔ شعیب اقبال نے کہا کہ جدید تعلیم کے ویژن کو پنجاب بھر کے تعلیمی اداروں میں پھیلایا جائے گا۔

بقیہ سحر 68

ایم ایس کے ذریعے رسید کا اجراء لازم ہے۔ ترجمان کے مطابق ای آئی ایم ایس سے منسلک کاروباروں کی سیلز اور ٹیکس ریکارڈ کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کی جائے گی، صارفین کو ادائیگی کے بعد کمپیوٹرائزڈ اور قابل تصدیق رسید فراہم کرنا کاروباری اداروں کی ذمہ داری ہے، سیلز انوائس پر پی آر اے کی جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کیخلاف بھی کارروائیاں کی جا رہی ہیں، ای آئی ایم ایس کے ذریعے ٹیکس وصولی اور ریٹرنز میں ظاہر کیے گئے کاروباری حجم کا تقابلی جائزہ لیا جا سکے گا۔ ترجمان کے مطابق نوٹسز کے باوجود ای آئی ایم ایس کی خلاف ورزی کرنے والے کاروباری اداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی، صارفین کے ادا کردہ ٹیکس کی حفاظت اولین ذمہ داری، جعلسازی کرنے والوں کو بھاری جرمانے عائد کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ سحر 69

کے تحت 100 نمبرز پر مشتمل فارمولا جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ نئے اسکورنگ نظام کے تحت مارکیٹ کمیٹیوں کی کارکردگی کو مختلف پیمانوں پر جانچا جائے گا۔ اسکورنگ میں آمدن کے 45، زرعی انڈسٹری کے 20، اثاثوں کے 15 اور تھرو پٹ کے 15 نمبرز شامل ہوں گے۔ 60 یا اس سے زائد اسکور حاصل کرنے والی مارکیٹ کمیٹیوں کو کیٹیگری "اے" جبکہ 60 سے کم اسکور حاصل کرنے والی کمیٹیوں کو کیٹیگری "بی" میں شمار کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران قصور فروٹ اینڈ سبزی منڈی کے ترقیاتی منصوبے پر بھی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ قصور منڈی اور پاک سٹی ہاؤسنگ اسکیم کی زمین کی حدود سے متعلق تنازع کا باقاعدہ حل نکال لیا گیا ہے۔ ڈی جی پامرا اور ریونیو ٹیموں کے مشترکہ دوروں کے بعد اراضی کے ریکارڈ کی تصدیق مکمل کر لی گئی، جبکہ قصور انتظامیہ اور پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے تعاون سے حد بندی کی تفصیلی رپورٹ بھی تیار کر لی گئی ہے۔ تنازع حل ہونے کے بعد قصور فروٹ و سبزی منڈی کی سائٹ پر ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا گیا ہے

بقیہ سحر 70

حیرانی کا اظہار کیا۔ پی اے سی میں ممبران نے سوال اٹھایا کہ میونسپل کمیٹیوں کے سی اوز اور ایڈمنسٹریٹرز کے فرائض کیا ہیں، میونسپل کمیٹی کے سی او کے کیا فرائض ہیں۔ کمیٹی نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سالوں سے زیر التواء رقم وصول کیوں نہیں کی جا رہی۔ سرکاری افسران نے موقف اپنایا کہ سرکاری رقم وصول کرنا ایڈمنسٹریٹر کی ذمہ داری نہیں۔ آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کے افسران نے موقف اپنایا کہ سرکاری وجب الادا رقم وصول کرنا ایڈمنسٹریٹر کی ہی ذمہ داری ہے۔ پی اے سی تھری نے مری میں ریسٹورینٹ اور ٹاور کی لیز رقم وصول کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اکہ سوز و واٹر پارک سے واجب الادا رقم بھی کسی نے وصول نہیں کی، مختلف دکانوں کے کرائے اور واٹر سپلائی کی رقم بھی وصول نہیں کی گئی۔

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کے ٹکٹوں کی فروخت کا اعلان

ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کے ٹکٹ کم از کم 200 روپے میں دستیاب ہوں گے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کے ٹکٹوں کی فروخت کا اعلان۔ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کے ٹکٹ کم از کم 200 روپے میں دستیاب ہوں گے۔ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کے آن لائن ٹکٹ 3 اکتوبر سے فروخت ہوں گے۔ فزیکل ٹکٹ 5 اکتوبر سے ٹی سی ایس ایکسپریس سینٹرز پر دستیاب ہوں گے۔ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز 9 سے 13 اکتوبر تک راولپنڈی میں کھیلے جائیں گے۔ پہلے دو ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کے جنرل ٹکٹ 300 روپے سے شروع ہوں گے۔ تیسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کے جنرل ٹکٹ کی کم از کم قیمت 200 روپے مقرر کی گئی ہے۔ پہلے دو ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کے وی آئی پی ٹکٹ 1,000 روپے سے دستیاب ہوں گے۔ تیسرے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کے وی آئی پی ٹکٹ 800 روپے سے دستیاب ہوں گے۔ پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان تین ملکی ون ڈے انٹرنیشنل سیریز کے ٹکٹ 10 اکتوبر سے آن لائن دستیاب ہوں گے۔ تین ملکی سیریز کے فزیکل ٹکٹ 14 اکتوبر سے دستیاب ہوں گے۔ تین ملکی ون ڈے انٹرنیشنل سیریز 18 سے 31 اکتوبر تک راولپنڈی اور لاہور میں کھیلی جائے گی۔ تین ملکی سیریز کے بعد پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دو ٹیسٹ میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلا ٹیسٹ 9 سے 13 نومبر تک راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔ دوسرا ٹیسٹ 17 سے 21 نومبر تک قذافی سٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔ ٹیسٹ سیریز کے ٹکٹ ٹی سی ایس ایکسپریس سینٹرز پر دستیاب ہوں گے۔ ٹیسٹ سیریز کے ٹکٹوں کی فروخت کی تاریخ بعد میں بتائی جائے گی۔

لاہور ریجن وائٹس نے قومی انڈر 19 چیمپئن شپ کے گروپ 'سی' میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ

لاڑکانہ ریجن کو 176 رنز کے واضح مارجن سے شکست دے دی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) لاہور ریجن وائٹس نے قومی انڈر 19 چیمپئن شپ کے گروپ 'سی' میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے لاڑکانہ ریجن کو 176 رنز کے واضح مارجن سے شکست دے دی۔ فراز کرکٹ گراؤنڈ، سیالکوٹ میں کھیلے گئے میچ میں لاہور وائٹس کے بیٹرز اور باؤلرز نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ لاہور ریجن وائٹس نے ٹاس کے بعد اپنی پہلی اننگز میں 277 رنز بنائے۔ علی کھوکھر نے 81 رنز جبکہ نوید ایوب نے 63 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔ لاڑکانہ ریجن کی جانب سے فیضان شبیر نے شاندار باؤلنگ کرتے ہوئے چار وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں لاڑکانہ ریجن کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 169 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ شاہجہان 35 رنز کے ساتھ نمایاں بیٹر رہے، جبکہ لاہور وائٹس کے تاج محمد نے تباہ کن باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے پانچ کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ یوں لاہور وائٹس نے پہلی اننگز میں 108 رنز کی قیمتی برتری حاصل کر لی۔ لاہور ریجن وائٹس نے اپنی دوسری اننگز میں بھی جارحانہ اور ذمہ دارانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور چار وکٹوں کے نقصان پر 230 رنز بنا کر اننگز ڈکلیئر کر دی۔ علی کھوکھر نے ایک مرتبہ پھر شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے ناقابلِ شکست 101 رنز کی سنچری اسکور کی، جبکہ پھول علی نے 50 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔ اس طرح لاڑکانہ ریجن کو کامیابی کے لیے 339 رنز کا مشکل ہدف ملا۔ ہدف کے تعاقب میں لاڑکانہ ریجن کی ٹیم لاہور وائٹس کے باؤلرز کے سامنے زیادہ مزاحمت نہ کر سکی اور دوسری اننگز میں 162 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔ تاج محمد نے دوسری اننگز میں بھی تباہ کن باؤلنگ کرتے ہوئے چھ وکٹیں حاصل کیں۔ انہوں نے میچ میں مجموعی طور پر 11 وکٹیں حاصل کر کے لاہور وائٹس کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔ میچ میں شاندار آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر علی کھوکھر اور تاج محمد کو مشترکہ طور پر مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ ٹیم منیجر مرزا عظمت بیگ نے صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد کی جانب سے دونوں کھلاڑیوں کو نقد انعام بھی دیا۔ صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد نے لاہور ریجن وائٹس کی شاندار کامیابی پر ٹیم کے کھلاڑیوں، کوچنگ اسٹاف اور مینجمنٹ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ قومی انڈر 19 چیمپئن شپ میں لاہور ریجن کے نوجوان کھلاڑیوں کی عمدہ کارکردگی خوش آئند ہے۔ انہوں نے بالخصوص علی کھوکھر اور تاج محمد کی شاندار انفرادی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوان کرکٹرز کی محنت، نظم و ضبط اور بہترین کھیل لاہور ریجن میں کرکٹ کے روشن مستقبل کی عکاسی کرتا ہے۔ خواجہ ندیم احمد نے اس امید کا اظہار کیا کہ لاہور ریجن وائٹس آئندہ میچوں میں بھی اسی جذبے، محنت اور تسلسل کے ساتھ کامیابیوں کا سفر جاری رکھے گی۔

PCB
23
The University of Lahore

ریجن انڈر 19 ونر ٹیم کے کھلاڑی انعام وصول کر رہے ہیں

پنجاب حکومت سکواش کی پروموشن کے لئے ہر سطح پر کام کرنا چاہتی ہے، عدنان اسد

پنجاب سکواش کمپلیکس کی بحالی خوشی کی بات ہے کہ نوجوان کھلاڑی اس عالمی معیار کی سہولت میں کھیل رہے ہیں

لاہور (عبدالقیوم سے) سندھ سکواش ایسوسی ایشن کے صدر عدنان اسد نے کہا ہے پنجاب حکومت سکواش کی پروموشن کے لئے ہر سطح پر کام کرنا چاہتی ہے۔ پنجاب سکواش کمپلیکس کی بحالی خوشی کی بات ہے کہ نوجوان کھلاڑی اس عالمی معیار کی سہولت میں کھیل رہے ہیں، سکواش کمپلیکس میں کھیلوں کی سرگرمیاں بحال ہوئی، سکواش کمپلیکس کی بحالی پنجاب حکومت اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی اہم کامیابی ہے، نوجوان کھلاڑیوں کو عالمی معیار کی کھیلوں کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ورلڈ سکواش لیجنڈ جہانگیر خان کی خواہش اور کوشش ہے کہ سکواش کو دوبارہ عالمی مقام حاصل کرے انکا مزید کہنا ہے کہ پاکستانی کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، انہیں مناسب سہولیات اور ماہر کوچنگ فراہم کرنا ضروری ہے، سپورٹس کی ترقی کے لئے میرٹ اور متعلقہ لوگوں کو آگے لانا ضروری ہے۔

TEA TREE
OAKMOSS
PEPPER
J.
VETIVER
BERGAMOT
VANILLA
OUD TOP NOTE

عدنان اسد وزیر کھیل اور جہانگیر خان سے شیلڈ وصول کرتے ہوئے

محمد رضوان نے این سی سی آئی اے کو تیسرا خط لکھ دیا، خط میں محمد رضوان نے

(آج) این سی سی آئی اے کے سامنے پیش ہونے کی تصدیق کر دی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستانی کرکٹر محمد رضوان نے این سی سی آئی اے کو تیسرا خط لکھ دیا، جس کی کاپی منظر عام پر آ گئی۔ خط میں محمد رضوان نے 2 اکتوبر کو این سی سی آئی اے کے سامنے پیش ہونے کی تصدیق کر دی۔ محمد رضوان نے کہا کہ مجھے آپ کا نوٹس موصول ہو گیا ہے، میں 2 اکتوبر کو انکوائری میں شامل ہونے کی تصدیق کرتا ہوں۔ رضوان نے این سی سی آئی اے سے مزید سوالات پر تفصیلات طلب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلے نوٹس میں آن لائن بیٹنگ اور جوا کھیلنے کے الزامات عائد کیے گئے تھے، عدالت میں ایجنسی کی جانب سے پیکا 2016 میں الیکٹرانک فراڈ کی دفعہ کا ذکر کیا گیا تھا۔ پاکستانی کرکٹر نے کہا کہ نئے نوٹس میں آن لائن بیٹنگ اور جوا کھیلنے کے الزامات کا ذکر نہیں، مبہم صورتِ حال واضح کی جائے، معاملات سمجھنے کے لیے مجھے چند سوالات پر وضاحت درکار ہے، کیا انکوائری کا تعلق اب بھی آن لائن بیٹنگ یا جوئے کے معاملے سے ہے؟ انہوں نے سوال کیا کہ پیکا 2016 کی کون سی مخصوص شقیں انکوائری سے متعلق ہیں؟ اگر پہلے نوٹس کے بعد انکوائری کا دائرہ کار تبدیل ہوا ہے تو موجودہ دائرہ کار سے تحریری طور پر آگاہ کیا جائے۔ محمد رضوان نے کہا کہ بیٹنگ اور جوئے کا الزام میرے کرکٹ کیریئر کی ساکھ کو متاثر کرنے والے الزامات سے جڑ گیا ہے، کیا انکوائری کے سلسلے میں پی سی بی، آئی سی سی کے اینٹی کرپشن یونٹ یا کرکٹ کے کسی دیگر متعلقہ ادارے کو آگاہ کیا گیا ہے؟ کیا پی سی بی یا آئی سی سی سے معلومات حاصل کی گئیں یا کوئی رابطہ کیا گیا؟ کرکٹر نے کہا کہ میرا موبائل این سی سی آئی اے کے پاس ہے، پاس ورڈ انگلینڈ اور پہلی پیشی پر فراہم کیا، میری موجودگی میں اس ڈیوائس کو دوبارہ کھولا اور جانچا گیا، مجھے اپنے موبائل کی ضبطی کی رسید، وارنٹ، کسٹڈی ریکارڈ یا مسلسل اپنے پاس رکھنے سے متعلق کوئی تحریری دستاویز فراہم نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ فورنزک معائنے کے سلسلے میں مجھ سے ذاتی طور پر مزید کس تعاون کی ضرورت ہے؟ فورنزک معائنہ بغیر کسی تاخیر کے مکمل کیا جائے اور میرا موبائل فوری طور پر واپس کیا جائے، مجھے تا حال نہیں بتایا گیا کہ دراصل مجھ پر الزام کیا ہے، میں کسی بھی قانونی انکوائری کے ساتھ مکمل تعاون اور معاونت فراہم کرنے کے لیے تیار ہوں۔

راشد لطیف کا ہائی پرفارمنس سینٹر کا دورہ، مختلف شعبوں اور ٹریننگ سہولتوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی

اسکوائر کی پچز میں اضافہ ہوا ہے اور سینٹر پچ پر بھی کھیلنے کی سہولت موجود ہے، بائیو مکینک لیب بہت ضروری ہے، راشد لطیف

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ کی دعوت پر سابق کرکٹرز کے نیشنل کرکٹ اکیڈمی کے دوروں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ سابق کپتان راشد لطیف نے ہائی پرفارمنس سینٹر کا دورہ کیا، جہاں ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے انہیں مختلف شعبوں اور ٹریننگ سہولتوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ عاقب جاوید نے کہا کہ سابق کرکٹرز کو ہائی پرفارمنس سینٹر بلانے کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے، سب سے پہلے راشد لطیف یہاں آئے ہیں، ہر ہفتے ایک سابق کرکٹر کو ہائی پرفارمنس سینٹر بلایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سابق کرکٹرز کو اکیڈمیز، ان کے طریقہ کار اور ٹریننگ کی سہولتوں سے آگاہ کرنا مقصد ہے، جبکہ ان سے فیڈ بیک اور بہتر مشورے بھی لیے جائیں گے، سابق کرکٹرز کی مشاورت سے کھلاڑیوں کو مزید بہتر انداز میں گروپ کرنے کا موقع ملے گا۔ راشد لطیف نے کہا کہ عاقب جاوید اور میں طویل عرصے تک ایک ساتھ کھیلتے رہے ہیں، میری دعوت پر ہائی پرفارمنس سینٹر کا دورہ کیا، نیشنل کرکٹ اکیڈمی میرے سامنے بنی اور میں یہاں ٹریننگ بھی کرتا رہا ہوں۔ انہوں نے ایل سی سی اے گراؤنڈ میں سہولتوں کی بہتری کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ اسکوائر کی پچز میں اضافہ ہوا ہے اور سینٹر پچ پر بھی کھیلنے کی سہولت موجود ہے۔

لاہور: وزیراطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کرتے ہوئے

مصطفیٰ کمال

لانگ مارچ سے کبھی کوئی فائدہ ہوا اور نہ آئندہ ہوگا

ماضی میں بھی کوئی اہداف حاصل نہیں ہوئے، لانگ مارچ سے کبھی کوئی فیصلہ بھی نہیں ہوا، مسائل کا حل لانگ مارچ نہیں، مل بیٹھ کر بات چیت ہے

پاک بھارت مئی کی جنگ ختم نہیں ہوئی، جنگ آج زیادہ خطرناک طریقے سے جاری ہے، روزانہ ہمارے جوان شہید ہو رہے ہیں، بھارت جنگ ہارنے کے بعد اب پراکسی جنگ لڑ رہا ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ملک لانگ مارچ کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مصطفیٰ کمال نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ لانگ مارچ سے کبھی کوئی فائدہ نہیں ہوا، ماضی میں بھی کوئی اہداف حاصل نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ سے کبھی کوئی فیصلہ بھی نہیں ہوا، مسائل کا حل لانگ مارچ نہیں، مل بیٹھ کر بات چیت ہے۔ پٹرولیم کی قیمتوں کی حوالے سے انہوں نے کہا کہ حکومت کی تبدیلی سے پٹرولیم مصنوعات سستی نہیں ہوں گی۔ انہیں نے مزید کہا کہ پاک بھارت مئی کی جنگ ختم نہیں ہوئی، جنگ آج زیادہ خطرناک طریقے سے جاری ہے، روزانہ ہمارے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر گوہر اعجاز ملاقات کر رہے ہیں

پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان کی ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے ملاقات

ملاقات میں صوبہ پنجاب میں اطلاعات وثقافت کے شعبہ سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

ثقافتی سرگرمیوں کو مزید مؤثر اور منظم انداز میں آگے بڑھانے کی ضرورت ہے، شازیہ رضوان

اسلام آباد (عباس ملک سے) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و ثقافت پنجاب شازیہ رضوان نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور اور صوبہ پنجاب میں اطلاعات وثقافت کے شعبہ سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پارلیمانی سیکرٹری شازیہ رضوان نے پنجاب میں فن وثقافت کے فروغ، فنکاروں کی فلاح و بہبود، ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ اور مثبت وتعمیری ثقافتی اقدار کے فروغ کے حوالے سے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ ملاقات کے دوران اس امر پر بھی گفتگو ہوئی کہ ثقافت اور فنونِ لطیفہ معاشرے میں مثبت سوچ، رواداری اور قومی یکجہتی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، لہٰذا ثقافتی سرگرمیوں کو مزید مؤثر اور منظم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

خواتین چھاتی کے سرطان سے بچاؤ کے لئے بروقت تشخیص کو ترجیح دیں، آصفہ بھٹو زرداری

50 سال سے زائد عمر کی خواتین کو سکریننگ خدمات کی حامل سہولیات پر باقاعدگی سے میموگرام پر غور کرنا چاہیے، گفتگو

بروقت تشخیص اور فوری علاج سے قیمتی انسانی جانیں بچائی جا سکتی ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) خاتونِ اول آصفہ بھٹو زرداری نے خواتین پر زور دیا ہے کہ وہ چھاتی کی صحت کو سنجیدگی سے لیں اور جسم میں کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر طبی مشورہ حاصل کریں، چھاتی کا سرطان قابل علاج مرض ہے جبکہ بروقت تشخیص اور فوری علاج سے قیمتی انسانی جانیں بچائی جا سکتی ہیں۔ صدارتی سیکرٹریٹ کمیڈیا ونگ کے مطابق جمعرات کو چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے مہینے کے آغاز پر اپنے پیغام میں خاتونِ اول نے کہا کہ ماہ رواں خواتین کو یہ یاد دلانے کا اہم موقع فراہم کرتا ہے کہ اپنی صحت کا خیال رکھنے کا مطلب اپنے جسم سے آگاہ رہنا اور کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کی صورت میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)



رائے ونڈ: کراچی سے لاہور آنے والی شالیمار ایکسپریس کے انجن کو حادثے کے بعد ٹریک سے ہٹایا جا رہا ہے

وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ کی سندھ ٹی وی کی 22 ویں سالگرہ پر انتظامیہ اور ورکرز کو مبارکباد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ نے سندھ ٹی وی کی 22 ویں سالگرہ کا کیک کاٹا اور انتظامیہ اور ورکرز کو مبارکباد دی۔ جمعرات کو یہاں وفاقی وزیر اطلاعات نے سندھ ٹی وی کی کامیابیوں اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پرنسپل انفارمیشن آفیسر رئیسہ عادل بھی موجود تھیں۔

ایف بی آر نے 9 ارب 41 کروڑ روپے کے ویلتھ اسٹیٹمنٹ فراڈ کا سراغ لگا لیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے 9 ارب 41 کروڑ روپے کے ویلتھ اسٹیٹمنٹ فراڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

مختلف قومی بچت سکیموں کی شرح منافع میں اضافہ، ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹ پر شرح منافع 11.80 فیصد ہوگئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت خزانہ نے مختلف قومی بچت سکیموں کی شرح منافع میں اضافہ کر دیا، اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹ پر شرح منافع میں 19 بیسس پوائنٹس کا اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد نئی شرح 11.80 فیصد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

وزارت مذہبی امور کا حج 2027 کیلئے اداروں اور نجی رجسٹرڈ کمپنیوں سے لیبر کوٹہ پر حج کی درخواستوں کی وصولی کا آغاز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت مذہبی امور نے حج 2027 کے لیے اداروں اور نجی رجسٹرڈ کمپنیوں سے لیبر کوٹہ پر حج کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

30 ستمبر تک ٹیکس جمع کرانے پر 5 فیصد رعایت، شہری آج ہی فائدہ اٹھائیں: نعمان خالد

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن شہریوں کو ٹیکس ادائیگی کے حوالے سے ہر ممکن سہولت فراہم کر رہا ہے

اسلام آباد (عباس ملک سے) ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن راولپنڈی نعمان خالد نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ 30 ستمبر 2026 تک واجب الادا ٹیکس بروقت جمع کروا کر 5 فیصد ٹیکس رعایت سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس دہندگان کے لیے رعایتی سہولت سے استفادہ کرنے کا آخری موقع ہے، اس لیے شہری کسی تاخیر کے بغیر اپنے ٹیکس واجبات جمع کروائیں۔ نعمان خالد نے کہا کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن شہریوں کو ٹیکس ادائیگی کے حوالے سے ہر ممکن سہولت فراہم کر رہا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

محمود خان اچکزئی اور مجھ سے حکومت کا کوئی رابطہ نہیں ہوا: علامہ راجہ ناصر عباس

اگست میں کہا تھا کہ 27 ستمبر کو احتجاج کے لیے نکلیں گے، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ محمود خان اچکزئی اور مجھ سے حکومت کا کوئی رابطہ نہیں ہوا، وزیراعظم نے 2 خط لکھے تھے ہم نے ان کو جواب دیا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ پہلی ملاقات کانسٹیٹیوشن روم میں ہو جائے، پھر جہاں بھی چاہے ہو، آپ بات چیت کریں، بہانہ یہ لایا جا رہا ہے کہ دہشت گردی ہے۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ بلوچستان میں کیا دہشت گردی نہیں؟ وہاں کیوں گورنر راج نہیں لگا رہے؟ آپ ایسا دباؤ ڈالتے ہیں کہ لوگ کوئی اعتراض ہی نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگست میں کہا تھا کہ 27 ستمبر کو احتجاج کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

پمز سانحہ، اندراج مقدمہ کی درخواست پر دلائل مکمل، فیصلہ محفوظ

جاں بحق بچوں کی دیت 50 لاکھ روپے جبکہ نرس کو ایک کروڑ روپے انعام دیا گیا، موقف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے پمز سانحہ کیس کی سماعت کے دوران اندراجِ مقدمہ کی درخواست پر دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ ایڈیشنل سیشن جج راجہ آصف نے کیس کی سماعت کی، جس کے دوران پولیس نے اندراجِ مقدمہ کی درخواست خارج کرنے کی استدعا کی۔ درخواست گزار ریاض حنیف کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے سوال اٹھایا کہ وزیرِ اعظم نے کس قانون کے تحت انکوائری کمیٹی قائم کی؟ کابینہ کی منظوری کے بغیر کمیٹی کی کوئی حیثیت نہیں۔ وکیل نے موقف اختیار کیا ہے کہ جاں بحق بچوں کی دیت 50 لاکھ روپے جبکہ نرس کو ایک کروڑ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے انجینئر فہد اعظم کی ملاقات

خیبر پختونخوا، بالخصوص چترال میں سیاحت کے وسیع مواقع موجود ہیں، گورنر فیصل کریم کنڈی

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے ڈائریکٹر نعمان بشیر اور چترال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر انجینئر فہد اعظم نے گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی۔ نعمان بشیر نے گورنر فیصل کریم کنڈی کو چترال میں منعقد ہونے والے تیسرے چترال ایکسپو کی اختتامی تقریب میں شرکت کی دعوت دی۔ انہوں نے خیبر پختونخوا میں آئندہ ہونے والے مختلف منصوبوں، پشاور جیمز ایکسپو اور سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اشتراک سے منعقد ہونے والے سیمینار سے متعلق بھی گورنر کو بریفنگ دی۔ گورنر فیصل کریم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے ڈائریکٹر نعمان بشیر ملاقات کرتے ہوئے

اسلام آباد، پمز ہسپتال کے گٹر بند ہونے سے بدبو آپریشن تھیٹر تک پھیلی ہوئی ہے، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیوریج سسٹم میں خرابی سے پمز اسپتال کی نئی عمارت کے بیشتر گٹر بند، واش رومز ناقابل استعمال ہیں، گٹر بند ہونے سے ناگوار بدبو آپریشن تھیٹر تک میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77 ویں سالگرہ پر چین کی قیادت اور عوام کو مبارکباد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77 ویں سالگرہ پر چین کی قیادت اور عوام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

ذمہ دار میڈیا اقوام کے درمیان اعتماد اور بین الثقافتی مکالمے کو فروغ دے سکتا ہے، وجیہہ قمر

غلط یا گمراہ کن بیانیے معاشروں کے درمیان فاصلوں، غلط فہمیوں اور عدم اعتماد کو بڑھا سکتے ہیں، وزیر مملکت

میڈیا معاشروں کے درمیان فاصلے بڑھا بھی سکتا ہے اور انہی فاصلوں پر پل بھی تعمیر کر سکتا ہے

ڈیجیٹل دور میں میڈیا لٹریسی کو تعلیم کا ایک اہم حصہ بنانا ہوگا

باکو (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت وجیہہ قمر نے کہا ہے کہ تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی اور ڈیجیٹل ماحول میں میڈیا کی ذمہ داری محض معلومات کی ترسیل تک محدود نہیں رہی بلکہ میڈیا اقوام کے درمیان اعتماد، سماجی ہم آہنگی اور بین الثقافتی مکالمے کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں منعقدہ پہلے سی آئی سی اے میڈیا فورم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ فورم کا مرکزی موضوع تقسیم شدہ دنیا میں میڈیا کے ذریعے اعتماد کا فروغ تھا جبکہ وجیہہ قمر نے سماجی ہم آہنگی اور بین الثقافتی مکالمے کے فروغ میں میڈیا کا کردار کے موضوع پر پاکستان کی نمائندگی کی۔ وزیر مملکت نے کہا کہ آج میڈیا صرف معلومات کا ذریعہ نہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

لاہور ہائی کورٹ

غلط مالی فائدہ وقت گزرنے سے قانونی حق نہیں بن جاتا

تیسرے شخص کے ملکیتی دعوے پر اصل مالک کو کرایہ دینے سے انکار نہیں کیا جا سکتا، رینٹ ٹربیونل کا تخلیے کا حکم بحال، مکان کا قبضہ فوری حوالے کرنے کی ہدایت

کرایہ دار یکطرفہ طور پر مالک مکان سے قانونی تعلق ختم نہیں کرسکتا' لاہور ہائیکورٹ نے ایل ایل بی کی بنیاد پر اضافی انکریمنٹ کا دعوی مسترد کر دیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ایم اے کے بعد ایل ایل بی کی بنیاد پر دوبارہ ایڈوانس انکریمنٹ لینے کے معاملے پر اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

GUJRAT CHA
OF COMME
INDUST
2026

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان گجرات چیمبر آف کامرس کے نومنتخب عہدیداروں سے حلف لے رہے ہیں

پنجاب اسمبلی میں کفایت شعاری، توانائی بچت کے اقدامات نافذ کر دیئے گئے

اخراجات میں کمی اور توانائی بچت کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں

لاہور (پارلیمانی رپورٹر) پنجاب اسمبلی میں کفایت شعاری، توانائی بچت کے اقدامات نافذ کر دئے گئے، اخراجات میں کمی اور توانائی بچت کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں تفصیلات کے مطابق پنجاب اسمبلی نے وفاقی حکومت اور قومی اسمبلی کی کفایت شعاری پالیسی کے تحت تین ماہ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ سے قبل پنجاب کے ارکان اسمبلی اور رہنما روپوش ہوگئے؟

جب بڑا لیڈر قیادت کرے تو حوصلہ ملتا ہے، اس وقت تذبذب کا شکار ہیں' کارکنوں کی گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے 4 اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کے اعلان پر خیبر پختونخواہ میں تیاریاں جاری ہیں تاہم پنجاب میں احتجاج کی قیادت کون کرے گا یہ سوال کارکنوں کے لیے سب سے بڑی الجھن بن گیا ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق کارکن لانگ مارچ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

کوٹ لکھپت جیل میں قیدی کی ہلاکت، 3 ڈی آئی جیز پر مشتمل انکوائری کمیٹی قائم

ڈی آئی جیز محسن رفیق، شوکت فیروز، نوید رؤ واقعے کی تحقیقات کا باضابطہ آغاز کر دیا

سیکرٹری داخلہ پنجاب نے زخمی قیدیوں کو بہترین طبی امداد فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) کوٹ لکھپت جیل میں قیدیوں کے مابین جھگڑے کے نتیجے میں ایک قیدی کی ہلاکت اور متعدد کے زخمی ہونے کے واقعے کا محکمہ داخلہ پنجاب نے نوٹس لے لیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق سیکرٹری داخلہ پنجاب نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اعلیٰ سطحی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے کسی رہنما کی ملاقات نہ ہوسکی

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) راولپنڈی اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے کسی بھی رہنما کی ملاقات نہ ہوسکی۔ اڈیالہ جیل پہنچنے والوں میں فیاض احمد ڈوگر، علی عبداللہ نیازی، رضوان مجید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

علیمہ خان سمیت 10 ملزمان کیخلاف 26 نومبر احتجاج کیس کا فیصلہ ایک بار پھر موخر

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) راولپنڈی کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے علیمہ خان سمیت 10 ملزمان کے خلاف 26 نومبر احتجاج کیس کا فیصلہ ایک بار پھر موخر کر دیا۔ کیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

سٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی بڑھتی تعداد سے کیپٹل مارکیٹ کی بنیاد میں وسعت کی عکاسی ہو رہی ہے، خرم شہزاد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی بڑھتی تعداد سے نہ صرف مارکیٹ میں وسیع تر شرکت بلکہ پاکستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

سہیل آفریدی کی کابینہ کے لوگ ہم سے رابطہ کرتے ہیں اور کہتے خدارا راستہ کالیں، عقیل ملک

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے قانون بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی اپنی کابینہ کے لوگ ہم سے رابطہ کرتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ خدارا کوئی راستہ نکالیں لیکن سہیل آفریدی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

کمشنر سوشل سکیورٹی ذوالفقار علی کھرل کی زیرصدارت اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) کمشنر سوشل سکیورٹی ذوالفقار علی کھرل کی زیرصدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں کنٹری بیوشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

2027 میں معاشی سرگرمیوں میں بہتری متوقع

ستمبر میں مہنگائی کی شرح 10 سے 11 فیصد رہنے کی توقع ہے' وزارت خزانہ

وزیراعظم فیول ریلیف سکیم کے ذریعے کم آمدنی والے گھرانوں کو ڈیجیٹل نظام کے تحت ہدف پر مبنی معاونت فراہم کی جا رہی ہے، رپورٹ

ستمبر 2026 میں مہنگائی کی شرح 10 سے 11 فیصد کی حد میں رہنے کی توقع ہے، مہنگائی کا رجحان بڑی حد تک عالمی تیل کی قیمتوں سے منسلک رہے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ مالی سال 2027 میں معاشی سرگرمیوں میں مزید بہتری متوقع اور بحالی کا عمل زراعت، صنعتی پیداوار اور نجی شعبے کے قرضوں تک پھیلنے کا امکان ہے، ستمبر 2026 میں مہنگائی کی شرح 10 سے 11 فیصد کی حد میں رہنے کی توقع ہے، مہنگائی کا رجحان بڑی حد تک عالمی تیل کی قیمتوں سے منسلک رہے گا۔ یہ بات وزارت خزانہ کی جانب سے جاری کردہ ماہانہ اقتصادی اپ ڈیٹ رپورٹ میں کہی گئی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم فیول ریلیف سکیم کے ذریعے کم آمدنی والے گھرانوں کو ڈیجیٹل نظام کے تحت ہدف پر مبنی معاونت فراہم کی جا رہی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج لگانا حکومت کی مزید نااہلی ہوگی' لیاقت بلوچ

حکومتی تاخیری حربوں پر سپر لانگ مارچ کا ملتان سے دوبارہ آغاز کر دیا جائیگا' نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (سٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ میں ایمرجنسی یا گورنر راج نافذ کرنا حکومت کی مزید نااہلی ہوگی، حکومت ایسا کر کے خود اپنی تباہی کو دعوت دے گی، آئین کے تحت ایسا اقدام اٹھانے کے لیے حکومت کے پاس کوئی حق یا بنیاد موجود نہیں۔ ایک انٹرویو میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان واپس آ گئے ہیں، انہوں نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

لاہور: صوبائی وزیر بلال یاسین کھلی کچہری میں براہ راست سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

خصوصی بچوں کیلئے ڈیجیٹل کتب خانے کے پائلٹ پروگرام کی تجویز

سیکریٹری سپیشل ایجوکیشن شعیب اقبال کی زیرصدارت برٹش کونسل کے نمائندگان سے اہم اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) خصوصی بچوں کو جدید اور معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے لاہور سے خصوصی تعلیمی اداروں میں جدید ڈیجیٹل کتب خانے کے پائلٹ پروگرام کے آغاز کی تجویز دی گئی ہے۔ سیکریٹری سپیشل ایجوکیشن شعیب اقبال کی زیرصدارت برٹش کونسل کے نمائندگان سے اہم اجلاس ہوا، جس میں خصوصی تعلیمی اداروں میں ڈیجیٹل تعلیمی مواد تک رسائی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں خصوصی طلبہ، والدین اور اساتذہ کو ڈیجیٹل تعلیمی مواد تک مفت رسائی دینے کی تجویز پیش کی گئی۔ خصوصی تعلیمی اداروں میں کیو آر کوڈز کے ذریعے ڈیجیٹل تعلیمی اور تحقیقی مواد تک مفت رسائی فراہم کرنے کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

پی آر اے کی ای آئی ایم ایس کے نفاذ کیلئے صوبہ بھر میں کارروائیاں جاری

2 روز میں 70 سے زائد ہوٹلز، ریسٹورنٹس اور مارکیز کو عدم نفاذ پر نوٹسز کا اجراء کیا گیا' ترجمان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب ریونیو اتھارٹی کی ای آئی ایم ایس کے نفاذ کیلئے صوبہ بھر میں کارروائیاں جاری ہیں جس کے تحت گزشتہ 2 روز میں 70 سے زائد ہوٹلز، ریسٹورنٹس اور مارکیز کو عدم نفاذ پر نوٹسز کا اجراء کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق پی آر اے انفورسمنٹ افسران نے متعدد ریسٹورنٹس کو نوٹسز کی خلاف ورزیوں پر جرمانے عائد کیے، آئی ایم ایس کے ذریعے کاروباری لین دین اور ٹیکس وصولی کے ریکارڈ میں شفافیت یقینی بنائی جائے گی۔ مقررہ سیلز حجم رکھنے والے کاروباری اداروں کیلئے ای آئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

غیر ملکی لڑکی سے مبینہ اجتماعی زیادتی کیس میں اہم پیشرفت

لاہور (سٹاف رپورٹر) غیر ملکی لڑکی سے مبینہ اجتماعی زیادتی کیس میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ لاہور میں غیر ملکی لڑکی کے ساتھ مبینہ اجتماعی زیادتی کے واقعہ میں ڈی این اے ٹیسٹ کیلئے متاثرہ لڑکی اور ملزمان کے سیمپلز لے لیے گئے۔ پولیس کے مطابق دونوں گرفتار لڑکوں کو سیمپلز کیلئے فرانزک لیبارٹری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

گورنر راج یا ایمرجنسی کی باتیں محض افواہیں، صدر مملکت قائل ہوئے تو فیصلہ کرینگے' سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل ہمایوں خان نے خیبر پختونخواہ میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ کی خبروں کو افواہ قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ صدر مملکت قائل ہوئے تو کوئی آئینی فیصلہ کریں گے، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

توہین عدالت کیس، عدالت کا ڈی جی ایف آئی اے کو دوبارہ مکمل رپورٹ کیساتھ پیش ہونے کا حکم

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ ہونے کے معاملے پر ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور کی جانب سے پیش کی گئی رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

60 یا زائد اسکور حاصل کرنیوالی مارکیٹ کمیٹیاں کیٹیگری "اے"، 60 سے کم اسکور والی کمیٹیاں کیٹیگری "بی" میں شمار ہوں گی، سلمیٰ بٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے فوڈ سیفٹی سلمیٰ بٹ کی زیرصدارت پنجاب ایگریکلچر مارکیٹنگ ریگولیٹری اتھارٹی (پامرا) کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری فوڈ سیفٹی ڈاکٹر کرن خورشید، ڈی جی پامرا ذیشان نصر اللہ، ڈپٹی سیکرٹری محمد خالد سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پنجاب کی مارکیٹ کمیٹیوں کی کارکردگی جانچنے کیلئے اسکورنگ میتھڈولوجی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

پاکستان اب دنیا میں پرامن ملک کے طور پر جانا جاتا ہے' گورنر پنجاب

سردار سلیم حیدر خان سے گوہر اعجاز کی ملاقات، تعلیم، صحت اور ملکی معیشت سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

نوجوان نسل ملک وقوم کا سرمایہ ہے ان کو آگے بڑھنے کے لیے بہتر مواقع مہیا کیے جانے چاہیے

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس میں سابق وفاقی وزیر اور گروپ لیڈر آپٹا ڈاکٹر گوہر اعجاز نے ملاقات کی۔ ملاقات میں تعلیم، صحت اور ملکی معیشت سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ عام شہری کو صحت و تعلیم سمیت بنیادی سہولتوں کی فراہمی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر دکھی انسانیت کی خدمت کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں۔ سابق وفاقی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

برازیل کی مارکیٹ سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے جامع حکمت عملی ناگزیر ہے' علی حسام اصغر

عالمی منڈیوں کے ساتھ دوطرفہ تجارتی تعلقات کا فروغ پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے

پاکستان کو لاطینی امریکی منڈیوں کو شعبہ وار اور مصنوعات کی بنیاد پر ہدف بنانا ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر نے کہا ہے کہ پاکستان کو برازیل کی مارکیٹ سے بھرپور فائدہ اٹھانے اور برآمدات بڑھانے کے لیے جامع، موثر اور شعبہ جات کی مطابقت سے حکمت عملی کی اشد ضرورت ہے، موجودہ تجارتی حجم دونوں ممالک کی صلاحیتوں سے مطابقت نہیں رکھتا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار لاہور چیمبر میں برازیل کے شہر ساؤ پالو میں پاکستانی سفارتخانے کے ٹریڈ کونسلر/ ہیڈ آف مشن ڈاکٹر بابر چوہان سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی، نائب صدر خادم حسین چوہدری، ایگزیکٹو کمیٹی ممبران ذوالفقار علی چوہدری، ساحر مشتاق، محمد یاسین، علی رضا، شہزاد علی شاہ، سید عظمت علی، اعجاز غوری، شاہ بہرام، محمد علی اور حماد محمود، سابق سینئر نائب صدر ناصر حمید خان، سابق ایگزیکٹو کمیٹی ممبران سید سلمان علی اور آسیہ سائل خان نے بھی اظہار خیال کیا۔ علی حسام اصغر نے کہا کہ عالمی منڈیوں کے ساتھ دوطرفہ تجارتی تعلقات کا فروغ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

ٹیکسٹائل برآمدات بڑھانے کیلئے عملی روڈ میپ پر کام کریں گے' اپٹا چیئرمین

ٹیکسٹائل برآمدات آئندہ دو سے تین سال میں 10 ارب ڈالر بڑھانے کی صلاحیت رکھتی ہیں' اسد شفیع

لاہور (سٹاف رپورٹر) اپٹا کے نومنتخب چیئرمین اسد شفیع نے ٹیکسٹائل برآمدات بڑھانے کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے عملی روڈ میپ پر کام کرنے کا اعلان کر دیا۔ اسد شفیع نے کہا کہ پاکستانی ٹیکسٹائل صنعت رواں سال مزید 3 ارب ڈالر برآمدات کر سکتی ہے، ٹیکسٹائل برآمدات آئندہ دو سے تین سال میں 10 ارب ڈالر بڑھانے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ اپٹا چیئرمین نے کہا کہ ٹیکسٹائل صنعت کو مسابقتی اور قابل پیش گوئی کاروباری ماحول فراہم کیا جائے، پاکستانی ٹیکسٹائل برآمدات میں ویلیو ایڈڈ مصنوعات کا حصہ 80 فیصد سے زائد ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپٹا برانڈز اور ریٹیلرز کو شامل کر کے پوری ٹیکسٹائل ویلیو چین کو ایک پلیٹ فارم پر لائے گی، پاکستان کو ٹیکسٹائل مصنوعات تیار کرنے کے ساتھ ڈیزائن اور عالمی سطح پر فروخت بھی کرنا ہوگی۔ اسد شفیع نے مطالبہ کیا کہ صنعتی صارفین کے لئے بجلی 7 سینٹ فی یونٹ، گیس کی قیمت 7 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو اور فنانسنگ لاگت 7 فیصد مقرر کی جائے۔ اپٹا چیئرمین نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل براہ راست سنے

موجودہ سیاسی صورتحال میں امن، استحکام اور معمولات زندگی کا تسلسل برقرار رکھنا ضروری ہے' وزیر ہاؤسنگ پنجاب

کم آمدنی والے خاندانوں کو گھروں کی تعمیر اور مرمت کیلئے قرضوں کے اجراء میں مزید تیزی لائی جائے گی' بلال یاسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین نے حلقہ انتخاب میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات اور مسائل براہ راست سنے۔ مختلف یونین کونسلز سے آنے والے عمائدین، شہریوں اور سائلین نے صوبائی وزیر کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر بلال یاسین نے متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری ازالے اور سرکاری اداروں سے متعلق شکایات کے حل کیلئے ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ بلال یاسین نے کہا کہ موجودہ سیاسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

پاور سیکٹر میں اداروں کے ساتھ حکومتی پالیسیوں کا بھی جائزہ لیا جائے' مدثر مسعود چوہدری

جوابدہی یکطرفہ نہیں ہونی چاہیے، پالیسی کے نتائج کی ذمہ داری بھی طے کی جائے' سینئر رکن پیاف انجم نثار گروپ

نگرانی و جائزے کو محض انتظامی سرگرمی کے بجائے عوامی پالیسی کے مسلسل عمل کا حصہ بنایا جائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے کہا ہے کہ پاور سیکٹر میں صرف اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے بجائے ان حکومتی پالیسیوں اور فیصلوں کا بھی موثر جائزہ لیا جانا چاہیے جن کے تحت یہ ادارے کام کرتے ہیں، مختلف اشاریے خامیوں کی نشاندہی تو کر سکتے ہیں تاہم وہ پالیسی کی موثریت کے بارے میں مکمل تصویر پیش نہیں کرتے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی پر ٹیرف، سبسڈی، سرمایہ کاری کی منظوری اور دیگر حکومتی فیصلوں کے اثرات کو بھی مدنظر رکھا جانا چاہیے۔ کسی ادارے کو نقصانات، ناقص ریکوری یا سرمایہ کاری میں تاخیر پر جوابدہ بناتے وقت اس کے اختیار اور دستیاب وسائل کا بھی جائزہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

وکلاء تعاون سے 50 سال پرانے کیسز کے فیصلے کر رہے ہیں' جسٹس شاہد وحید

وکلاء نے اس معاملے میں ہمارے ساتھ بہت تعاون کیا، امید ہے آئندہ بھی اسی طرح تعاون جاری رہے گا

ہمارے سامنے اس وقت سول نوعیت کے 1976ء کیسز چل رہے ہیں، ہم پچاس سال پرانے کیسز کے فیصلے کر رہے ہیں آپ لوگوں نے اس معاملے پر ہمارے ساتھ بہت تعاون کیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) سپریم کورٹ کے جج جسٹس شاہد وحید نے کہا ہے کہ لاہور رجسٹری میں ہمارے سامنے اس وقت سول نوعیت کے 1976ء کیسز چل رہے ہیں، ہم پچاس سال پرانے کیسز کے فیصلے کر رہے ہیں، وکلاء نے اس معاملے میں ہمارے ساتھ بہت تعاون کیا، امید ہے آئندہ بھی اسی طرح تعاون جاری رہے گا۔ پاکستان بار کونسل کی دعوت پر سپریم کورٹ کے ججز لاہور رجسٹری بار روم میں چائے کی تقریب میں شریک ہوئے، جسٹس شاہد وحید، جسٹس شاہد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

لاہور: معاون خصوصی وزیراعلیٰ برائے فوڈ سیفٹی سلمیٰ بٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

خیبر پختونخوا پولیس اور پی ای ایف یونیورسٹی کالج پشاور کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

یہ نشستیں دستیابی اور مقررہ تعلیمی معیار وشرائط پوری کرنے سے مشروط ہوں گی

دہشت گردوں سے نبرد آزما فورس کے جوان ریاست اور عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں نذرانے دے رہے ہیں، ذوالفقار حمید

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) خیبر پختونخوا پولیس اور پی ای ایف یونیورسٹی کالج پشاور کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔ خیبر پختونخوا پولیس کے اہلکاروں اور پولیس شہداء کے خاندانوں کی فلاح و بہبود، خصوصاً ان کے بچوں کو معیاری تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے سلسلے میں آج سنٹرل پولیس آفس پشاور میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں خیبر پختونخوا پولیس اور پی ای ایف یونیورسٹی کالج پشاور کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط ہوئے۔ آئی جی خیبر پختونخوا پولیس ذوالفقار حمید، ایڈیشنل آئی جی پی انوسٹی گیشن عالم شنواری اور ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز عباس مجید بھی اس موقع پر موجود تھے۔ مفاہمتی یادداشت پر خیبر پختونخوا پولیس کیجانب سے ڈی آئی جی ویلفیئر شیر اکبر خان جبکہ پی ای ایف یونیورسٹی کالج پشاور کی جانب سے انجینئر ہدایت اللہ خان نے دستخط کیے۔ مفاہمتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

ڈی آئی جی ویلفیئر شیر اکبر خان اور پی ای ایف یونیورسٹی کالج پشاور کے ڈائریکٹر انجینئر ہدایت اللہ خان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرتے ہوئے

پولیس خدمت مراکز سے رواں سال 37 لاکھ 59 ہزار سے زائد شہریوں نے مختلف خدمات حاصل کیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پولیس خدمت مراکز سے رواں سال اب تک 37 لاکھ 59 ہزار سے زائد شہری مختلف خدمات حاصل کر چکے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 13 لاکھ 29 ہزار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

گزشتہ ماہ ستمبر میں 41,472 ٹریفک حادثات میں 330 افراد جان کی بازی ہار گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری محکمہ ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ (ریسکیو 1122)، ڈاکٹر رضوان نصیر نے ستمبر 2026 کے دوران پنجاب بھر میں پیش آنے والے 41,472 روڈ ٹریفک حادثات میں 330 قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، منیجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

مری میں پرکشش سرکاری اراضی الاٹ کرنے کے بعد کرایہ کی وصولی نہ ہونے کا انکشاف

سابق دور میں سرکاری رقم کی وصولی کس کی ذمہ داری تھی سرکاری افسران کچھ نہ بتا سکے

واجب الادا رقم وصول کرکے سرکاری خزانہ میں جمع کرائی جائے' پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری کی ہدایت

لاہور (کورٹ رپورٹر) تحریک انصاف کے دور حکومت میں مری میں پرکشش سرکاری اراضی الاٹ کرنے کے بعد کرایہ کی وصولی نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے، سرکاری رقم کی وصولی کس کی ذمہ داری تھی سرکاری افسران کچھ نہ بتا سکے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری میں میونسپل کمیٹی میں مری میں پرکشش سرکاری اراضی کی کا کرایہ وصول کرنا کس کی ذمہ داری تھی سرکاری افسران اور منتخب نمائندے میں طویل بحث ہوئی۔ پی اے سی نے واضح ہدایات دیں کہ واجب الادا رقم وصول کرکے سرکاری خزانہ میں جمع کرائی جائے۔ کمیٹی نے مری میں پرکشش سرکاری اراضی کا کرایہ وصول کرنے والے سرکاری افسران کا تعین نہ ہونے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

لاہور: ایم ڈی ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں